Rs.20

ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

نومبر

## شفاء بالقران

## عجائب الاسرار

## سورہ اخلاص با موکل

## لوح تسخیر

## بروج کے باہمی تعلقات

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خوبصورت

# طلسمی لاکٹ

قیمت 1100 روپے

(خالص چاندی)

زندگی کے مختلف مسائل کے حل مثلاً تسخیر، شادی یا اولاد کا نہ ہونا، حصول رشتہ، میاں بیوی کی لڑائی، اولاد یا ولادت کے مسائل، صحت، خاتمہ امراض، طاقت و توانائی کا حصول، حافظے کی بہتری، امتحان میں کامیابی، مقدمے میں کامیابی، حصول رزق، حصول انعام و بانڈ وغیرہ، حصول نوکری، کاروبار میں کامیابی، ادائیگی قرضہ، حصول جائیداد، دشمنوں پر غلبہ اور دیگر معاملات

# طلسماتی انگوٹھی

ھدیہ 250 روپے

روحانی و جسمانی امراض کے لیے

free copy
رانمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

پبلشر و چیف ایڈیٹر

**شائستہ خالد راٹھور**

ایڈیٹر

**خالد اسحاق راٹھور**

فون

6374864 صرف دن 11 بجے تا شام 5 بجے تک

**email / internet**

kirathor@wol.com.pk

http://rehnuma-e-amalyat.webjump.com

آفس

مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور



قیمت

فی شمارہ 20 روپے

زر سالانہ 230 روپے ---- بیرون ملک 20 ڈالر

ترسیل زر

اندرون ملک بذریعہ منی آرڈر،

خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

بیرون ملک

For bank draft
Khalid Ishaq Rathor,
Account No.8735-6, National Bank of Pakistan, Civil Secretariat, Lahore, Pakistan
Phone 92-42-6374864


# وقت ملاقات

دن 11 بجے تا شام 5 بجے تک


| | |
|---|---|
| نومبر | قیمت 20 روپے |
| جلد 3 | شمارہ 9 |


**وقت کی پابندی کریں**

## وقت ملاقات

## دن ۱۱ بجے تا شام ۵ بجے

# فہرست مضامین


| | | | |
|---|---|---|---|
| اپنی بات | ۲ | برج عقرب | ۳۸ |
| کلید اسرار | ۳ | طلسمات محبت | ۴۴ |
| تسخیر پری | ۴ | روحانی تحائف | ۴۵ |
| ماھانہ حالات نومبر | ۶ | لوح تسخیر | ۴۶ |
| سندونی دیوی | ۱۱ | اسرار جفر | ۴۷ |
| ادائیگی قرض | ۱۲ | اسم اعظم | ۴۸ |
| خاص عمل | ۱۳ | کرشمہ رمل | ۴۹ |
| نجات سحر | ۱۴ | ڈھایا سفلی دشمن کے لیے | ۵۱ |
| عمل سورہ اخلاص باموکل | ۱۵ | مقصد میں کامیابی | ۵۱ |
| یکم محرم معلوم کرنے کا مستند فارمولا | ۱۶ | تقویم نومبر | ۵۲ |
| رسالہ عجائب الاسرار | ۱۸ | نظرات نومبر | ۵۳ |
| بروج کے باہمی تعلقات | ۲۱ | خالد روحانی جنتری نومبر | ۵۴ |
| سورہ فاتحہ و یسین سے مشکلات کا حل | ۳۱ | کوپن مفت سوال | ۵۴ |
| بارہ مصالحی سولہ سنگھار | ۳۵ | | |



پبلشر و چیف ایڈیٹر شائستہ خالد راٹھور نے الامین ٹریڈرز پرنٹرز ۲۵ ملک جلال دین وقف گیٹ روڈ سے چھپوا کر شائع کیا



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# اپنی بات

**قارئین کرام السلام علیکم**

خالد روحانی جنتری 2001 ماہ اکتوبر کے پہلے ہفتے میں مارکیٹ میں آئی۔ اس سلسلے میں دوستوں اور قارئین کے خطوط، ٹیلی فون اور ذاتی رابطے سے اس بات کا اندازہ ہوا کہ خالد روحانی جنتری 2001 کو بہت پسند کیا گیا ہے۔

میں یہاں ان سب دوستوں اور قارئین کا شکرگزار ہوں جنہوں نے پسندیدگی کا اظہار کیا۔

یہاں مجھے یہ بات تحریر کرنے میں بھی باک نہیں کہ وہ تمام مصنف دوست بھی خصوصی شکریے کے مستحق ہیں جن کی خوبصورت تحریروں نے خالد روحانی جنتری اور راہنمائے عملیات کو دوسرے پرچوں اور جنتریوں میں نمایاں مقام دیا ہے۔ (جنتری کے مضامین وغیرہ کی تفصیل الگ سے پرچے میں تحریر ہے)۔ اس امر کے باوجود کہ اس سال خالد روحانی جنتری کی سیل ایک ماہ سے بھی کم عرصے میں پچھلے سال کی کل سیل سے زیادہ ہوگئی ہے۔ میری تمام قارئین سے درخواست ہے کہ وہ میری غلطیوں، خامیوں اور اُن امور کی جن کی وہ پرچے یا جنتری میں کمی محسوس کرتے ہیں ضرور اطلاع دیں۔ آپ کی تعریف جہاں حوصلہ بڑھاتی ہے وہاں آپ کی تعمیری تنقید پرچے اور جنتری کے معیار کو بہتر بنانے میں حد درجہ معاون ہوتی ہے۔

بہت سے قارئین کا کہنا ہے کہ میری ذاتی تحریروں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے۔ سو یہ میرا وعدہ رہا کہ اگلے ماہ سے آپ کے لیے علم نجوم اور علم دست شناسی پر سلسلہ وار مضامین تحریر کروں گا۔ بالیقین عملیات کا موضوع بھی تختہ مشق ہوگا۔

میں بھی آپ کی طرح ایک انسان ہوں اور خطا کا پتلا بھی۔ سو اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب مسلمانوں پر اپنی رحمتیں اور فضل نازل فرمائے۔ ہماری غلطیوں اور خامیوں کو معاف فرمائے اور ہمیں صراط مستقیم اور ہدایت پانے والوں میں داخل فرمائے۔

دعا گو

**خالد اسحاق راٹھور**

ایڈیٹر راہنمائے عملیات۔

free copy
khalidrathore.com

# کلید اسرار

## گذشتہ سے پیوستہ

| ساعات شب | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر | اتوار | ہفتہ | ساعات شب |
| قمر | شمس | زحل | زہرہ | مشتری | عطارد | مریخ | اول شب |
| زحل | زہرہ | مشتری | عطارد | مریخ | قمر | شمس | سونے کا وقت |
| مشتری | عطارد | مریخ | قمر | شمس | زحل | زہرہ | میان شب |
| مریخ | قمر | شمس | زحل | زہرہ | مشتری | عطارد | |
| شمس | زحل | زہرہ | مشتری | عطارد | مریخ | قمر | بانگ مرغ |
| زہرہ | مشتری | عطارد | مریخ | قمر | شمس | زحل | صبح کاذب |
| عطارد | مریخ | قمر | شمس | زحل | زہرہ | مشتری | صبح صادق |

**زحل:** اس کی ساعات میں مکان بنانا اور شادی کرنی اور کھیتی کرنی اور نہر بنانی اور باغ لگانا اور دہقانوں سے کام لینا اور پوشیدہ کام کرنا اور طلسمات عداوت تیار کرنا۔ اور بیع وشر کرنا بہتر ہے۔ جو بچہ اس ساعت میں پیدا ہوگا عمر دراز اور صاحب دولت ہوگا۔ مگر اس ساعت میں حرکت کرنی اور فصد کھلوانی اور علاج شروع کرنا اور بادشاہوں سے ملاقات کرنا اور آلات حرب اور نیا کپڑا کترنا اور پہننا نہ چاہیئے۔

**مشتری:** اس کی ساعات میں تعویذات قضاء حاجت اور نقل و حرکت و سفر اور بادشاہوں کی ملاقات اور بڑے کاموں کی ابتداء اور نیا کپڑا کترنا اور پہننا اور بیع وشرا بہتر ہے۔ اور جو بچہ اس ساعت میں پیدا ہوگا نہایت صالح اور پاکیزہ روزگار ہوگا۔ اور فساد و جنگ کے کام اور مفسدوں سے ملنا اس ساعت میں نہ چاہیئے۔

**مریخ:** اس کی ساعت آلات حرب بنانے اور طلسمات اور شکار اور کپڑا کترنے اور فساد کرنے کے واسطے بہتر ہے اور ملاقات سلاطین اور نیا کپڑا پہننے اور طلب حاجت اور سفر و تجارت کے واسطے بہتر نہیں ہے اور جو بچہ اس ساعت میں پیدا ہوگا خون بہانے کا شوقین ہوگا۔

**شمس:** اس کی ساعت میں کارہائے عظیم کا کرنا اور نیا کپڑا کترنا اور پہننا اور خرید و فروخت اور طلسم و دوستی کرنا بہتر ہے اور جو بچہ اس ساعت میں پیدا ہوگا دراز عمر اور صاحب اقبال ہوگا۔ تجارت اور حرکت اور طلسم عداوت اس میں نہ چاہیئے۔

**زہرہ:** اس کی ساعت میں شادی کرنا اور محبت کے طلسمات لکھنا اور عورتوں سے ملاقات کرنا اور بیمار کا علاج کرنا اور نیا کپڑا کترنا اور پہننا بہتر ہے۔ اور جو بچہ اس میں پیدا ہو عیش پسند ہو گا۔ بچہ کو تعلیم دینا اور کارہائے عظیم کا شروع کرنا اور طلسم عداوت اس میں نہ چاہیئے۔

**عطارد:** اس کی ساعت میں بچہ کو تعلیم دینی اور نیا کام شروع کرنا اور نئی تعمیر بنانا اور کسب اور طلسمات الفت و محبت اس میں بہتر ہیں۔ اور جو بچہ اس میں پیدا ہوگا نہایت عقلمند اور عالم ہوگا۔ فصد و حجامت اور سیر و سفر اس میں نہ چاہیئے اور نہ نیا لباس پہننا اور آلات حرب و معالجہ بیمار اور کام فساد کرنا۔

**قمر:** اس کی ساعت پیغام شادی اور فصد و حجامت اور دوا کھانے اور اہل دولت سے ملنے اور سیر و سفر کے واسطے مفید ہے۔ اور نیا کپڑا پہننا بھی اس میں بہتر ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

**نوع دیگر:** غیر وقت میں مینہ برسانا یہ عمل بھی نہایت عجیب ہے اور برہمنوں میں بہت مشہور ہے۔ ایک ہرن کو پکڑ کے پانی میں اس قدر غوطے دے کہ وہ مر جائے پھر ایک سیاہ کتا پکڑ کے اس کو ایک مکان میں بند کر دے اور اس مردہ ہرن کا گوشت اس کو کھلائے اور جس پانی میں اس کو ڈبویا ہے وہ پانی اس کو پلائے پہلے روز یہ کتا بہت فریاد کرے گا اس کی طرف کچھ التفات نہ کرے اور ایک سیاہ بلی کو بھی بطریق مذکورہ پانی میں ڈبو کر اس کتے کو کھلائے اور پانی پلائے ایک روز بلی کا اور ایک روز ہرن کا یہاں تک کہ دس روز گذر جائیں۔ گیارھویں روز اس کتے کی آنکھیں بالکل منقلب ہو جائیں گی یہاں تک کہ کھول نہ سکے گا یہ صحت عمل کی علامت ہے۔ اس کے بعد برگ درخت میوسوس جو برگ سداب سے مشابہہ ہوتے ہیں اور شکل باقلے کے پھول ہوتا ہے۔ یمن اور ہندوستان میں یہ درخت بکثرت پایا جاتا ہے اس درخت کے تین اوقیہ پتے اس کتے کو دے فوراً وہ کھالے گا اور بہت فریاد کرے گا۔ اس وقت اس کے ہاتھ پیر باندھ کے ایک مٹی کی دیگ میں ڈال دے اور پانی بھر کے چولھے پر رکھ دے اور دیگ کے سر کو خوب مضبوط باندھ دے اور نیچے آگ روشن کرے یہاں تک کہ گل کر آٹا ہو جائے۔ پھر اس دیگ کو اتار کر ٹھنڈا کر کے دریا پر لے جائے یا کسی بڑے حوض پر پھر اس دیگ کو پانی میں اُلٹ دیا اور دیکھے کہ پہلے جو ہڈی پانی کے اوپر تیر کر آئے اس کو لے لے اور جو ہڈی اس کے بعد آئے اس کو بھی لے لے اور حفاظت سے رکھے پھر جس وقت مینہ برسانے کی ضرورت ہو ان دونوں ہڈیوں کو آسمان کے نیچے رکھے فوراً مینہ برسنا شروع ہوگا۔ پھر جب مینہ بند کرنا چاہے تو ان ہڈیوں کو اٹھا کر ایک کو دوسری پر ملے اور چھپا لے مینہ تھم جائے گا۔ یہ عمل مکرر تجربہ کیا گیا ہے۔

جاری ہے

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہو گئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

# تسخیر پری

از: شاهد الیاس سلیمی، وہاڑی۔

عملیاتی دنیا میں تسخیر ارواح کا باب ایک اہم اور نہایت مشکل ہے باوجود اس کے لاکھوں انسان یہ خواہش رکھتے ہیں کہ وہ کسی روح کو قبضہ میں لے کر اپنے امور میں اُس سے مدد لے سکیں۔ روح کی تقسیم تین طرح ہے۔

1- وہ ارواح جو صرف خبر دیتی ہیں۔

2- وہ ارواح جن کی تسخیر سے اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لی جاتی ہے۔

3- وہ ارواح جن کو بلا کر دوسروں پر بطور سزا مسلط کر کے نقصان یا پریشان کیا جاتا ہے۔

جن ارواح سے انسان تعلق پیدا کر سکتا ہے اُن کی چار مشہور اقسام ہیں:۔

1- انسانی ارواح (خواہ وہ پاک طینت ہستیوں کی ہوں یا ارواح خبیثہ۔

2- جنات 3- موکلات 4- ہمزاد ہے

1- خبر دینے والی ارواح میں موکلات ہیں روحانئیل یا اسم لطیف کا موکل اور جنات میں شاہ بکتانوش ہیں۔

2- جن ارواح کو مسخر کر کے دنیاوی امور میں مدد لیتے ہیں۔ نیک طینت ہستیوں میں حضرت خضرؑ یا دیگر پیغمبران یا شہدا اکرام یا اولیاء عظام کی ارواح، ہمزاد، پری جنات وغیرہ اور ارواح خبیثہ میں کالی دیوی، ہنومان، جوگنی، بھیروں، کلوا۔ انکا دیوی یا دیتی دیوئی اور سندوتی ہیں۔

تسخیر ارواح ہر کس و ناکس کے بس میں نہیں ہے نیز ہر شخص میں یہ قوت نہیں ہوتی یہی وجہ ہے کہ عمل عام ہونے کے باوجود اس کے عامل زمانہ بھر میں معدودے چند ہوتے ہیں کم ہمت اور غیر مستقل مزاج حضرات شوق سے عمل تو شروع کر بیٹھتے ہیں مگر اپنی فطرت سے مجبور ہو کر چند یوم بعد اُسے چھوڑ دیتے ہیں پھر نئے عمل اور عامل کی تلاش شروع کر دیتے ہیں اسی طرح وہ ساری زندگی یونہی سرگردان رہتے ہیں۔ موجودہ دور میں ہر انسان وہ پرہیز قائم نہیں رکھ سکتا جو ان اعمال کی تکمیل کے بعد بھی عامل کے لیے بے حد ضروری ہیں۔ بعض حضرات نے تسخیر ارواح کو بازیچہ اطفال سمجھ رکھا ہے۔ مدت کی ریاضت کے بعد اگر کامیابی ہاتھ آ جائے تو غنیمت ہے عمل شروع کرنے سے قبل اپنی قوت کا اندازہ کر لیں کہ آیا آپ عمل کر سکتے ہیں یا نہیں؟ یوں ہی اناپ شناپ عمل کر کے درمیان میں اُدھورا چھوڑ دینے سے سوائے وقت کے ضیاع اور اپنے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اگر واقعی آپ کسی عمل کا ارادہ رکھتے ہیں تو قوت ارادی مضبوط ہونا چاہیئے۔ جتنے یوم کا عمل ہے اتنے عرصہ کے لیے اہل خانہ یا متعلقین کی ضروریات زندگی کا خرچ انہیں دیکر پوری یکسوئی سے جہاں آپ نے عمل کرنا ہے کریں۔

اگر آبادی سے باہر کا عمل ہے تو ایسا انتظام کریں کہ آپ کی تنہائی میں کوئی مخل نہ ہو بہتر ہوگا ایک رازدار ساتھی جو پرہیزگار اور نمازی ہو کو ساتھ رکھیں تا کہ اگر کوئی شے کم ہو یا کسی قسم کی طلب ہو تو وہ فوراً مدد کرے۔ آج کی بزم میں ہم برسوں قبل کا آزمودہ عمل پوری صحت و تشریح سے بیان کر رہے ہیں امید ہے جو حضرات اسے کرنا چاہیں وہ اس سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکیں گے۔

تفصیل عمل:

1- عمل صرف اور صرف دریا کے کنارے ہی ہو سکتا ہے نہر یا تالاب یا چشمہ پر نہیں۔

2- عمل عروج ماہ میں ماسوائے محرم اور رمضان المبارک کے پہلے اتوار یا جمعرات کا دن گزار کر جورات آئے میں شروع کیا جاتا ہے۔

3- روزانہ عمل سے تھوڑی دیر قبل غسل کرنا ہوگا۔

4- روزانہ دو عدد تازہ لڈو اور دو روغنی روٹی اپنے پاس حصار کے اندر رکھیں گے۔

5- عمل روزانہ رات دس بجے پڑھنا ہوگا۔

6- حصار کے اندر چھری اور ایک چھڑی عمدہ اگر بتی جو بطور بخور سلگائیں گے رکھیں۔

7- مدت عمل صرف اکیس یوم ہے۔

8- چلہ کے دوران جو عجائبات نظر آئیں وہ صرف اپنے تک محدود رکھیں کسی سے ذکر نہ کریں۔ البتہ جس بزرگ سے اجازت لے کر عمل شروع کیا گیا ہے اسے بتا سکتے ہیں۔

9- روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی لازم ہے۔

10- ساتویں دن اگر خود پری حاضر ہو کر تسخیر ہونے کا اقرار کرتی ہے تو

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہو گئی ہے۔ آج ہی طلب کریں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عمل مکمل کرنے کے بعد ختم کردیں اب اکیس یوم کی پڑھائی کی ضرورت نہیں۔ لیکن اگر سات یا چودہ یوم میں وہ مسخر ہونے کا اقرار نہ کرے تو پھر کامل اکیس یوم تک پڑھائی کرنا ہوگی۔

-11 دوران چلہ ہر روز اگر کوئی لڈو اور روغنی روٹی طلب کرے تو اسے دے دیں ورنہ نصف روٹی اور نصف لڈو خود کھائیں اور باقی وہیں رکھ دیا کریں۔

-12 حصار کے لیے چاروں قل ایک ایک بار پڑھ کر دم کریں۔

-13 اگر تسخیر پری مقصود نہیں ہے بلکہ صرف ایک مقصد ہے کہ فلاں کام ہو جائے تو اور بھی بہتر ہے پری کی حاضری کے وقت اپنا وہ کام بیان کریں وہ کام ہو جائے گا۔ مثلاً مقدمہ میں کامیابی۔ مخصوص جگہ رشتہ طے پائے یا کمی رزق کی شکایت ہے تو وہ اس قدر مالی معاونت کرے گی کہ آپ شکایت نہ کریں گے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی خیال رہے کہ وہ مقصد دنیا بھر کی دولت اکٹھا کرنا نہ ہو اپنی جائز اور مناسب ضروریات کے پورا کرنے کا کہیں۔

-14 اگر تسخیر مقصد ہے تو پھر عہد و پیمان پورے ہوش سے کریں کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ اس کی سخت شرائط اس بات کے پیش نظر کہ پری میرے تسخیر ہے اب یہ کچھ نہ کر سکے گی تسلیم کرتے جائیں پھر تو بات وہی ہوگی　لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا　اس لئے کوئی ایسی شرط تسلیم نہ کریں جو بعد میں پورا کرنا مشکل ہو جائے۔ اس دوران یہ بھی طے کرلیں کہ پری کیا کیا کام کرے گی وہ صرف آپ ہی کام کرے گی یا خدمت خلق کے سلسلہ میں بھی مددگار ہوگی۔

-15 شرائط طے ہونے پر اس سے مسخر ہونے کی کوئی نشانی لیں اور حاضری کا طریق بھی دریافت کریں۔

-16 جب بھی حاضری کریں تنہائی میں کیا کریں کسی شخص کے سامنے طلب نہ کریں۔

-17 پری سے کوئی برا کام نہ لیں۔ مثلاً چوری یا غلط کام وغیرہ وغیرہ۔

-18 یہ عمل موسم سرما میں بہتر ہوگا کیونکہ گرمیوں میں دریا میں طغیانی کا خطرہ ہوتا ہے۔

**عمل: بسم الله الرحمن الرحم الحمد لله رب العالمين يا حي يا قيم مالك يوم الدين يا روف يا عطوف اياك نعبد واياك نستعين يا قادر اهدنا الصراط المستقيم يا مقتدر صراط الذين انعمت عليهم يا حكيم غير المغضوب عليهم يا هادي ولا الضالين آمين۔** عمل روزانہ 1000 بار پڑھنا ہے۔

میں نے تمام امور کھول کر بیان کر دیئے ہیں۔

## کیا آپ راھنمائے عملیات کے لیے مضمون تحریر کرنا چاھتے ھیں؟

**اگر ایسا ھے تو ادارہ آپ کو خوش آمدید کھتا ھے۔ تاھم آپ کا مضمون درج ذیل شرائط پر ضرور پورا اترنا چاھیے۔**

☆ اپنے مضمون کے علاوہ آپ سیاسی حوالے سے پیشن گوئی کرنا چاہیں تو الگ مضمون تحریر کر سکتے ہیں۔ کسی عام مضمون کو سیاسی رنگ نہ دیں۔

☆ خیال رہے مضمون کم سے کم ایک ماہ قبل مل جائے، ورنہ مطلوبہ وقت پر شائع نہ ہو سکے گا۔

☆ راھنمائے عملیات کو ارسال کیا گیا مضمون کسی اور ادارے، ماھنامے یا اخبار کو ارسال نہ کیا جائے۔

☆ سلسلہ وار مضمون کی کم از کم تین اقساط ضرور ارسال کریں۔

☆ عربی عبارتوں، موکل وغیرہ کے ناموں کو بمعہ اعراب تحریر کریں۔

☆ عمل کی وضاحت تفصیل سے کریں تاکہ قارئین با آسانی سمجھ سکیں۔

☆ مضمون پہلے سے شائع شدہ یا کسی کتاب سے اخذ شدہ یا نقل شدہ نہ ہو۔

☆ مضمون تحقیقی نوعیت کا ہو تو ہمیں خوشی ہوگی۔

☆ مضمون صاف ستھرا اور کاغذ کے ایک طرف تحریر ہو۔

☆ مضمون عام سائز کے تین سے سات صفحات تک تحریر کیا جا سکتا ہے۔

☆ مضمون فوٹو اسٹیٹ نہ ہو۔

☆ مضمون کو تحریر کرنے کے بعد ایک دفعہ ضرور اس کو پڑھ لیں تاکہ غلطی کا احتمال نہ ہو۔

☆ مضمون مذہبی حوالے سے قابل اعتراض نہ ہو۔

☆ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کا مضمون قابل اشاعت ہے یا نہیں، پتہ لکھا ہوا لفافہ ضرور ارسال کریں۔

**ادارہ**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہو گئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

ماہ نومبر

# ماھانہ حالات

از: شھباز انجم۔

| | |
|---|---|
| برج حمل | 21مارچ تا20اپریل |
| سیارہ | مریخ |
| حروف | ا،ل،ع،ی |

**1-8**

برج حمل کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج ثور اور برج عقرب والے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔اس ہفتے میں 4 تاریخ کا دن خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ قمر یورنس اور نپ چون کے ساتھ قران بنائے گا جو مادی معاملات میں اتار چڑھاؤ لے کر آئے گا۔6اور 7 تاریخ کو اخراجات کا سامنا ہوسکتا ہے۔گھر والوں اور رشتے داروں کی ضیافت کا موقع مل سکتا ہے۔

**9-15**

اس ہفتے کی 11تا14تاریخیں آپ کے حالات کو بہتری کی طرف لے کر جائیں گی۔خاص طور پر 13 تاریخ کا دن جب قمر مشتری کے ساتھ حالت قران میں ہوگا یہ آپ کو کسی کامیابی سے ہمکنار کرے گا۔اس دن اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ ہمسائے اور قریبی جاننے والے آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگے۔

**16-22**

اس ہفتے میں قمر شمس کے ساتھ چوتھے گھر کی نظر بنائے گا اور جو دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح پر اخراجات کروائے گا۔شادی شدہ حمل افراد کو اولاد کی صحت کی طرف سے پریشانی آسکتی ہے۔مریخ اور مشتری پانچویں گھر کی نظر بنائیں گے۔ازدواجی زندگی میں کامیابی حاصل ہوگی۔کسی نئے جگہ پراشتراک سے کام شروع کیا جاسکتا ہے۔اس ہفتے کی 20تا22 تاریخیں نحس ہیں۔

**23-30**

اس ہفتے میں شمس 23 تاریخ کو برج قوس میں داخل ہوگا اور مشتری سے مقابلہ کی نظر بنائے گا جو آپ کے لیے اندرون و بیرون ملک سفر کرنے میں دشواری لے کر آئے گا۔وہ حمل افراد جن کے ازدواجی امور التواء میں تھے اس ماہ میں اُن کو کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔30 تاریخ کا دن بھی خاصی اہمیت کا حامل ہوگا اس دن عزت و وقار اور معاشرتی ترقی کے بارے میں فکر لاحق ہوگی۔اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر2'3اور5ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج ثور | 21اپریل تا20 مئی |
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ب |

**1-8**

برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے ان کے اپنے ہی برج اور برج میزان والے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔اس ہفتے میں 2 تاریخ کا دن کافی مثبت تبدیلیاں لے کر آئے گا قمر یورنس اور نپ چون کے ساتھ قران بنائے گا جو کاروباری امور میں نشیب و فراز پیدا کرے گا۔5 تاریخ کو مریخ برج میزان میں داخل ہوگا جو ملازمت کے حصول میں کامیابی لائے گا۔

**9-15**

اس ہفتے کی 9تا12تاریخیں آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ان تاریخوں میں آپ کو مالی معاملات میں فائدہ ملے گا اور لوگ آپ کی مدد کریں گے۔9 تاریخ کو عطارد برج عقرب میں استقامت کی حالت میں آئے گا جو ازدواجی امور کی پریشانی کو کم کرے گا۔شریک حیات کے ساتھ حالات بہتر ہونگے۔

**16-22**

17 تاریخ کو قمر برج اسد میں داخل ہوگا۔آپ کے گھر والے آپ کی ازدواجی زندگی میں اہم کردار ادا کریں گے۔کسی جگہ منگنی' نکاح ہونے کے امکانات ہیں۔سیارہ مریخ کی برج میزان میں موجودگی صحت

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔آج ہی طلب کریں

کے معاملے میں پریشانی لائے گی۔ دوران سفر خاص طور پر احتیاط برتیں اور اپنے مزاج کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔

**23-30**

اس ہفتے کی 23 تا 25 تاریخیں نحس ہیں ان دنوں میں آپ کے روزمرہ معاملات میں رکاوٹ آئے گی۔ بعض معاملات حل ہوتے ہوئے رہ جائیں گے۔ 29 تاریخ کو قمر برج جدی میں داخل ہوگا اور زحل کو پانچویں گھر کی نظر سے دیکھے گا۔ جو آپ کے لیے مالی فائدہ لے کر آئے گا۔ سفر کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 1'4'6 ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج جوزا | 31 مئی تا 20 جون |
| سیارہ | عطارد |
| حروف | ک،ق |

**1-8**

برج جوزا کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج حوت اور برج سنبلہ والے افراد خاصی اہمیت کے حامل ہونگے۔ یہ آپ کے کیئریر اور عہدے/مرتبے میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ 5 تاریخ کو مریخ برج میزان میں داخل ہوگا اور آپ کی توجہ تعلیمی امور کے طرف مبذول کرے گا۔ مریخ اور زہرہ کی سعد نظر دوستوں اور ازدواجی امور میں فائدہ دے گی۔

**9-15**

اس ہفتے کی 10'12'13'14 اور 15 تاریخیں اہم ہیں۔ 9 تاریخ کو عطارد برج عقرب میں استقامت میں آئے گا۔ طبیعت میں پیدا بے چینی کو ختم کرے گا۔ دوران ملازمت کشیدہ حالات کو ختم کرے گا وہ افراد جن کی ملازمت جانے کا خطرہ تھا اب وہ خطرہ ٹل جائے گا۔ 11'12 تاریخ کو کچھ اخراجات کا سامنا ہوگا۔

**16-22**

اس ہفتے کی 19 تاریخ کو قمر برج سنبلہ میں ہوگا اور یہاں پر عطارد کے ساتھ سعد نظر بنائے گا اور حالات کو مثبت رخ کی جانب موڑ لے گا صحت بہتر ہوگی۔ 14 تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا کسی نئی جگہ انوسٹمنٹ کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ کاروباری افراد اپنے پارٹنر کے ذریعے دولت حاصل کرسکتے ہیں۔

**23-30**

اس ہفتے کی 25 تا 28 تاریخیں نحس ہیں ان دنوں میں اپنی مصروفیات کو کم کرنے کی کوشش کریں۔ 23 تاریخ کو شمس برج قوس میں داخل ہوگا۔ جو اندرون شہر سفر میں کامیابی لے کر آئے گا۔ رشتہ، منگنی اور نکاح کے لیے یہ مہینہ بہت اہم ہے۔ کسی نئی جگہ پارٹنر شپ کا موقع ملے گا۔

اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 7'5'3 ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج سرطان | 21 جون تا 20 جولائی |
| سیارہ | قمر |
| حروف | ح،ہ |

**1-8**

برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے ان کے اپنے ہی برج کے لوگ اور برج جدی والے افراد فائدے کا باعث بنیں گے۔ یہ آپ کی امیدوں کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہونگے۔ اس ہفتے کی 1 تا 3 تاریخیں اہم ہیں۔ 5 تاریخ کو مریخ برج میزان میں آئے گا اس لیے آپ کو اپنے گھریلو امور کی طرف خاص طور پر توجہ دینی چاہیئے۔

**9-15**

اس ہفتے میں 9 تاریخ کا دن خاصی اہمیت کا حامل ہوگا۔ سیارہ عطارد برج عقرب میں حالت استقامت میں آئے گا جو حالات کی کشیدگی کو ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ کسی جگہ سے اچانک فائدہ ملنے کے امکانات ہیں۔ تعلیمی اور تکنیکی کاموں کی طرف توجہ ہوگی اور سرطان افراد جو تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اُن کو فائدہ ملے گا 14 اور 15 تاریخیں بہتر نہیں ہیں۔

**16-22**

اس ہفتے کی 16 تا 18 تاریخیں آپ کے لیے فائدہ لے کر آئیں گی۔ بعض رُکے ہوئے کام نئے سرے سے شروع ہو جائیں گے۔ اس ہفتے میں سیارہ زہرہ برج جدی میں 14 تاریخ کو منتقل ہو جائے گا اور اس کی یہاں منتقلی شریک حیات سے محبت اور پسندیدگی کا اظہار لے کر آئے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کے لیے شادی کی خوشخبری لائے گا۔

**23-30**

23 تاریخ کو شمس برج قوس میں داخل ہوگا جو ملازمت کے حصول میں کامیابی لے کر آئے گا۔ اور آپ کے لیے روزگار کے دروازے کھلیں گے۔ وہ سرطان افراد جن کو آنکھوں کا مرض لاحق ہے اُن کو اس ماہ میں احتیاط کرنا چاہیئے۔ اس ہفتے کی 27 تا 30 تاریخیں نحس ہیں۔ اس ماہ میں آپ کا لکی نمبر 2 ہے۔

| | |
|---|---|
| برج اسد | 21 جولائی 20 اگست |
| سیارہ | شمس |
| حروف | م |

**1-8**

برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حمل اور برج میزان والے افراد فائدہ کا باعث بنیں گے۔ یہ آپ کے لیے

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اندرونِ بیرونِ ملک سفر کے حوالے سے بھی فائدہ دیں گے۔ اس ہفتے کی 2 تا 5 تاریخیں بہتر نہیں ہیں۔ البتہ اس ہفتے کی 8 تاریخ خاصی اہمیت کی حامل ہوگی لیکن کسی اہم فیصلے کو کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں۔

**9-15**

اس ہفتے میں 9 تاریخ کو سیارہ عطارد استقامت کی حالت میں آئے گا جو آپ کے گھریلو حالات پر چھائی افسردگی کو ختم کرلے گا۔ اور آپ کی ذہنی ٹینشن ختم ہوگی اور آپ کی زندگی میں کچھ سکون آئے گا۔ اس کے علاوہ 14 تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا اور یہاں یہ آپ کی صحت کی خرابی کا باعث بنے گا۔

**16-22**

اس ہفتے میں آپ کی مصروفیات بڑھیں گی اور 16 تا 19 تاریخیں آپ کے لیے مثبت نتائج مرتب کریں گی۔ ممکن ہے اس دوران آپ کو ملازمت بدلنے کا موقع ملے یا ذمہ داریوں میں کوئی تبدیلی رونما ہوگی جو مستقبل میں آپ کے لیے فائدہ کا باعث بنے گی ذرائع آمدن بھی ایک سے زیادہ ہوسکتے ہیں۔

**23-30**

اس ہفتے میں آپ کا رجحان زیادہ تر دوستوں اور سیر و تفریح میں رہے گا۔ اچانک دولت حاصل کرنے کا جنون بھی آپ کے سر پر سوار ہوگا۔ ریس، لاٹری اور انعامی سکیموں میں آپ کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ اس ہفتے کی 26 تاریخ خاصی اہم ہوگی۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 3، 6 اور 9 ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج سنبلہ | 21 اگست تا 20 ستمبر |
| سیارہ | عطارد |
| حروف | پ، غ |

**1-8**

برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج اسد اور برج عقرب والے افراد فائدہ کا سبب بنیں گے۔ اس ہفتے کی 5 تا 8 تاریخیں آپ کی روزمرہ زندگی کو سست کریں گی۔ اس دوران مختلف کاموں میں التواء آئے گا۔ البتہ ذرائع آمدن میں یکدم کوئی مثبت تبدیلی آنے کے امکانات ہیں۔

**9-15**

اس ہفتے میں 9 تاریخ کو عطارد برج عقرب میں حالت استقامت میں آئے گا جو آپ کے کاروباری حالات کو بہتر بنائے گا۔ مشتری اور مریخ کی نحس نظر کاروباری حالات کو نحوست کا شکار کرے گی اس لیے جلد بازی میں کوئی اہم فیصلہ کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں جس کا تعلق عزت، وقار، کاروبار سے ہو۔

**16-22**

یہ ہفتہ آپ کے لیے کافی مصروفیات لے کر آئے گا۔ 18 تا 21 تاریخیں فائدہ مند ثابت ہونگے لوگوں کی طرف سے بھرپور معاشرتی تعاون ملنے کی توقع ہے۔ 16 تاریخ کا دن آپ کوئی کوئی جذباتی فیصلہ کرنے پر مجبور کرے گا اس دن آپ کی طبیعت میں بے چینی رہے گی۔

**23-30**

اس ہفتے میں سیارہ شمس برج قوس میں داخل ہوگا اور مشتری سے مقابلہ کی نظر بنائے گا۔ قمر 26 تاریخ کو برج قوس میں داخل ہوگا گھر کی تعمیر و ترقی میں حصہ لینے کا موقع ملے گا۔ لیکن گھر کے افراد کے ساتھ انا پسندی کا رویہ نہ اپنائیں آپ کے لیے مشکلات آسکتی ہیں۔ اس ہفتے کی 25 تاریخ بھی خاصی اہم ہے۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 1، 4 اور 7 ہیں۔ ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج میزان | 21 ستمبر یا 20 اکتوبر |
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ر، ت، ط |

**1-8**

برج میزان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جدی اور برج سرطان کے تحت آنے والے افراد فائدہ کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتہ کی 6، 7، 8 تاریخیں اہم ہیں۔ 5 تاریخ کے بعد آپ کی ذہنی پریشانی کم ہونا شروع ہوجائے گی۔ 5 تاریخ کو مریخ برج میزان میں داخل ہوگا اور آپ کی طبیعت میں گرم مزاجی پیدا کرے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے۔

**9-15**

اس ہفتے میں 9، 10، 15 تاریخیں نحس ہیں۔ 14 تاریخ کو سیارہ زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا جو آپ کے گھر ہو ماحول میں خوشگوار تبدیلیاں لے کر آئے گا۔ سواری اور گھر خریدنے کے امکانات ہیں۔ آسائش پسند زندگی کی طرف راغب ہونگے۔ 11 اور 12 تاریخ کو ذہنی کیفیت کچھ زیادہ بہتر نہ ہوگی۔

**16-22**

اس ہفتے کی 20، 21، 22 تاریخیں آپ کے لیے فائدے کا باعث بنیں گیں۔ کسی طرف سے مدد ملنے کے امکانات روشن ہیں۔ 17 تاریخ کو قمر برج اسد میں آئے گا اور مشتری سے تیسرے گھر کی نظر بنائے گا وہ افراد جو سفر سے دلچسپی رکھتے ہیں اُن کو سفر کرنے کا موقع ملے گا بیرون ملک سفر کرنے کے امکانات روشن نظر آرہے ہیں۔

**23-30**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

اس ہفتے کی 23 اور 24 تاریخ اہم ہیں۔ 23 تاریخ کو شمس برج قوس میں داخل ہوگا اور یہاں پر مشتری سے مقابلہ کی نظر بنائے گا بعض قانونی معاملات میں رکاوٹ آنے کے امکانات ہیں اس کے علاوہ غیر ضروری معاملات میں الجھنے کی کوشش نہ کریں۔ سیارگان کی پوزیشن بہتر نہیں ہے۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 2 '4 اور 6 ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج عقرب | 21 اکتوبر تا 20 نومبر |
| سیارہ | پلوٹو/مریخ |
| حروف | ظ، ذ، ض، ز، ن |

**1-8**

برج عقرب کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج قوس اور برج جوزا والے افراد فائدہ کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتے میں 5 تاریخ کو سیارہ مریخ برج میزان میں داخل ہوگا۔ جو آپ کی پرانی یادوں کو تازہ کرے گا۔ اس کے علاوہ ذہنی انتشار پیدا کرے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ کچھ مشکلات لے کر آسکتا ہے۔

**9-15**

اس ہفتے میں آپ کے کاموں میں التوا آئے گا۔ 9 تا 12 تاریخیں بہتری کی حامل نہ ہونگی۔ 14 تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا یہاں اس کی موجودگی آپ کو پُر آسائش چیزوں کی طرف راغب کرے گی۔ لیکن ان کو خریدنے میں آپ کو کچھ مجبوریاں لاحق ہونگی۔ مریخ اور زہرہ کی نظر کوئی جذباتی فیصلہ کرنے پر مجبور کرے گی۔

**16-22**

17 تاریخ کو قمر برج اسد میں داخل ہوگا اور یہاں پر شمس اور عطارد کے ساتھ نظر بنائے گا جو آپ کو کاروبار اور روزگار سے متعلقہ امور میں تبدیلیاں لانے پر مجبور کرے گا لیکن جلد بازی میں کوئی اہم فیصلہ نہ کریں۔ اشتراکی کاروبار سے فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔

**23-30**

اس ہفتے کی 22 تا 25 تاریخیں سعد ہیں۔ یہ آپ کے لیے بہتری لے کر آئیں گی۔ 23 تاریخ کو شمس برج قوس میں داخل ہوگا یہاں اس کی موجودگی ذرائع آمدن سے متعلقہ اصطلاحات لے کر آئے گی۔ کسی جگہ سے فائدہ حاصل ہونے کی توقع ہے خاص طور پر کسی نئے کاروبار سے فائدہ ملے گا۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 3 '6 '9 ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج قوس | 21 نومبر تا 20 دسمبر |
| سیارہ | مشتری |
| حروف | ف |

**1-8**

برج قوس کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج عقرب اور برج ثور کے تحت آنے والے افراد آپ کے لیے فائدہ کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتے کی 4 اور 5 تاریخیں کافی اہم ہیں۔ 5 تاریخ کو سیارہ مریخ برج میزان میں داخل ہوگا اور مشتری سے سعد نظر بنائے گا وہ افراد جن کی شادی بیاہ کی بات چیت چل رہی تھی اب پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گی۔

**9-15**

اس ہفتے کی 12 تا 15 تاریخیں آپ کی راہ میں رکاوٹیں حائل کریں گی۔ جن کاموں کے نتائج مثبت انداز میں نکلنے کی امید ہے ان میں کچھ التوا آئیگا۔ 14 تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا اور زحل سے سعد نظر بنائے گا روزگار سے متعلقہ امور اور صحت بہتر ہوگی۔ غذا کے استعمال میں خاص طور پر احتیاط کریں۔

**16-22**

اس ہفتے میں 17 تاریخ کو قمر اور مریخ کی سعد نظر بنے گی۔ جو آپ کو دوستوں کی طرف سے فائدہ دے گی اور وہ افراد جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے خواہش مند ہیں ان کو عملی قدم اٹھانے کا موقع ملے گا۔ اس دن کیا گیا اہم فیصلہ آپ کے لیے مستقبل میں بہت بہتری لے کر آئے گا اور خوشحال آئے گی۔

**23-30**

اس ہفتے کی 26 '27 اور 28 تاریخیں اہم ہیں اس دوران آپ کو فائدہ ملنے کی توقع ہے۔ 23 تاریخ کو ذہنی تبدیلیاں رونما ہونا شروع ہونگی۔ طبیعت میں اشتعال انگیزی آئے گی اس لیے جلد بازی میں کوئی اہم فیصلہ نہ کریں۔ نقصان کا باعث ہوگا۔ 24 اور 25 کو سفر کرنا مناسب نہ ہوگا نقصان کا احتمال ہے۔

| | |
|---|---|
| برج جدی | 21 دسمبر تا 20 جنوری |
| سیارہ | زحل |
| حروف | ج، خ، گ |

**1-8**

برج جدی کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جوزا اور برج سنبلہ والے افراد فائدے کے سبب بنیں گے۔ اس ہفتے کی 1 '2 '3 تاریخیں بہتر ہیں۔ 5 تاریخ کو سیارہ مریخ برج میزان میں داخل ہوگا اور مشتری سے سعد نظر بنائے گا جو آپ کے لیے روزگار اور کاروبار سے متعلق امور میں بہتر لے کر آئے گا۔

**9-15**

اس ہفتے کی 12 '13 '14 اور 15 تاریخیں نحس ہیں۔ صحت اور ازدواجی زندگی کے حوالے سے مسائل ابھرنے کے چانس ہیں اس لیے

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

free copy khalidrathore.com

اپنے آپ کو غیر ضروری مصروفیات میں الجھانے کی کوشش نہ کریں سیارہ زہرہ 14 تاریخ کے بعد آپ میں سستی اور کاہلی پیدا کرنا شروع کرے گا اور نہ چاہتے ہوئے بھی کاموں میں التواء آئے گا۔

**16-22**

اس ہفتے کی 21 اور 22 تاریخیں خاصی اہم ہیں سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں ہوگی۔ قمر اور مریخ کا قران کاروباری حالات میں تبدیلیاں رونما کرے گا۔ گھریلو امور اور عزت و وقار کے حوالے سے سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔ ملازمت ملنے کے قوی امکانات ہیں۔

**23-30**

اس ہفتے کی 26 تا 29 تاریخیں بہتر ہیں۔ کامیابی حاصل ہو گی۔ 23 تاریخ کو شمس آپ کے لیے منفی اثرات مرتب کرے گا۔ اور اخراجات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ آسائشات پر اخراجات ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ صحت پر بھی اخراجات ہو سکتے ہیں۔ اس ماہ میں آپ کے لیے 2'3'5 لکی نمبر ہیں۔ ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج دلو | 21 جنوری تا 20 فروری |
| سیارہ | یورانس/زحل |
| حروف | س،ش،ث |

**1-8**

برج دلو کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج میزان اور برج ثور والے افراد خاصی اہمیت کے حامل ہونگے۔ اس ہفتے کی 2 تا 5 تاریخیں خاصی اہم ہیں۔ یہ ذہنی طور پر مثبت نشیب و فراز کا سبب بنیں گی۔ اسی ہفتے میں آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا برج میزان والے افراد آپ کے لیے فائدہ کا باعث بن سکتے ہیں۔

**9-15**

اس ہفتے کی 11 اور 15 تاریخیں اہم ہیں۔ 11 تاریخ کو زحل اور قمر قران بنائیں گے جائیداد کی خرید و فروخت کے معاملات زیر بحث آئیں گے اگر آپ جائیداد کا کچھ حصہ بیچنا چاہتے ہیں تو آپ کو اس ہفتے میں بیچنی چاہیئے۔ 14 تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا جو آپ کے لیے صحت کی خرابی کا باعث بن سکتا ہے۔

**16-22**

اس ہفتے کی 16'17'18 اور 20 تاریخیں نحوست کا باعث بنیں گیں بعض کاموں کے ہونے میں التوا آئے گا۔ راھو اور مریخ ذہنی پریشانی اور طبیعت میں گرم مزاجی پیدا کریں گے۔ وہ افراد جو اشتراکی کاروبار کرتے ہیں۔ اُن کو اس ماہ فائدہ حاصل ہوگا۔ 20 تاریخ کو صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں اس سفر میں احتیاط برتیں۔

**23-30**

اس ہفتے کی 29'30 تاریخیں آپ کے لیے بہتر ہیں لوگوں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ 23 تاریخ کو ازدواجی امور سے متعلق کاموں میں بہتری آئے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کو اس ماہ میں کسی اچھی جگہ سے رشتہ آ سکتا ہے۔ کسی دوست سے فائدہ ملنے کی توقع ملے۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 1'4'6 ہیں۔ ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج حوت | 21 فروری تا 20 مارچ |
| سیارہ | نیچون/مشتری |
| حروف | د، چ |

**1-8**

برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں ان کے اپنے ہی برج اور برج سنبلہ والے افراد فائدہ کا باعث بنیں۔ اس ہفتے کی 1'5'6'7 اور 8 تاریخیں آپ کے لیے بہتری لے کر آئیں گی۔ 4 اور 5 تاریخ زیادہ اہم اس لیے ہے کہ اس دن سیر و تفریح اور تعلیمی امور پر اخراجات بھی ہو سکتے ہیں۔

**9-15**

اس ہفتے کی 10 اور 14 تاریخ اہم ہے۔ 14 تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا جو جنس مخالف اور قریبی جاننے والوں سے وابستہ امیدیں پوری کرے گا۔ شمس عطارد اور زہرہ کی تیسرے گھر کی نظر بنے گی جو تعلیمی اور کاروباری لحاظ سے آپ کو فائدہ دے گی۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ ان کو کامیابی ملے گی۔

**16-22**

اس ہفتے کی 18 تا 21 تاریخیں آپ کے کاموں میں رکاوٹ لے کر آئیں گی۔ ذہنی پریشانی کا سبب بنیں گیں۔ ان تاریخوں میں کوئی جذباتی فیصلہ نہ دیں اور کسی بڑی جگہ پر سرمایہ کاری نہ کریں۔ آپ کو نقصان کا سامنا ہوگا۔

**23-30**

اس ہفتے کی 23 اور 28 تاریخ اہم ہے۔ 23 تاریخ کو ملازمت سے متعلق امور میں کامیابی حاصل ہوگی۔ عزت وقار میں اضافہ ہو گا۔ لیکن گھر والوں کے ساتھ انا پسند رویہ آپ کے لیے کچھ تعلقات میں خرابی پیدا کرے گا۔ اس لیے اپنے رویے میں لچک پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ 28 تاریخ کا دن آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 3'5'7 ہیں۔ ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

free copy
khalidrathore.com
Lumitech Document Processing Solutions

از: مجید الماس، کراچی۔

# سندونی دیوی

ملکہ سندونی دیوی کی تسخیر یوں ہے۔ یہ دراصل آدھی ہندو ہے اور آدھی بدھ مت۔ کیونکہ جس مرد نے اس کے ساتھ شادی کی تھی وہ دراصل جاپان کا رہنے والا تھا۔

دوسرے اس میں صفت یہ ہے کہ اگر آپ نے اُس سے مذاق سے بھی کہ دیا وہ عورت مجھے بہت اچھی لگتی ہے۔ جواب ملتا ہے اگر اچھی لگتی ہے تو لادوں۔

یہ دیوی طاقت کی چیزیں اور ممسک دوائیاں جڑی بوٹیاں بھی لا کر دیتی ہے۔ آپ مجھے دیکھیں گے 65 سال کی عمر میں ایسا لگتا ہوں جیسے تیں پینتیس سال کا ہوں خالد راٹھور صاحب نے مجھے دیکھا ہے اُن سے آپ میرے صحت پوچھ سکتے ہیں۔

اس کی حاضرات بہت اعلیٰ قسم کی ہے دنیا میں یہ پہلی حاضرات ہے جسے میں پسند کرتا ہوں۔ ہر جائز و ناجائز سارے کام پورے کرتی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ اس کو ہر وقت مسکراتے دیکھو گے۔ شرارتیں بہت کرتی ہے۔ آپ اگر بیٹھے کام کر رہے ہیں آپ کے پاس مسکراتی بیٹھی رہے گی۔

جب کام سے فارغ ہوئے نہیں بس پھر کبھی آپ کو گدگدی کرے گی کبھی جان بوجھ کر دھکا دے دے گی گر خود پڑے گی الٹا آپ کو کہے گی آپ نے مجھے گرا دیا ہے۔ اگر آپ کی بیوی ہے بچوں کو کچھ نہیں کہے گی لیکن آوازیں سنے گی میرے بچوں کو امتحان کے پرچے حل کروائے گی اور لاکر دے گی۔ ہندو حاضرات بھی قرآن کی آیتوں سے ہوتی ہے۔ ہندو حاضرات یا تسخیر ہندو منتروں سے ہی ہوگی جو لوگ کہتے ہیں کہ درود ابراہیمی اتنی بار پڑھو حاضر ہوتی ہے یہ سب غلط ہے اس کا اصل واقع میں لکھ رہا ہوں۔

واقع کچھ یوں ہے کہ یہ ۱۴ برس کی خوبصورت لڑکی تھی جو کتابوں میں بھی لکھا ہے اور میرے استاد اس وقت انڈیا میں تاحیات ہیں میں نے اُن سے پوچھا کہ یہ واقع صحیح لکھا ہے کہ غلط انہوں نے فرمایا واقع بالکل صحیح ہے کیونکہ ہم لوگ ہندو ہیں ہمیں خدا کا خوف ہے۔ صحیح قصہ ہے۔

ہوا یوں کہ سندونی کے والد نے کسی ضروری کام کے لئے اپنے مندر بھیجا۔ وہاں پر گرو مندر میں اکیلا ہی تھا چیلے وغیرہ نہ تھے۔ خوبصورت بہت تھی۔ سیتا بھی بہت خوبصورت تھی۔ ہریارام اُس کی خوبصورتی دیکھ کر رہ نہ سکا رہ اور اپنی ہوس کی پیاس بجھالی بس تب سے اب تک اس کی ہوس پوری نہیں ہوتی۔

**عمل:**

## روم ھرینگ ۔ کلینک شرنگ سوھا

یہ بہت تیز عمل ہے۔ یہ دل گردے والے آدمی کا کام ہے۔ ایرا غیرا اس کو تسخیر نہیں کر سکتا۔ میں نے کئی کتابوں میں پڑھا کہ سندونی دیوی کا عمل کیا مگر جڑی کا بچہ تک تسخیر نہیں ہوا۔ لوگ صرف عامل لوگوں کو بیوقوف بناتے ہیں اور عامل بن جاتے ہیں اور اپنی صرف مشہوری کرتے ہیں۔

یہ عمل صرف پانچ الفاظ پر مشتمل ہے۔ زندہ عمل ہے۔ اس کا ورد ہر روز بیس ہزار بار تیس دن تک کیا جاتا ہے۔ اور آخری دن دودھ کی کھیر پکا کر دو ہزار عمل کا ورد پڑھ کر دم کر لے۔ بچوں میں تقسیم کر لے۔ آخری دن سندونی دیوی ایک موتیے کا ہار ہاتھوں میں تھامے مسکراتی آپ کے سامنے ہوگی۔ اس سے بات نہیں کرنی اُس دن ایک خوشبودار بہترین بستر آپ کے کمرے میں بچھا ہونا چاہئیے۔ عطر کی خوشبو بستر پر لگا دیں۔ تکیے کے اوپر ایک طرف گلاب کے پھولوں کا ہار دوسری طرف گیندے کا ہار رکھا ہو۔ اب آپ ۱۲ بار عمل پڑھ کر بستر میں لیٹ جائیں۔


علم الحروف
قیمت 100 روپے

تل شناسی
قیمت 40 روپے


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# ادائیگی قرض

از: رفعت اشفاق چوھان، گوجرانوالہ۔

بعض اوقات بے کسی اور مجبوری کی حالت میں جو قرض لیا جاتا ہے وہ قرض معمولی سی تگ و دو کرنے کے بعد ادا ہو جاتا ہے۔ لیکن ہمارے بعض دوست احباب اپنی جھوٹی شان و شوکت بنانے کے لیے قرض لیتے ہیں۔ اپنی محدود آمدنی میں گزارہ کرنے کی بجائے لوگوں میں اپنی حیثیت کو معتبر بنانے کے لیے اپنے اخراجات بڑھا لیتے ہیں۔ بیوی کی فرمائش ہوتی ہے کہ مکان میں گرمی بہت ہے ایئر کنڈیشنر لگوا دیں پھر فرمائش ہوتی ہے میرے سرتاج کام بہت زیادہ ہوتے ہیں گھر میں ملازمہ کا بندوبست کر دیں۔ دیگر فرمائشیں بھی ہوتی ہیں کہ میرے فلاں سہیلی کے میاں نے نئی گاڑی خریدی ہے۔ فلاں سہیلی ہر سال بعد گاڑی بدلتی ہے ہمیں دس سال ہو گئے ہیں ایک ہی کھٹارا گاڑی میں سفر کرتے ہیں میاں بیچارے کی بھی مجبوری ہوتی ہے کہ اگر بیگم کی فرمائش پوری نہ کی تو بیگم صاحبہ ناراض ہو جائیں گی۔ بندہ خدا یہ نہیں سوچتا کہ یہ جھوٹی شان و شوکت سے وقتی طور پر دوستوں عزیزوں میں جھوٹی عزت تو بن جائے گی لیکن جو قرض پر قرض اُٹھا رہا ہوں وہ کیسے ادا کروں گا۔

ایسے افراد نے کم آمدنی میں گزارہ کرنے کی بجائے اپنے اخراجات کی رفتار آمدنی کی رفتار سے کئی گنا بڑھا دی ہوتی ہے جس وجہ سے بعد میں دوستوں میں ذلیل و خوار ہوتے ہیں ایسے افراد کو شیطان کا ساتھی کہا گیا ہے کیونکہ فضول خرچ شیطان کا ساتھی ہوتا ہے۔

بعض اوقات ایک قرض چکانے کے لیے دوسرا قرض حاصل کر لیتے ہیں اور یہ سلسلہ انہیں بالآخر سود خوروں کے دروازے تک پہنچا دیتا ہے۔ اس طرح قرض کے ادا ہونے کے تمام دروازے بند ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ جتنا قرض ادا کریں گے اُس سے زیادہ سود بنا ہو گا اور بے چارے ناعاقبت اندیش لوگوں کی سب پھوں پھاں مٹی میں ملنا شروع ہو جاتی ہے۔ گاڑی بک جاتی ہے۔ گھر کا سامان بیچنا شروع کر دیتے ہیں بہوئیں میکے جا چکی ہوتی ہیں بیٹیاں طلاق حاصل کر کے پہنچ چکی ہوتی ہیں۔ کیونکہ یہ رشتے جھوٹی شان و شوکت کی بنا پر ہوئے ہوتے ہیں اس لیے جب رشتہ داروں کو حقیقت کا ادارک ہوتا ہے تو رشتہ دار اُن سے منہ موڑنا شروع کر دیتے ہیں اور بالآخر ذلیل ہونا اُن کا مقدر ہو جاتا ہے۔

ایسی صورت احوال کے لیے آپ کے سامنے اپنا بے حد مجرب عمل پیش کر رہا ہوں انشاءاللہ آپ کی قرض کی پریشانیوں کا مداوا ہو گا۔

**عمل:**

تیاری عمل میں ہم سورہ بقرہ کی آیت ۲۱۲ سے مدد لیں گے۔ جب کسی نے اپنے لیے عمل تیار کرنا ہو تو اپنا نام لکھ کر ابجد قمری سے اعداد حاصل کریں۔ دوسرا اپنے مطلب کے اعداد شامل کریں۔ اور پھر آیت کے اعداد شامل کر کے مربع نقش تیار کریں۔ نقش کے چاروں طرف آیت مبارک لکھ دیں نقش کو گلے میں ڈال لیں یا دائیں بازو پر باندھ لیں۔ پھر روزانہ عشاء کی نماز کے بعد وقت مقررہ پر آیت ۲۰۷۴ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ جلد اللہ تعالیٰ غیب سے آپ کے قرض اُتارنے کا بندوبست فرما دیں گے۔ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے یا رحمٰن یا رزاق کا ورد رکھیں۔ ان تمام امور کو سمجھانے کے لیے آپ کے لیے مثال حاضر خدمت ہے۔ غور فرمائیں۔

**مثال:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| طالب | عاشق حسین بن---------- | اعداد | ۵۹۹ |
| مطلوب | ادائیگی قرض | اعداد | ۱۱۴۶ |
| آیت | واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب | اعداد | ۲۰۷۴ |
| کل | | میزان | ۳۸۱۹ |

اب ہم نے عاشق حسین کے لیے ادائیگی قرض کے لیے نقش بنانا ہے۔ قانون مربع کے مطابق ہم ۳۸۱۹ سے ۳۰ عدد کم کریں گے۔

۳۸۱۹-۳۰=۳۷۸۹

اب ہم ۳۷۸۹ کو چار پر تقسیم کریں گے تو ہمیں ۹۴۷ حاصل ہوا اور باقی ایک بچا اب ہم ۹۴۷ سے نقش مربع بھریں گے اور خانہ ۱۳ میں ایک عدد کا اضافہ کریں گے۔

باقی صفحہ نمبر ۳۷

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# خاص عمل

**از: ایم مصدق قریشی' ایبٹ آباد۔**

بندہ قارئین راہنمائے عملیات کے فائدے کے لیے اس عمل کو پیش کر رہا ہے۔ بندہ نے عمل کیا تھا۔ مگر چند ناگزیر وجوہات کی وجہ سے چھوٹ گیا تھا۔ بندہ نے بہت سے فوائد اس عمل سے حاصل کیے۔ جو محنت کرے گا فائدہ اُٹھائے گا۔ عقل مند کے لیے اشارہ کافی ہے۔

## تشریح عمل:

نوچندی جمعرات سے بعد از نماز عشاء اس عمل کو شروع کریں۔ اول دو رکعت نماز نفل بہ نیت قبولیت عمل پڑھو۔ اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف تین تین مرتبہ قل شریف پڑھو۔ بعد از سلام گیارہ بار درود شریف اور پھر تین سو مرتبہ عمل۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف چالیس روز روزانہ یہ عمل پڑھیں جس طرح میں نے اُوپر لکھا ہے۔ بعد از چالیس روز روزانہ عمل ۱۰۱ مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ نفل روزانہ پڑھنے ہوں گے۔ فرق صرف یہ ہوگا کہ دوران زکوۃ میں عمل بعد از نماز عشاء پڑھنا ہوگا۔ بعد از زکوۃ عمل وتروں سے قبل عمل پڑھنا ہوگا۔ دوران زکوۃ چالیس دن تک گائے کا گوشت' مچھلی' لہسن' پیاز' مولی نہ کھائے۔ پھر زکوۃ ادا کرنے کے بعد عمل روزانہ پڑھے۔ (۱۰۱ مرتبہ)۔ مگر پرہیز کی ضرورت نہ ہے۔ صرف جھوٹ' گالی' غیبت سے پرہیز کرے۔ اب عمل اس طرح ہوگا۔ نام میں جو اول حرف ہے۔ اُسی کے مطابق اللہ کا نام تلاش کرو۔ اور اس اسم اللہ کا موکل بناؤ۔ اس موکل کو سورۃ قل شریف میں قل اللہ احد اور اللہ الصمد کے درمیان لگاؤ۔ بس اس طرح سورۃ شریف پڑھے۔ (زکوۃ میں روزانہ تین سو مرتبہ۔ بعد زکوۃ روزانہ (۱۰۱) مرتبہ پڑھے مثال کے طور پر خدا کے اسم کا موکل اسرافیل بنا تو اس طرح پڑھیں۔

**قل ھو اللہ اَحد یا اسرّافیل اللہ الصمد**

نوٹ: اس عمل کا موکل سامنے نہیں آتا۔ مگر غائبانہ طور پر ہر کام کرتا ہے۔ ہر حال کی خبر دینا' ہر کام کی تدبیر' ہر مرض کی دوا بتانا۔

## عمل خاص الخاص

یہ عمل ۱۹۴۸ کے ماہنامہ رسالہ روحانی عالم میں شائع ہوا تھا۔ بندہ نے اس عمل کو بہت مجرب پایا۔ اس لیے ناظرین راہنمائے عملیات کے لیے پیش خدمت ہے۔

یہ عمل قیدی کی رہائی اور تلاش گمشدہ کا پتہ ملنے کے واسطے مجرب ہے۔ اس کا اثر اگر عمل صحیح کیا جائے تو خالی نہیں جاتا۔

عامل اپنا نام لکھ کر اسم یا ودود اور آخر میں قیدی یا گمشدہ کا نام لکھے اور ہر نام کے نیچے ہر حرف کے اعداد لکھیں۔

مثال: عامل کا نام خالد ہے۔ قیدی یا گمشدہ کا نام زید ہے تو صورت یہ ہوگی۔

خالد: ۶۰۰-۱-۳۰-۴ ودود: ۶-۴-۶-۴ زید: ۷-۱۰-۴

ایک سطر بنائی ۶۰۰-۱-۳۰-۴-۶-۴-۶-۴-۷-۱۰-۴

ان اعداد کو اس طرح ضم کرو کہ ایک عدد داھنی طرف کا ایک عدد بائیں طرف کا ملا کر دوسرے سطر بناؤ۔ جو اس طرح ہوئی۔

۴-۶۰۰-۱۰-۳۰-۷-۴-۴-۶-۴-۶

جس کاغذ پر عمل کیا ہو اس تمام کاغذ کا فتیلہ بناؤ۔ نام بھی ہوں۔ پہلی سطر بھی ان اعداد کی۔ دوسری سطر ضم شدہ بھی جس کام پر یہ عمل کیا ہو اس پر شروع میں بسم اللہ لکھ لیں۔ فتیلہ بنانے کے بعد پاک روئی لپیٹ کر اس عطر سے معطر کر لیں اور چراغ مٹی کا وہ لیں جسے پانی نہ لگا ہو۔ اس میں خوشبودار تیل ڈال کر فتیلہ رکھیں۔

بتی کا منہ قبلہ کی طرف کر لیں۔ اسے روشن کریں۔ عامل چراغ کے سامنے کھڑے ہو کر چراغ کی لو پر نظر رکھیں۔ عامل کی قبلہ کی طرف پشت ہوگی۔ پہلے ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پھر ۴۰۰ مرتبہ یا ودود اسم اعظم پڑھیں۔ پھر آخر میں ۲۰۰ مرتبہ درود شریف۔ بس عمل ختم ہوا۔ تیل اس قدر ڈالیں کہ عمل ختم ہونے تک جل جائے۔ اگر عمل ختم ہو گیا بتی ختم نہیں ہوئی تو عامل خاموشی سے اس وقت تک کھڑا رہے جب تک سب بتی نہ جل جائے۔ اس لیے تیل زیادہ نہ ڈالو۔ جب بتی جل جائے تو چراغ کو کسی جگہ رکھ دو۔ بس ایک ہی دن کا عمل ہے۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں اس کا اثر کا معلوم ہو جائے گا۔ عمل جمعرات کو کریں۔ اگر گمشدہ ایک ہفتہ کے اندر نہ آئے نہ اس کی خبر ملے تو اس کی زندگی میں شبہ ہے۔ قیدی کے واسطے مقدمہ کے دوران عمل کرو تو بہت اچھا ہے۔ اگر عدالت سے سزا ہو گئی ہے تو رہائی میں شبہ ہے۔ مگر عمل ضرور کریں۔ خداوند کریم کوئی صورت پیدا کر دیں گے۔ اگر عمل احتیاط سے کیا تو انشاء اللہ نتیجہ سے محروم نہ رہیں گے۔

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

از: رفعت اشفاق چوہان، گوجرانوالہ۔

# نجات سحر

قارئین کرام آج آپ کے سامنے نجات سحر کے عنوان سے حاضر ہوں۔ آج جب آپ کے لیے راہنمائے عملیات میں مضمون لکھنے لگا تو اچانک دماغ میں یہ عمل آیا۔ آج کل کے دور میں ہر کوئی عامل بننے کی دوڑ میں شامل نظر آتا ہے۔ آپ اپنے شہر میں نظر دوڑائیں تو آپ کو ہر محلہ میں کوئی نہ کوئی عامل بیٹھا نظر آئے گا۔ اس دور میں جس کا کوئی کاروبار نہیں وہ داڑھی لمبی کرنے کے چکر میں پڑ جاتا ہے۔ بازار سے کوئی نقوش والی کتاب خرید کر اپنے مکان میں گلی کی طرف کا کمرہ کھول کر عامل بن کر بیٹھ جاتا ہے۔ اور عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیتا ہے۔ اچھا بھلا آدمی بھی جب اُن کے چنگل میں آتا ہے تو اُسے یہی کہا جاتا ہے کہ آپ پر آپ کے مخالفین نے جادو کرا دیا ہے۔ آج کل کاروباری حالات ہی ایسے ہیں کہ ہر تیسرا آدمی پریشان ہے اگر کوئی جسمانی امراض میں مبتلا ہو تو اُن کے پاس چلا جائے تو اُسے بھی یہی مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ پر جادو کروایا گیا ہے اللہ ان جھوٹے عاملوں کو ہدایت عطا فرمائے۔ اگر کسی پر واقعی سحری اثرات ہوں جس کی وجہ سے اولاد کی بندش کی گئی ہو یا کاروبار کی بندش سحر کی وجہ سے بیمار کیا گیا ہو وغیرہ وغیرہ تو قارئین اس میں سب سے پہلے تشخیص کی ضرورت ہوتی ہے کہ واقعی سحر کے اثرات ہیں یا کسی سیارے کی نحوست ہے یا کوئی اور وجہ ہے۔ ہاں تو اب اپنے مضمون کی طرف آتے ہیں۔ اگر آپ واقعی اس مسئلے میں الجھے ہوئے ہیں تو اس عمل کو کریں انشاء اللہ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرمائیں گے۔ اور آپ کو اس مسئلے سے نجات مل جائے گی۔ آپ سے التماس ہے آپ اس بندہ ناچیز اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے لیے دُعا ضرور کریں۔

**عمل:** اپنا نام مع والدہ کے اعداد اور حسبی اللہ الحسیب کے اعداد ۲۵۷ شامل کر کے مربع نقش تیار کریں۔ نقش کے اضلاع قولہ الحق ولہ الملک سے بنائیں تمام اعداد کے مجموعہ سے موکل بنا کر نقش کی پیشانی پر لکھیں۔ نقش لکھنے کے بعد اُس پر تمام اعداد کے مجموعہ کے برابر حسبی اللہ الحسیب پڑھ کر دم کر لیں۔ کل دو نقش تیار کرنے ہیں ایک نقش اپنے گلے میں لٹکا لیں اور دوسرا پانی میں ڈال کر پانی روزانہ صبح نہار منہ پئیں۔

یہ عمل عروج ماہ نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور روزانہ وقت مقررہ پر کل اعداد کے مطابق گیارہ روز پڑھیں۔ دوران عمل جھوٹ سے اجتناب کریں نماز کی پابندی کریں۔ صبح نماز کے بعد کھلی پُر فضا جگہ پر جائیں اور اللہ کی حمد و ثناء کریں۔ انشاء اللہ آپ پر اللہ تعالیٰ رحمت کریں گے۔ اس تمام عمل کو سمجھنے کے لیے آپ مثال پر غور فرمائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | عاشق حسین بن | اعداد | ۵۹۹ |
| آیت | حسبی اللہ الحسیب | اعداد | ۲۵۷ |
| مجموعہ | | اعداد | ۸۵۶ |

نقش مربع بنانے کے لیے ۸۵۶ سے ۳۰ عدد کم کیے تو ۸۲۶ حاصل ہوا۔ ۴ پر تقسیم کیا تو باقی ۲ بچی حاصل قسمت ۲۰۶ ہوا۔ اس لیے نقش بناتے وقت خانہ ۹ میں ایک عدد کا اضافہ کریں گے۔ اس کے بعد موکل بنانا ہے۔ تو موکل ۸۵۶ کا ونضائیل بنا جو نقش کی پیشانی پر تحریر کیا جائے گا۔

چال نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٠ | ۵ | ١٦ | ٣ |
| ١۵ | ۴ | ٩ | ٦ |
| ١ | ١۴ | ٧ | ١٢ |
| ٨ | ١١ | ٢ | ١٣ |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٢١٦ | ٢١٠ | ٢٢٢ | ٢٠٨ |
| ٢٢١ | ٢٠٩ | ٢١۵ | ٢١١ |
| ٢٠٦ | ٢٢٠ | ٢١٢ | ٢١٨ |
| ٢١٣ | ٢١٧ | ٢٠٧ | ٢١٩ |

شمکائیل۔ شقفائیل۔ لوبیائیل۔ فقطلشائیل۔ (چاروں کونوں میں تحریر کریں
جبرائیل۔ عزرائیل۔ میکائیل۔ اسرافیل۔ چاروں اضلاع کے ساتھ تحریر کریں
ونضائیل۔ حمعسق۔ کھیعص۔

دو عدد نقش لکھے جائیں گے ایک گلے میں ڈالا جائے گا اور دوسرا پانی میں ڈال کر پانی پیا جائے گا۔

نوٹ: مثال میں صرف نام لکھا گیا ہے آپ والدہ کا نام بھی شامل کریں۔ اللہ آپ کا حامل و ناصر ہو۔

free copy khalidrathore.com

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

از: آغا حسنین احمد ھتھیجی، بہاولپور۔

# عمل سورۃ اخلاص باموکل

فی زمانہ کائنات میں اکمل و اصدق و صحیح ترین مقدس کتاب الہیہ قرآن ہے جس کے کسی حرف یا نقطہ میں شک کی گنجائش نہیں۔

قرآن پاک کے پارہ ۳۰ سورہ نمبر ۱۱۲ سورہ اخلاص ہے جس کو سورہ توحید اور قل ھو اللہ بھی کہتے ہیں۔ اس سورۃ کی مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کل پانچ آیات ہیں۔ جب یہودیوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی کہ آپ اپنے پروردگار کا نسب بیان فرمائیں تو اللہ نے نسب کے طور پر یہی سورۃ نازل فرمائی۔ ھو ایک اسم ہے جس میں کنایہ اور اشارہ غائب کی طرف ہے۔ اس سورۃ پاک کے جس قدر فضائل تفاسیر و احادیث میں مذکور ہیں اگر بیان کروں تو طوالت ہوگی۔ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کلمہ گو شب کو داہنی کروٹ لیٹ کر نیند سے قبل شب جمعہ ۱۰۰ بار سورہ اخلاص ورد کرے وہ محشر کے دن تمام خطرات سے محفوظ ہوگا۔ آپ نے ایک صحابیؓ کو بکثرت سورہ اخلاص پڑھتے دیکھا تو اسے بہشت ملنے کی بشارت فرمائی۔

بے شک قرآن پاک کا قلب سورہ یٰسین ہے اور یٰسین کا قلب سورۃ فاتحہ ہے فاتحہ کا قلب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے اور بسم اللہ کا قلب حرف ب ہے۔ حرف ب کا قلب اس کے نیچے والا نقطہ ہے دنیا کے تمام علوم نقطوں کا مجموعہ ہیں مگر سورہ اخلاص پورے قرآن کا نچوڑ ہے۔

عاملین کاملین نے اس سورہ مبارکہ کے موکل مقرر فرمائے جس سے بطریق عمل اس میں اثرات باکمال کا اظہار ہوتا ہے۔ سورہ اخلاص باموکل یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل ھو اللـہ احد اجب یا جبرائیل اللہ الصمد اجب یا میکائیل لم یلد ولم یولد اجب یا اسرافیل ولم یکن لـہ کفواً احد اجب یا عزرائیل بحق یا بدوح۔ سورۃ اخلاص باموکل کی تکمیل زکات اکبر بہت ہی مشکل ہے یہاں بزرگان دین نے تکمیل کی جو تارک الدنیا ہو کر کامل عامل بنے۔ یہ عمل جلالی ہے بہت گرم ہے معمولی بے احتیاطی سے نقصان جان ہو سکتا ہے البتہ میں جو عمل جمالی تحریر کر رہا ہوں وہ بے ضرر ہے بے خطر ہے۔

**عمل:** نیا چاند نظر آنے پر پہلی دوسری تیسری شب چھوڑ کر چوتھی شب سے تنہا جگہ پر ۴۰ شب تک مسلسل بلاناغہ سورۃ اخلاص باموکل ۱۰۰ بار ورد کریں اول آخر درود پاک ۱۱ بار لازمی زکات مکمل ہوگی پھر اس کا عامل جس کام کے لئے روزانہ ۱ بار پڑھے گا وہ کام غیب سے منجانب اللہ تعالیٰ مکمل ہوگا۔ اگر حب کے لیے پڑھنا ہو تو ۱۰ بار پڑھ کر کہو اس سورۃ اخلاص کے موکلو فلاں بن فلاں کے دل میں محبت پیدا کرو۔ ۱۰ دن میں مطلوب تابع ہوگا مقصد حب جائز ہو۔ غرض جو بھی مطلب ہو اس باموکل سورۃ اخلاص سے حاصل ہو سکتا ہے۔ اکل حلال صدق مقال اور پرہیز از گناہان کبیرہ لازمی شرط ہے دوران تکمیل زکات کچا پیاز کچا نماٹر کچی چٹنی اچار نہ کھائیں میری طرف سے جملہ برادران اسلام کو اس عمل کی اجازت ہے۔ مستورات یہ عمل ہرگز نہ کریں۔

## خط لکھنے والے

دوست اس بات کا خیال رکھیں کہ خط کے ایک کونے پر نمایاں طور پر خط کا مقصد تحریر کریں۔ یعنی سالانہ خریداری، فنی مسائل، مشورہ، عملیاتی مدد، شعبہ اشتہارات، شعبہ مضامین وغیرہ۔

آپ کا خط فوراً متعلقہ شعبے میں پہنچے گا اور بلا تاخیر آپ کو جواب مل سکے گا۔ ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے آج ہی طلب کریں

# یکم محرم معلوم کرنے کا مستند فارمولا

از کلیم حجازی:

1- 970224 عدد کو اس سال کے عدد سے ضرب دو جس سال کا یکم محرم معلوم کرنا ہے۔

2- حاصل ضرب میں چھ کا ہندسہ کے بعد اعشاریہ کا نشان لگا دو۔

3- پھر 621.577400 جمع کردو تو وہ انگریزی سال معلوم ہوگا۔ جس میں یکم محرم مطلوب ہوگا۔ اس میں جو سال کے بعد 7 عدد ہندسہ آئے میں ان کو 365 سے ضرب دو۔ اس میں بھی چھٹے ہندسہ پر اعشاریہ کا نشان لگا دو۔ اعشاریہ کے بعد جو عدد بچے یکم جنوری سے اس قدر دن گزرنے کے بعد یکم محرم ہوگی۔

نوٹ۔ میری کتاب ہزار سالہ دائمی جنتری 1908 سے اقتباس

کلیم حجازی

حیدرآباد

یکم محرم 1421 کب ہوگی۔

970224x1421 = 1378.688300
621.577400
2000.265700
265700x366=97.980500
(لیپ ہے 366 یوم کا)

6 اپریل کو چاند نظر آئے گا۔
7 اپریل کو یکم محرم 1421 ہوگی۔

جنوری 31
فروری 29
مارچ 31
اپریل 6
=97

یکم محرم 1419 کب ہوگی۔

970224x1419=1376.747856
621.5774
1998.325256
325256x365=118.718440

28 اپریل 1998 کو چاندرات ہوگی۔ جنوری سے مارچ 90
29 اپریل 1998 کو یکم محرم 1419 ہوگی۔ اپریل

28 محرم 1418 کب ہوگا۔

970224.1418 = 1375.777632
621.5774
1997.355082
1997- 355032x365=129.586680

9 مئی کو چاند نظر آ گیا۔ جنوری تا اپریل 120
10 مئی کو یکم محرم 1418 ہوگی۔ مئی 9
129

یکم محرم 1422 کب ہوگی۔

970224x1422= 1379.658528
621.5774
2001.235928
235928x365=86.113720

27 اپریل کو چاند نظر آ گیا۔ جنوری تا مارچ 59 یوم
28 اپریل 2001 کو یکم محرم ہوگی۔ اپریل 27 یوم
86 یوم

یکم محرم 1423 کب ہوگی۔

970224x1423=1380.628752
621.5774
2002.206152
206152x365=75.245480

16 مارچ کو چاند نظر آ گیا۔ جنوری تا فروری 59 دن
17 مارچ 2002 کو یکم محرم ہوگی۔ مارچ 16 دن
= 75 دن

یکم محرم 1424 کب ہوگی۔

970224x1424=1381.598976
621.5774
2003.176376
176376x365=64.377240

5 مارچ کو چاند نظر آ گیا۔ جنوری تا فروری 59 دن
6 مارچ کو یکم محرم ہوگی۔ مارچ 5 دن
= 64 دن

یکم محرم 1425 کب ہوگی۔

970224x1425=1382.569200
621.5774 (لیپ ایر ہے)
2004.146600
146600x365= 53.65400

22 فروری کو چاند نظر آ گیا۔ جنوری 31 یوم
23 فروری کو یکم محرم ہوگی۔ فروری 22 یوم
=53 یوم

چاند کا محرم 30 صفر 29 اس طرح ایک 30 کا دوسرا 29 یوم کا ہوتا ہے۔ قمری لیپ ایر میں 30-30 کے دو ماہ ہوتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| محرم | 30 | صفر | 29 |
| ربیع الاول | 30 | ربیع الثانی | 29 |
| جمادی الاول | 30 | جمادی الثانی | 29 |
| رجب | 30 | شعبان | 29 |
| رمضان | 30 | شوال | 29 |
| ذی قعد | 30 | ذوالحجہ | 29 |
| | | کل دن | 304 |

مکمل یقین کے ساتھ نجومی، عملیاتی اور روحانی راہنمائی حاصل کریں
free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

LuraTech
Document Processing Solutions

# راہنمائے عملیات

LuraTech
Document Processing Solutions

ماہنامہ
راہنمائے عملیات
لاہور

LuraTech

# طلسم تسخیر و حاجت

free copy

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کر رہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کوکبی حالتوں کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو و سحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ مجھ سے تیار کروائیں گے تو ہدیہ ۳۵۹۹ ہوگا اور یہ چاندی پر بنے گی۔ خود تیار کرنا چاہیں تو اس کا مکمل طریقہ ذیل میں درج ہے۔

khalidrathore.com

نام و مقصد کے اعداد کو ۳۰ سے تقسیم کرو۔ یہ درجے آفتاب کے ہیں۔ ۱۲ سے تقسیم کرو۔ یہ برج ہے۔ ۷ سے تقسیم کرو یہ ستارہ ہے۔ ۳ سے تقسیم کرو کائناتی تقسیم ہے۔ اب ان اعداد کے حروف لے لو اور موکل علوی بنالو۔ پھر ان ہی کے موکل سفلی اور اعوان اور جن اور خلیفہ بنالو۔ پھر یہ عزیمت ان پانچوں ناموں و مقصد سے مکمل کر لو۔ لوح کے چاروں کونوں میں چاروں مقرب فرشتوں کے نام لکھو اور اضلاع بسم اللہ الرحمن الرحیم سے مکمل کرو۔ پیشانی پر بھی بسم اللہ تحریر کریں۔ متعلقہ ستارے کی ساعت میں، طبع عمل کے مد نظر یعنی بادی ہو تو باد کو مد نظر و ہمراہ رکھیں۔ جمادات وغیرہ کا بھی خیال رکھیں۔ درجات آفتاب جو نکالے ہیں اس وقت عمل تیار ہوگا۔ عمل مکمل اور غلطی سے مبرا ہوا تو تیر نشانے پر لگنے والی بات ہے۔ میرے تجربے میں آیا ہے اس کے اثرات عموماً چالیس یوم کے اندر ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

نوٹ : میں نے مکمل عمل تحریر کر دیا ہے۔ جو خود تیار کر سکتا ہے۔ میری طرف سے اجازت ہے۔ میں اس سلسلے میں کسی بحث یا تشریح میں نہ پڑوں گا۔ جو میرے سے یہ عمل تیار کروانا چاہیں وہ ہدیہ، مقصد اور کوائف ارسال کر کے تیار کروا سکتے ہیں۔


پتہ برائے رابطہ اور منی آرڈر

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور --- فون نمبر 6374864

# رسالہ عجائب الاسرار

از-سید یاسین علی نظامی دہلوی

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## گھوڑے کے خواص

اس کے دانت کو بچہ کے گلے میں باندھیں بچہ کے دانت جلدی نکل آئیں گے اور کچھ تکلیف نہ ہوگی-جو شخص سوتے میں بڑے بڑے خراٹے لیتا ہو اس کے سرہانے اس کے دانت رکھ دیں خراٹے اس کے بند ہو جائیں گے-اس کے گوشت کے استعمال سے ریاحین دور ہوتی ہیں-اس کے پسینہ کو جس بچہ کے زیر ناف اور بغل کے اندر ملیں بال اس کے پیدا نہ ہوں گے-درندوں کے حق میں یہ پسینہ زہر قاتل ہے اور اژدہوں کو بھی ہلاک کرتا ہے-گھوڑے کے سم کی راکھ روغن زیتون میں ملا کر خنازیر پر لگائیں بہت جلد آرام ہوگا-اگر کسی عورت کو گھوڑی کا دودھ پلائیں اور اس کو اس بات کی خبر نہ ہو کہ یہ گھوڑی کا دودھ ہے پھر اس عورت سے صحبت کریں فوراً حاملہ ہوگی-گھوڑے کی لید کو پیس کر زخم پر چھڑکنے سے خون بند ہو جاتا ہے اور اگر آنکھ میں لگائیں سفیدی کو دور کرتا ہے اور اگر حاملہ عورت اس کی دھونی لے بچہ نکل آئے گا-

## خچر کے خواص

اس کے دل کو سوکھا کر پیس لیں اور جس عورت کو پلائیں کبھی حاملہ نہ ہوگی-ایسے ہی اس کے کان کا میل جو عورت کھائے گی حاملہ نہ ہوگی اور اس کی کھال کو جو عورت اپنے پاس رکھے گی حاملہ نہ ہوگی-اس کے سم کو جلا کر اس کی راکھ کو روغن آس میں جلا کر گنجہ کے سر پر ملیں بال پیدا ہوں گے-سیاہ خچر کا سم یا اس کا خون جس دروازہ کی چوکھٹ میں گاڑ دیں چوہے اس کے اندر نہ جائیں گے-خچر کے سم کی جس مکان میں دھونی روشن کریں تمام چوہے اس کے اندر سے بھاگ جائیں گے-جو شخص عاشق ہو اور اپنے عشق کو دور کرنا چاہے اس کو لازم ہے کہ جس جگہ خچر لوٹی ہو یہ بھی لوٹ جائے عشق اس کا دور ہوگا-اگر یہ مذکر پر عاشق ہے تو نر خچر کی جگہ پر لوٹنا چاہئے اگر مونث پر عاشق ہے تو مادین خچر کی جگہ پر لوٹنا چاہئے-زکام والا اگر خچر کی لید کو سونگھ کر اس پر تھوک دے اور راستہ میں پھینک دے-جو شخص اس لید پر سے گذرے گا زکام اس پر منتقل ہو جائے گا اور یہ تندرست ہو جائے گا-

خچر کے کان کا میل چاندی کی تعویذ میں رکھ کر عورت اپنے پاس رکھے جب تک یہ اس کے پاس رہے گی حمل وضع نہ ہوگا-اگر عورت بمقدار تین درہم کے خچر کا پیشاب پی لے کبھی حاملہ نہ ہو-اگر خچر کا دماغ تھوڑا سا حاملہ عورت کو کھلا دیں بچہ اس کا دیوانہ پیدا ہوگا-

## گدھا کے خواص

اس کے کان کا میل جس شخص کو شراب میں ملا کر پلایا جاوے وہ شخص بالکل بے ہوش اور بے عقل ہو جائے گا-جب گدھا گدھی پر چڑھے اس وقت اس کے دم کا بال اکھیڑ کر اپنی ران پر باندھ لے قوت باہ اور ہیجان میں بہت ترقی ہوگی-اگر گدھے کی دم میں پتھر باندھ کر لٹکا دیں گدھا آواز نہ کرے گا اور اگر گدھے کے کولھے کو تیل کی مالش کر دیں تب بھی آواز نہیں کرتا ہے-گدھے کے گوشت کو پکا کر اس کی یخنی میں کزاز (بیماری مثل سرسام) والے کو بٹھائیں صحت ہوگی-اگر اس کے سم کی انگوٹھی بنا کر مرگی والا پہنے کبھی اس کو یہ بیماری نہ ہوگی-گھوڑے اور گدھے کی لید جلا کر یا بغیر جلائے زخم پر لگائیں خون بند ہو جائے گا-اگر اس کی پیشانی کی کھال بچہ کے گلے میں باندھیں خواب میں نہ ڈرے گا-اگر اس کی لید پر سرکہ ڈال کر سونگھیں نکسیر موقوف ہوگی-جس شخص کے بچھو نے کاٹا ہو گدھے پر الٹا سوار ہو یعنی اس کی دم کی طرف اپنا منہ کرے سوار تندرست ہو جائے گا اور گدھا بیمار ہوگا-اسی طرح اگر گدھے کے کان میں کہہ دے کہ مجھ کو فلاں جگہ بچھو نے کاٹا ہے زہر کا اثر گدھے کو منتقل ہو جائے گا اور یہ شخص اچھا ہو جائے گا-اس کے دماغ کو تیل میں ملا کر سر میں ڈالیں بال دراز ہوں گے اور سر قوی ہوگا-اس کے جگر کو بھون کر سرکہ کے ساتھ نہار منہ کھائیں مرگی کو عجیب نفع ہو-گدھی کا دودھ ذکر پر مل کر جماع کرنے سے عجیب لذت اور قوت حاصل ہوتی ہے-

## وحشی گدھا یعنی گورخر

اس کی آنکھوں کو دیکھنا آنکھوں کو صحت بخشتا ہے اور نزول آب کو روکتا ہے-یہ عجیب خاصیت اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھوں میں رکھی ہے-اس کے پتہ کو آنکھوں میں لگانا بینائی کو تیز کرتا ہے اور دھند کو دور کرتا ہے-اس کے فربہ گوشت کو کھانا درد مفاصل کو دور دور کرتا ہے اور نقرس کو از حد مفید ہے-اس کی چربی ملنا چیپ کو دفع کرتا ہے-اس کا پتہ دار الثعلب کو نافع ہے اور کھانے سے سوتے میں پیشاب نکل جانے کو فائدہ کرتا ہے-

## بکری کے خواص

جس شخص کے کوڑے یا بیت لگے ہوں اس کے بدن پر بکری کی کھال

مکمل یقین کے ساتھ نجومی، عملیاتی اور روحانی راہنمائی حاصل کریں

تازہ اتری ہوئی پہنادیں فوراً درد میں اس کے تسکین ہوجائے گی اور زخم مندمل ہو جائیں گے۔

بھیڑ کے خواص کا بیان

اس کا گوشت گرم تر ہے اور منی کو زیادہ کرتا ہے اور مردہ سودا کو نفع دیتا ہے اور کل زہروں کے واسطے مفید ہے۔ عمدہ گوشت اس بھیڑ کا ہوتا ہے جو ایک سال کی ہو اور ہمیشہ اس کو کھانا معدہ کو نقصان کرتا ہے۔ کیونکہ خراب خون کی اس سے پیدائش ہوتی ہے۔ خصی بھیڑ کا گوشت قوت باہ بڑھاتا ہے۔ مینڈھے کا سینگ جس درخت کی جڑ میں دفن کریں اس میں پھل کثرت کے ساتھ لگیں گے اور اس کے پتہ کو آنکھ میں لگانا نزول آب کو نفع کرتا ہے۔ اگر سفید بھیڑ کی اون کا کپڑا بنایا ہوا شہد کے برتن پر ڈھک دیں چیونٹیاں اس کے اندر نہ جائیں گی۔

آہو یعنی ہرن

اس کے سینگ کی دھونی روشن کرنے سے موذی جانور گھر سے بھاگ جاتے ہیں۔ اس کا پتہ کان میں ڈالنے سے فوراً درد کو آرام کرتا ہے۔ اس کی کھال اور مینگنیاں جلا کر میں ملائیں اور جس بچہ کو کھلائیں اس کی نشوونما بہت اچھی ہوگی اور ذہن و حافظہ میں از حد ترقی ہوگی۔ اس کی مشک دل و دماغ کو قوت دیتی ہے اور نگاہ کو تیز کرتی ہے اور خفقان کو نافع ہے اور زہروں کا تریاق ہے۔ مگر کھانے کی چیزوں میں ملا کر اس کا کھانا گندہ ذہنی پیدا کرتا ہے اور گرم مزاجوں کو مضر ہے۔ اس واسطے ان کو کافور کے ساتھ اس کا استعمال کرنا لازم ہے۔

خرگوش کے خواص

اس کا دماغ بھون کر کھانا رعشہ کو دور کرتا ہے جو کسی مرض کے سبب سے پیدا ہوگیا ہو اور جو شخص اس کا دماغ دو ماشہ پاؤ سیر گائے کے دودھ کے ساتھ نوش کرے کبھی بڑھاپا اس کے پاس نہ آئے یعنی بال سفید نہ ہوں گے۔ اگر عورت نر خرگوش کا چتہ نوش کرے لڑکے پیدا ہوں گے اور اگر مادین کا چتہ نوش کرے لڑکیاں ہوں گی۔ اگر اس کی مینگنیاں عورت اپنے پاس رکھے کبھی حاملہ نہ ہوگی۔

بقراط کہتا ہے خرگوش کا گوشت گرم خشک ہے پیٹ کو صاف کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے۔ سرد مزاجوں کے موافق ہے۔ اگر ایک دانق خرگوش کا دماغ ایک دانق کافور کے ساتھ نوش کیا جائے جو شخص اس کو دیکھے محبت کرے اور عورتیں اس پر فریفتہ ہوں اور اس کے پاس رہنے کی خواہش کریں۔

اس کا خون جو عورت پی لے کبھی حاملہ نہ ہو اور چیپ وغیرہ ملنے سے اس کو دور کرتا ہے اور اگر بچہ کے مسوڑوں پر مل دیں دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔ اور آنکھ میں اس کو لگانے سے زائد بال نہیں نکلتے ہیں۔ جو شخص بچھونے میں پیشاب کرتا ہو اس کو خرگوش کا گوشت کھلائیں فائدہ ہوگا۔ اس کا چتہ سرکہ کے ساتھ کھانا افعی کے زہر کو نفع بخشتا ہے اور چنہ کی برابر اس کا کھانا چوتھیا بخار کو دفع کرتا ہے اور اگر ایک درم اس کو نوش کریں ولادت آسان ہو اور بچہ پیٹ کے باہر نکل پڑے۔ اس کی مینگنی کی جس مکان میں دھونی روشن کریں سب لوگ گوذنی میں مشغول ہو جائیں اور کوئی ضبط نہ کر سکے۔ اس کا خطیہ زہر قاتل سے تندرست کرتا ہے۔ اس کی چربی سوئی ہوئی عورت کے سرہانے رکھیں اپنی تمام دلی رازوں سے خبر دے گی۔ اس کی داڑھ کا داڑھ پر لٹکانا درد کو تسکین دیتا ہے۔

مور کے خواص

اس کا خصیہ کھا کر جو شخص اپنی عورت سے صحبت کرے حاملہ ہوگی۔ اس کے پیٹ سے جو سنگ ریزے برآمد ہوں وہ اس شخص کو پلائیں جس کے دست جاری ہوں فوراً بند ہو جائیں گے۔ اس کا تیل ذات الجنب اور داء الثعلب کو نہایت مفید ہے اور اس کی زبان کا چند بار کھانا تقطیر البول کو فائدہ کرتا ہے۔ اس کا بیضہ معتدل الحرارت ہے مگر قولنج اور ریاح اور دوران سر والوں کو نقصان کرتا ہے اور بدبودار خون اس سے پیدا کرتا ہے اور دیر ہضم ہے۔ جو شخص اس کو کھائے صرف زردی پر قناعت کرے کیونکہ زردی ہر ایک انڈے کی لطیف ہوتی ہے۔

مرغ کے خواص

اس کا گوشت اعتدال کے ساتھ گرم خشک ہے اور قولنج والوں کو بہت مفید ہے۔ جاڑے کے موسم میں کھانا مفید ہے اور سرد مزاجوں کے موافق ہے۔ وجع المفاصل اور رعشہ کو نفع بخشتا ہے اس کے دائیں بازو کی ہڈی چوتھیا بخار کو آرام کرتی ہے اور یہی دونوں ہڈیاں جس چوپایہ پر باندھیں اس کو تھکنے اور سونے سے باز رکھیں گی۔ اس کے خصیہ کو جو عورت حیض کی حالت میں پاک ہونے سے تین روز پہلے کھالے پھر پاک ہو کر مرد کے پاس جاوے حاملہ ہوگی۔ اور جو شخص بہت کثرت سے جماع کرنا چاہے وہ مرغ کا خصیہ ایک کاغذ میں لپیٹ کر اپنے بائیں بازو پر باندھے نہایت شہوت ہوگی اور جب اس کو کھول دے گا شہوت جاتی رہے گی۔ اس کے پتہ کو بھیڑ کے گوشت کے شوربے میں ملا کر کھائے نسیان دور ہوگا۔ اس کے خون کو شہد میں ملا کر آگ پر گرم کرے اور عضو تناسل پر لیپ کر کے جماع کرے بہت قوت اور لذت حاصل ہوگی۔ اگر مرغ کا خصیہ لڑائی کے مرغ کے گلے میں باندھ دیں کوئی مرغ اس پر غالب نہ ہوگا مجرب ہے۔

چیل کے خواص

اس کا پتہ ایک شیشی میں رکھ لیں اور جس شخص کے کوئی موذی جانور مثل سانپ بچھو وغیرہ کے کاٹے ایک قطرہ اس کا اس پر مل دیں فوراً آرام ہوگا۔ جس طرف بدن کا کاٹا ہو اس کی مخالف طرف کی آنکھ میں تین سلائی اس کی لگا دیں یعنی اگر بدن میں دائیں طرف کاٹا ہو تب بائیں آنکھ میں اور اگر بائیں طرف کاٹا ہو تو دائیں طرف تین سلائیاں لگائیں اور اگر اس کے خون کو قدرے مشک اور گلاب کے ساتھ ضیق النفس والے کو پلائیں آرام ہوگا اور اگر زندہ چیل کو کسی گھر میں باندھ کر لٹکائیں سانپ اور بچھو اس گھر میں نہ آئے گا۔

کوا کے خواص

اس کی چونچ کو جو شخص اپنے پاس رکھے نظر بد سے محفوظ رہے۔ اس کا جگر سرمہ کی طرح آنکھ میں لگانے سے جالا دور ہوتا ہے۔ اس کے خون کو خشک کر کے بواسیر پر لگائیں صحت ہوگی۔ اس کے دل اور سر کو پیس کر شربت کے ساتھ جس شخص کو پلائے گا پینے والا پلانے والے سے از حد محبت کرے گا۔ پتہ اس کا مسحور پر ملیں سحر کا اثر اس سے دور ہو۔ سیاہ کوے کو سرکہ میں ڈالیں پھر اس سرکہ کو بالوں پر ملیں سیاہ بال پیدا ہوں گے۔ کوے کی بیٹ ایک کپڑے میں باندھ کر نابالغ بچہ کے گلے میں باندھیں کالی کھانسی کا آرام ہوگا۔

کبوتر کے خواص

کبوتر کے پاس رہنے سے ان امراض کو فائدہ ہوتا ہے۔ فالج اور لقوہ سکتہ۔ یہ ایک عجیب خاصیت خداوند تعالیٰ نے اس جانور میں رکھی ہے۔ اس کا

free copy khalidrathore.com

گرم خون آنکھ میں لگانا زخموں اور جالا کو دور کرتا ہے۔ جس شخص کو چنگ کا مرض ہو وہ کبوتر کی بیٹ پانی میں گھول کر گرم کرے اور اس کے اندر بیٹھ جائے چنگ دفع ہوگی۔ چنگ کے واسطے ان آیات کو گھول کر پلانا بھی مفید ہے۔ اسی وقت کھل کر پیشاب آجاتا ہے۔ آیات یہ ہیں:

ان الله لا يغفر ان يشرك به و يغفر مادون ذلك لمن يشاء وما قدروالله حق قدره والارض جميعا قبضته و السمٰوت مطويات بيمينه سبحانه وتعالى عما يشركون اور اگر اس کی بیٹ کو سرکہ میں گھول کر استقا والے کے پیٹ پر لیپ کریں بہت جلد درد کو تسکین ہوگی۔

سرخ کبوتر کی بیٹ دو درم تین درم چینی کے ساتھ پتھری توڑ دیتی ہے۔ کبوتر کا گوشت گردہ کے واسطے مفید ہے اور منی اور خون بڑھاتا ہے۔ اس کی بیٹ کی دھونی دینے سے بچہ جلد پیدا ہوتا ہے۔

## فاختہ کے خواص

اس کا خون سیاہ کبوتر کے خون کے ساتھ ملا کر برص پر ملے اس کا رنگ تبدیل ہو جائے گا۔ جس بچہ کو ام الصبیان کا عارضہ ہو اس کے گلے میں فاختہ کی بیٹ باندھ دے بیماری نہ اٹھے گی۔ اس کا خون آنکھ میں ڈالنے سے زخم اور چوٹ کی تکلیف آنکھ سے جاتی رہے گی۔

## چڑیا کے خواص

اس کا گوشت گرم خشک ہے اور اس کا کھانا منی زیادہ کرتا ہے۔ سرد مزاجوں کے موافق ہے۔ اس کا دماغ قدرے شہد اور آب سداب کے ساتھ پینا بواسیر کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔ اس کے خون کو مسور کے آٹے میں ملا کر گولیاں بنائے اور خشک ہونے کے بعد ایک گولی تیل میں گھس کر عضو تناسل پر طلا کرے اور جماع میں مشغول ہو بے حد قوت ہوگی۔

امام شافعیؒ فرماتے ہیں چار چیزیں قوت باہ کو زیادہ کرتی ہیں۔ چڑی کا گوشت اطریفل اکبر پستہ اور اخروٹ کا کھانا۔ چار باتیں عقل کو بڑھاتی ہیں فضول باتیں نہ کرنا مسواک ہمیشہ کرنا نیکوں کی صحبت میں رہنا اور علم پر عمل کرنا اور چار چیزیں بدن کو قوی کرتی ہیں۔ گوشت کھانا خوشبو سونگھنا کثرت کے ساتھ بغیر جماع کے غسل کرنا اور کتان کے کپڑے پہننا اور چار چیزیں بدن کو ضعیف کرتی ہیں۔ کثرت کے ساتھ جماع کرنا غمگین رہنا نہار منہ پانی پینا کھٹاس زیادہ کھانا جو شخص کثرت کے ساتھ جماع کرے گا اس کے بدن میں خارش پیدا ہوگی اور اس کی قوت جسمانی اور بینائی ضعیف ہو جائے گی اور جلدی بوڑھا ہوگا۔ جو شخص پیشاب یا پاخانہ کو بہت زیادہ روکے گا اس کا مثانہ ضعیف ہوگا اور پیشاب میں چنگ ہو جائے گی اور پتھری اور ریت پیدا ہوگی اور نگاہ کمزور ہو جائے گی۔ اور جو شخص اپنے پیشاب میں تھوکنا ہمیشہ اختیار کرے گا اس کی پشت میں درد نہ ہوگا۔ قزوینی فرماتے ہیں میں نے اس سب باتوں کا تجربہ کیا اور سب کو صحیح پایا ہے۔

## الو کے خواص

اس کو جب ذبح کیا جاتا ہے ایک آنکھ اس کی کھلی رہتی ہے اور ایک بند رہتی ہے۔ کھلی ہوئی آنکھ کو جو شخص اپنے پاس رکھے کبھی اس کے پاس نیند نہ آئے۔ اور بند آنکھ کو سونے والے کے سرہانے رکھ دیں کبھی بیدار نہ ہوگا۔ جب تک وہ آنکھ اٹھا نہ لی جائے گی۔

طبری کہتے ہیں اگر تم کو اس کی آنکھوں میں تمیز نہ ہو تو دونوں آنکھوں کو پانی کے پیالہ میں ڈال دیں۔ جو آنکھ پانی کے اوپر تیر جائے وہ جاگنے والی آنکھ ہی اور جو ڈوب جائے وہ سونے والی آنکھ ہے۔

ہرمس کہتے ہیں الو کا دل عورت کے بائیں ہاتھ پر حالت بیداری میں رکھ دیں جو کچھ اس نے دن کو کیا ہوگا سب بیان کر دے گی۔ اس کے پتہ کو آنکھ میں لگانا دھند کو دور کرتا ہے۔ بڑے الو کا دل جو شخص بھیڑیے کی کھال میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھے چور، قزاق اور کل موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔ کسی آدمی سے خوف نہ کھائے اس کی چربی کو پگھلا کر آنکھ میں لگا کر جس اندھیری جگہ میں رات کو جائے مثل دن کے نظر آئے۔

## چمگادڑ کے خواص

اس کے سر لوہے یا تانبے کے برتن میں روغن زنبق کے ساتھ خوب جوش دیں پھر تیل کو صاف کر کے نقرس یا فالج والے کے جسم پر مالش کریں صحت ہوگی۔ یہ نسخہ مجرب ہے۔ جس مکان میں چمگادڑ کو ذبح کیا جائے وہیں اس کی کھال پر جلا دیں اس مکان میں سانپ اور بچھو داخل نہ ہوں گے۔ اس کے گردن کو جو شخص اپنے پاس رکھے بچھوں سے محفوظ رہے۔ اس کے پتہ کو حاملہ عورت کی فرج پر ملیں فوراً وضع حمل ہو اور اگر سارے چمگادڑ کو پانی میں اس قدر جوش کریں کہ تمام گوشت اس کا گھل جائے اور پیشاب گاہ پر ٹپکائیں تقطیر البول کو فائدہ ہو۔ زیر ناف اور بغل کے بال مونڈ کر اس کا خون ہم وزن دودھ کے ساتھ ملا کر لیپ کر دیں بال پھر پیدا نہ ہوں گے اور اگر نابالغ کے ملا کر کریں ان کے کبھی بال پیدا نہ ہوں۔

## گیدڑ کے خواص

اس کی زبان جس گھر میں ڈال دیں اس گھر کے لوگوں میں نا اتفاقی اور لڑائی جھگڑا دفع ہوگا۔ اس کا گوشت جنون اور صرع کے حق میں مفید ہے۔ اس کی دائیں آنکھ کو جو شخص اپنے پاس رکھے نظر بد سے محفوظ رہے۔ اس کے دل کو جو شخص اپنے ساتھ رکھے کل درندوں سے محفوظ رہے۔ اس کا جگر صرع والے کو ایک مثقال کھلایا جائے مفید ہے۔ اس کی ہنڈی کے گودے میں قدرے بورق ملا کر برص پر لیپ کر دیں فائدہ ہوگا۔

## نیولا کے خواص

اس کے دماغ کو مثل سرمہ کے آنکھ میں لگائے بینائی کو تیز کرتا ہے۔ اس کے گوشت کو پیس کر درد مفاصل پر لیپ کریں فائدہ ہوگا اور شراب کے ساتھ ملا کر صرع والے کے واسطے استعمال کریں۔ اس کی چربی کو دانت پر ملنے سے فوراً فائدہ ہوتا ہے۔ خنازیر پر اس چربی کو ملیں اس کو تحلیل کر دے گی۔ اس کے خون کو چوہے کے خون میں ملا کر پانی اس میں ڈالیں اور جس مکان میں چھڑک دیں اس مکان کے رہنے والوں میں جنگ ہوگی۔ اگر نیولے اور چوہے کو ساتھ کسی مکان میں دفن کر دیں یہی تاثیر ہوگی۔ اس کی پنڈلی کو جو عورت بحالت جماع اپنے پاس رکھے گی کبھی حاملہ نہ ہوگی۔ اس کے خصیہ کی بھی یہی تاثیر ہے۔ اس کے پاخانہ کو زخم پر رکھیں فوراً خون بند ہوگا۔

## قنفذ یعنی سیہی کے خواص

بال مونڈ کر اس کا پتہ لگائیں کبھی بال پیدا نہ ہوں گے اور آنکھ میں لگانے سے آنکھ کی سفیدی دور ہوتی ہے

مکمل یقین کے ساتھ نجومی، عملیاتی اور روحانی راہنمائی حاصل کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# بروج کے باہمی تعلقات

یہ مضمون مصطفی حسین جفار (جونپوری کی کتاب رموز جفر سے لیا گیا ھے۔ اس میں بروج کی طبع سے عمومی واقفیت حاصل کرنے، ان کے باھمی تعلقات اور ان سے وجود پانے والی استخراجیہ کیفیت کو بیان کیا گیا ھے۔

## حمل با حمل

اگر ہر دو اشخاص جن کا طالع حمل ہو تو دونوں بہتر دوست اور بے غرض رفیق بن سکتے ہیں۔ اگر مرد جس کا طالع حمل ہے، حمل طالع والی عورت سے شادی کرے گا تو دونوں میں کبھی کبھی نفاق کی صورت پیدا ہو جائے گی جس کی وجہ سے وہ باہمی لڑائی جھگڑا ہوگا جو خانگی معاملات سے پیدا ہوا کرے گا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## حمل باثور

حمل باثور طالع والے دو مردوں کی دوستی دیرینہ تو نہ ہوگی مگر زمانہ قیام دوستی تک تعلقات اوسط اچھے رہیں گے اور اگر طالع حمل مرد طالع ثور عورت سے شادی کرے گا تو شادی کا ابتدائی زمانہ اچھا گزرے گا۔ عیش و عشرت کے سامان کی فراہمی ہوگی لیکن کچھ دنوں کے بعد کبھی کبھی ناموافقت اور نااتفاقی کی صورت پیدا ہو جایا کرے گی اور یہی نااتفاقی ایک بار جدائی کی صورت اختیار کر جائے گی جو دائمی نہ ہوگی بلکہ عارضی ہوگی اس لئے کہ مختصر سی جدوجہد کے بعد پھر ملاپ ہوگا صلح صفائی ہو جائے گی۔ دونوں کثیر الاولاد ہوں عورت کا انتقال مرد سے پہلے ہوگا۔

## حمل با جوزا

ان دونوں طالع والے خواہ مرد ہوں یا عورت ایک دوسرے کے بھی وفادار نہ ہوں گے۔ اس لیے کہ اس طالع والے مرد و عورت کی شادی باہمی نہ ہو تو بہتر ہوگا اور اگر شادی ایک دوسرے سے ہوگئی تو زندگی کبھی خوشگوار نہ گزرے گی۔ گھر میدان جنگ بنا ہوگا۔ اسباب خیر و برکت میں کمی ہوتی جائے گی اور فقر و فاقہ کا نزول ہوگا۔

## حمل با سرطان

ان دو طالع والے دو مردوں یا زن و شوہر میں کبھی موافقت پیدا نہ ہوگی۔ اس لیے ایسے دو مردوں کو دوستی سے احتراز کرنا چاہئیے کہ دوستی میں سراسر نقصان ہوگا اور ایسے طالع والے مرد و عورت کو ازدواجی زندگی میں منسلک نہ ہونا چاہئیے کہ بعد شادی زندگی خوشگوار نہ گزرے گی۔ دونوں زن و شوہر کے ہاتھ میں جوتا اور ڈنڈا ہوگا اور گھر میدان جنگ کا نقشہ پیش کیا کرے گا۔

## حمل با اسد

ان دو طالع والے مردوں کی دوستی مستحکم اور مخلصانہ ہوگی حاضر و غائب ایک دوسرے کے وفادار رہیں گے۔ ایسے طالع والے مرد و عورت کی شادی مبارک ہوگی۔ ازدواجی زندگی کا زمانہ از اول تا آخر پیار و محبت سے گزرے گا۔ دونوں زن و شوہر ایک دوسرے کے والہ و شیدا رہیں گے۔ ایک دوسرے کو کسی سے کوئی شکایت نہ ہوگی۔ عیش و عشرت سے ازدواجی زندگی پر مسرت بسر ہوگی۔ یہ سوال جواباً اس امر کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ اگر عورت شکیل و جمیل ہوئی تو اس کو اپنے حسن پر ناز ہوگا اور یہی حسن لڑائی جھگڑے کی بنا ڈالے گا لیکن بعد میں یہ لڑائی جھگڑا عارضی ثابت ہوگا۔

## حمل با سنبلہ

ان دونوں طالع والے مردوں میں کبھی پر خلوص دوستی نہ ہو سکے گی اور اگر تعلقات دوستانہ بظاہر پیدا بھی ہوئے تو وہ اعتماد سے خالی ہوں گے اور ایسے طالع والے مرد و عورت کی شادی بھی نامبارک ہوگی۔ دونوں کا ملاپ اجتماع ضدین کی شکل ہوگا۔ لڑائی جھگڑے کی وجہ سے گھر کا سکون درہم برہم ہو جائے گا لہذا ایسی باہمی شادی نہ ہو تو بہتر ہوگا۔ اگر مرد کا طالع حمل ہے تو وہ بہت غصہ ور اور غضبناک ہوگا البتہ ان کی اولاد خوش قسمت پیدا ہوگی جس کی وجہ سے معاشی بحران میں مبتلا ہونے کے آثار نظر نہیں آتے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## حمل با میزان

ایسے طالع والے دو مردوں یا عورتوں میں دوستی بدرجہ اوسط قائم ہو سکے گی۔ پختہ خلوص کی وہ شدت نہ رہے گی جیسا کہ پر خلوص دوستی میں ہونا چاہئیے البتہ باہمی تعلقات پیدا ہو جانے کے بعد بذات خود ایک دوسرے کو نقصان نہ پہنچائیں گے۔ ایسے طالع والے زن و شوہر میں اکثر و بیشتر تو تو میں میں تو ہوتی رہے گی لیکن وہ کوئی خطرناک صورت اختیار نہ کر سکے گی۔

## حمل باعقرب

ایسے دو طالع والے مردوں کا باہم دوست ہونا مشکل نظر آتا ہے اور اگر دوستی ہوئی بھی تو وہ عارضی ہوگی اور دونوں اپنی اپنی جگہ پر مکر و فریب سے

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں
free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالی نظر نہ آئیں گے۔ ایسے طالع والے مرد وعورت کی باہمی شادی اگر نہ ہو تو اچھا ہے اس لئے کہ زندگی خوشگوار نہ گزرے گی تنگی معاش کی ہمیشہ شکایت رہے گی۔ باہمی لڑائی جھگڑے کی وجہ سے دائمی جدائی کے سامان بھی فراہم ہو جائیں گے۔

## حمل با قوس

ایسے دو طالع والے مرد ہوں یا عورتیں باہم کبھی ایک دوسرے کے رفیق باوفا نہ ہو سکیں گے۔ لہذا ان کو آپس میں دوستی کے رشتے میں منسلک نہ ہونا چاہئیے اور ایسے طالع والے مرد وعورت کو باہمی شادی کبھی نہ کرنا چاہئیے اس لئے کہ حالات چاہے جیسے بھی ہوں یہ ازدواجی زندگی میں کبھی بھی خوشگوار ماحول پیدا نہ کر سکیں گے۔ بعد شادی حالات میں دن بدن سنگینیت پیدا ہوتی جائے گی جب ایسی صورت نمایاں ہو تو فریقین میں دائمی جدائی دونوں کے حق میں بہتر ہو گی ورنہ وہ دونوں اپنی اپنی جگہ پر ایک دوسرے کو ہمیشہ کے لیے دنیا سے رخصت کرنے کی کوشش کریں گے۔

## حمل با جدی

ایسے دو طالع والے مردوں یا ایسی طالع والی دو عورتوں میں دوستی کا رشتہ پرخلوص اور مستحکم طریقہ پر قائم ہوگا اور آخری عمر تک دونوں ایک دوسرے کے یار وفادار رہیں گے۔ دونوں ایک دوسرے کے نقصان اور فائدے کو اپنا نقصان اور فائدہ تصور کریں گے۔ ایسے طالع والے زن و شوہر کی باہمی شادی خیر و برکت کے اسباب مہیا کرے گی۔ گھر میں خوشی، خرمی کا دور دورہ ہوگا۔ اولاً تو تنگی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی اور اگر بالفرض ایسی صورت پیدا ہو بھی گئی تو وہ بالکل عارضی ہوگی اور اس تنگی سے گھر کے دوسرے افراد بالکل محفوظ رہیں گے۔ تلخ کلامی کی صورت میں پہل اس کی طرف سے ہوگی جس کا طالع حمل ہے۔ جدی والا یا والی نرم دل اور صابر رہیں گے۔

## حمل با دلو

ایسے دو طالع والے آدمی خواہ وہ مرد ہوں یا عورتیں، باہم کبھی دوست نہ بن سکیں گے اگر بظاہر صورت دوستی کی پیدا ہو بھی گئی تو جلد ہی بدظنی کی صورت نمودار ہو کر جدائی بھی ہو جائے گی۔ ایسے طالع والے مرد اور عورت کی ازدواجی زندگی بھی نامبارک ہوگی۔ روز کی لڑائی نئی نئی سورت میں نمودار ہو کر سر پر مسلط رہے گی۔ لڑائی اور فساد میں پہل اس کی طرف سے ہوگی جس کا طالع دلو ہوگا۔ طالع حمل کی ہستی ٹھنڈی رہے گی۔

## حمل با حوت

ایسے طالع والی دو ہستیوں میں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت دوستی کے امکانات نظر نہیں آتے اور نہ ایسے طالع والے مرد وعورت کی باہمی شادی مبارک ہو سکتی ہے لہذا دوستی اور شادی کی خواہشات کو ایسے طالع والوں کو بالکل ختم کر دینا چاہئیے۔ ایسے لوگوں کا باہمی رشتہ ازدواج میں منسلک ہونا خطرات سے خالی نہیں ہے اور اگر شادی باہمی کر دی گئی تو زندگی بھی خوشگوار نہیں گزرے گی تنگی معاش اور فکر و افکار کا غلبہ ہوگا۔ باہمی محبت سرد ہوگی ناخوشی کا زور ہوگا۔ خانہ جنگی، کلمات لغو کا استعمال روزمرہ کی تکرار لایعنی عذاب جان بن جائے گی اور یہی سب باتیں دائمی جدائی کا سبب بن سکتی ہیں۔

## ثور با ثور

میں ایسے طالع والے حضرات کو خواہ وہ مرد ہوں یا عورت مبارک باد دیتا ہوں کہ ان کی باہمی پرخلوص دوستی کو اور جو حقیقی معنوں میں دوستی کہی جا سکتی ہے استحکام پیدا ہوگا۔ اخلاص و محبت کی فراوانی ہوگی اور لطف و عنایات میں ہمیشہ ترقی ہوتی جائے گی۔ یہ دوستی مکر و ریا سے پاک ہوگی اور غرض کو کوئی دخل نہ ہوگا ایسے طالع والے دو دوست ہمیشہ یک جان دو قالب رہیں گے اور ایسے طالع والے مرد وعورت اگر رشتہ ازدواج میں منسلک کئے جائیں گے تو ان کی زندگی ہمیشہ خوش و خرم گزرے گی۔ ایک دوسرے کی محبت میں سرشار رہیں گے۔ یہ دونوں زن و شوہر بے اندوہ و غم رہیں۔ ان کے مابین جدائی کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ حاسدین کے بہکانے پر اگر فریقین نے توجہ نہ دی تو مذاق کی حد تک یہ صورت مختصر وقفہ کے لئے رونما ہو سکتی ہے۔ جدا نہ ہونے کے سبب سے یہ ہستیاں خلق میں معزز ہوں گی۔ اسباب خیر و برکت کی زیادتی ہو گی کئی اولادوں کی طرف اشارہ ملتا ہے لیکن ہدایت یہ ہے کہ وہ حق سبحانہ تعالی کی عبادت اور اس کی یاد سے کبھی غافل نہ ہوں۔

## ثور با جوزا

اے صاحب سوال تجھ کو معلوم ہونا چاہئیے کہ ان دونوں طالع والوں میں نہ موافقت و موانست ہے اور نہ کبھی پیدا ہو گی چنانچہ دوستی کے خیال خام کو دل سے نکال دے نیز ایسے طالع والے زن و شوہر ازدواجی زندگی میں داخل ہونے کے بعد کبھی خوش و خرم نہ رہ سکیں گے۔ آئے دن فتنہ و فساد اور باہمی خانہ جنگی ہوا کرے گی اور پھر دونوں کے بعد یہ اس قدر شدت اختیار کر جائے گی گھر والے تو گھر والے اہل محلہ تک پریشان اور نالاں نظر آنے لگیں گے لہذا اس ازدواجی رشتہ میں داخل ہونے سے درگزر کر اور دوسرا رشتہ تلاش کرتا کہ گھر والے اور اہل محلہ امان میں رہیں اور تجھے بھی سکون ملتا رہے۔

## ثور با سرطان

یہ دونوں برج باہمی بہت زیادہ موافق ہیں استخراج سے پتہ چلتا ہے کہ ایسے دو طالع والے مردوں یا عورتوں میں اگر دوستی ہو گی تو وہ بہت مستحکم ہو گی۔ الفت و محبت خالص ہو گی۔ مکر و ریا کو دخل نہ ہوگا اور ان طالع والے مرد وعورت کی باہمی شادی اگر ہو گی تو یہ رشتہ مبارک ہوگا۔ فریقین میں ترشی و تلخی کے پیدا ہونے کے اسباب نظر نہیں آتے اور نہ لفظی تکرار کی صورت پائی جاتی ہے اور اگر بظاہر ایسی صورت پیدا ہو گی تو وہ تصنع تک محدود ہو کر رہ جائے گا فریقین پھر باہم شیر و شکر ہوتے ہوئے نظر آئیں گے۔ ہر ایک کو دوسرے کے دکھ اور

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہو گئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

درد کا خلوص دل سے احساس ہوگا اور وہ ایک دوسرے کا شریک حال ہوگا۔ نعمت اولاد سے مالا مال ہونگے۔ علاوہ موت کے باہمی جدائی ناممکن ہوگی عیش عشرت سے ایام زندگی کو طے کریں گے۔ البتہ ایسی ہستیوں سے سفلی ذرائع (عملیات علوی) سے کام لے کر اپنوں کو محفوظ کرتے ہیں۔

## ثور با اسد

ایسے طالع والے دو مردوں خواہ دو عورتوں میں باہمی دوستی کی امید رکھنا عبث ہے اس لئے کہ یہ باہمی موافقت سے کوسوں دور ہیں ایسے طالع والے لوگ ایک دوسرے کے حق میں اول درجہ کے زمانہ ساز اور مطلب پرست ثابت ہوں گے اور اگر ایسے طالع والے مرد اور عورت کی باہمی شادی کر دی گئی تو سازگاری اور ملاپ نہ ہوسکے گا یہ امر البتہ ممکن نظر آتا ہے کہ کبھی خوش وخرم اور خوشحال رہیں گے اور کبھی دل گیر اور ناخوش۔ زندگی یکسوئی اختیار نہ کرسکے گی۔ مرکز وفا طرفین میں خالی رہے گا۔ فساد کی بنا طالع ثور والی ہستی ہوگی۔

## ثور با سنبلہ

ایسے طالع والے لوگ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت باہم رفیق ویار رہیں گے ان کی دوستی قابل رشک ہوگی۔ ادائے فرض دوستی بغیر حیل وحجت ہر ایک ادا کرے گا۔ نفع ونقصان معاونت وامداد کے ذریعہ صحیح راستے پر لایا جائے گا آپس میں رشک وحسد کا جذبہ کارفرمانہ ہوگا اور اگر ایسے طالع والے مرد وعورت باہمی شادی کی زنجیر میں باندھ دیئے جائیں تو زندگی کی راہیں مسرت وشادمانی سے ہمکنار ہوجائیں گی۔ ایسے طالع والے زن وشوہر کے مابین لڑائی جھگڑا دنگا فساد کی کوئی علامت یا اشارہ نہیں پایا جاتا۔ باہمی محبت والفت کی بارش میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ البتہ ایسے زن وشوہر کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ پیٹ کے ہلکے ہوکر اپنا راز دل کسی پر ظاہر نہ کریں ورنہ نقصان میں رہیں گے۔

## ثور با میزان

اگر کسی کا طالع ثور ہے اور وہ چاہتا ہے اور اس کی یہ خواہش ایک جنوں کی حد تک پہنچ گئی ہے کہ وہ ایک ایسے آدمی سے دوستی کرے جس کا طالع میزان ہو تو یہ اس کی محض خام خیالی ہوگی اس وجہ سے کہ ایسے طالع والے لوگ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت صحیح معنوں میں ایک دوسرے کے دوست نہیں بن سکتے۔ ہمیشہ باطن ایک دوسرے کی کاٹ اور اس کو نقصان مالی وجسمانی دونوں پہنچانے کی کوشش مین مصروف رہیں گے۔ لہذا ایسے لوگوں سے علیحدہ رہنا خوب ہوگا۔ اور اگر ایسے طالع والے مرد وعورت باہمی شادی کر کے خوشگوار اور کامیاب زندگی بسر کرنا چاہیں تو یہ غیر ممکن ہوگا کیونکہ ایسی شادی کبھی سازگار نہ ہوگی ہمیشہ باہمی جھگڑے کا بازار گرم رہے گا اور بالآخر نتیجہ یہ ہوگا کہ اولاد ہوتے ہوئے بھی دونوں زن وشوہر میں دائمی جدائی ہوجائے گی۔ ہمیشہ لڑائی کی ابتداء طالع ثور والے کی طرف سے ہوگی۔

## ثور با عقرب

ہر ایسے لوگ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت جن کا طالع مندرجہ ہذا ہے باہمی دوستی کا سنگ بنیاد بہترین قسم سے رکھیں گے اور تادم آخر اپنے اس دوستی کے رشتہ کی پوری طرح حفاظت کرتے ہوئے اسے نبھانے کی کوشش کریں گے۔ اگر ایسے طالع کے مرد وعورت ازدواجی رشتہ میں منسلک ہونا چاہیں تو ان کے لئے خوشخبری ہے کہ ان کی ازدواجی پرمسرت زندگی بہت خوشگوار گزرے گی حالانکہ بغور مطالعہ سے اس امر کی شہادت ملتی ہے کہ ایسی زندگی کے دوران ناخوشگوار واقعات بھی پیش آئیں گے جو سوئے ظنی بھی پیدا کرسکتے ہیں۔ وہاں یہ علامت بھی سامنے آتی ہے کہ فریقین میں یہ جھگڑا اور شک وشبہ باقی نہ رہے گا بلکہ جلد ہی صلح وصفائی بھی ہوجایا کرے گی۔ جھگڑے اور فساد کی بنا اس کی طرف سے ہوا کرے گی جس کا طالع عقرب ہوگا۔

## ثور با قوس

جو مرد یا عورت ان طالعوں کے حامل ہوں گے ان کے دلوں میں باہم دوستی کا جذبہ عنقا ہوگا اس لئے کہ جذبہ دوستی کو وہ اپنی خودغرضیوں کے آگے ہیچ سمجھیں گے۔ ثور اور قوس کے طالع والے لوگوں کا باہمی ملاپ ناممکن ہے اگر ایسے طالع والے مرد وعورت باہمی شادی کی زنجیروں میں جکڑ دیئے گئے تو دونوں کی زندگی گھریلو جنگ وجدل کے پیچھے اجیرن ہوجائے گی۔ ایسے زن و شوہر کے مابین بغیر روحانی تگ ودو کئے ہوئے نہ یہ خانہ جنگی رکی ہے نہ رکے گی۔ لڑائی کی ابتداء اس کی طرف سے ہوگی جس کا طالع قوس کا۔ البتہ اولاد خوش قسمت ہوگی کہ اس کے پیدا ہونے کے بعد زندگی کے کچھ ایام امن وچین سے گزریں گے۔

## ثور با جدی

ثور اور جدی کے طالع والے لوگوں میں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت اتفاق وموافقت برائے نام رہے گا۔ دوستی کا خیال بعد استخراج اس وجہ سے ختم ہوجاتا ہے کہ جب ایسے طالع والوں میں بغض وحسد اور لڑائی جھگڑے کا دور دورہ ہوگا اور پھر انتقامی جذبہ کارفرما رہے گا تو جذبہ دوستی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور اگر زبردستی ٹھونس ٹھانس کر دوستی پیدا کر بھی لی گئی تو اس کی مثال ریت کی دیوار جیسی ہوگی۔

ایسے عورت ومرد کی اگر باہمی شادی ہوگئی تو ازدواجی زندگی خوشگوار نہ ہوگی اس لئے کہ ان زن وشوہر میں بھی کبھی تو جنگ ہوگی اور کبھی صلح وصفائی ہوجایا کرے گی البتہ زندگی عیش وعشرت کے ساتھ گزرے گی۔ دائمی جدائی تو درکنار عارضی جدائی بھی دائرہ استخراج میں نظر نہیں آتی اس لئے ان کی شادی میں چنداں عیب نہیں ہے۔

## ثور با دلو

ہر دو طالع کے عورت ومرد بہت سخت مزاج ہیں اور اسی سخت مزاجی کی وجہ سے ان کی باہم دوستی نہیں ہوسکتی کیونکہ ہمیشہ ناموافقت اور لڑائی

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

جھگڑے کی حکمرانی رہے گی نیز ازدواجی زندگی بھی خوشگوار ثابت نہیں ہو سکتی۔ روزانہ لڑائی جھگڑے کی صورت نئے نئے عنوان سے پیدا ہوا کرے گی فتنہ وفساد بجائے گھٹنے کے روزانہ ترقی پزیر ہوگا۔ صاحب اولاد ہونے کے باوجود دونوں زن وشوہر کے درمیان جدائی کی دیوار حائل ہو جائے گی اس لئے ایسی شادی اگر نہ ہو تو اچھا ہے۔

## ثور با حوت

ایسے طالع والے مرد یا عورت قدرتی طور پر ایک دوسرے کے ہمدرد اور غمگسار ہوتے ہیں باہم ان کے دلوں میں محبت کا جذبہ ہمہ وقت کارفرما رہے گا اگر ان دونوں طالع والوں میں دوستی پیدا ہوگئی تو اس کو استحکام حاصل ہوتا جائے گا تو وہ اپنی مثال آپ ہوگی۔ اگر ایسے طالع والے مرد اور عورت باہم ازدواجی زندگی اختیار کرلیں تو ہمیشہ خوش وخرم رہیں گے وہ شخص جس کا طالع ثور ہوگا حوت کے مقابلہ میں ہمیشہ پاک باطن اور صاف طینت ہوگا برخلاف اس کے حوت طالع والی شخصیت قدرے خیانت کار ہوگی لیکن اس عیب سے ان کی ازدواجی زندگی متاثر نہ ہوگی۔ اولاد صاحب ہمت وشجاعت اور بلند اقبال پیدا ہوگی انشاء اللہ بعد ولادت آہستہ آہستہ عیش وعشرت اور فارغ البالی کے دروازے کھلنے لگیں گے اور بقیہ ایام زندگی اطمینان سے گزریں گے موت یکے بعد دیگرے واقع ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## جوزا با جوزا

دو آدمی چاہے وہ مرد ہوں یا عورت اگر یہ ایک ہی طالع دونوں کا ہوگا تو دونوں میں بہت اچھی موافقت ہوگی۔ چونکہ دونوں کا طالع ایک ہی ہوگا لہٰذا برج جوزا کی خاصیت کے ماتحت دونوں زبان دراز ہوں گے اس لئے باہمی لڑائی جھگڑا، دنگا فساد بھی ہوا اور کچھ ہی دنوں کے بعد صلح صفائی بھی ہو جائے گی۔ سفر میں خیر وبرکت کے بہت سے سامان غیب سے فراہم ہوتے رہیں گے اور جانے والا جس مقصد کے لیے گھر سے نکلا ہو وہ اس کو بہت جلد حاصل کر لے گا۔ ایسے طالع والے زن وشوہر کی زندگی کامیابی کے ساتھ گزرے گی لیکن چونکہ زبان درازی کا دھڑکا ادھر بھی لگا ہوا ہے لہٰذا زوجہ کو چاہئے کہ وہ شوہر کو برتری کا درجہ دیتے ہوئے صبر وتحمل سے کام لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد صالح اور خوش قدم پیدا ہوگی۔ بفضل اللہ تعالیٰ دولت وجمعیت بھی ہاتھ آئے گی۔

## جوزا باسرطان

ان لوگوں (مرد وعورت) میں جن کا طالع جوزا وسرطان ہوگا آپس میں بہت زیادہ میل اور محبت ہوگی اور اسی وجہ سے باہمی ایک دوسرے کے معین ومددگار رہیں گے۔ ایسے طالع والوں میں اگر دوستی کی بنیاد پڑ گئی تو حق دوستی ادا کرنے کے لیے دونوں اپنے آپ کو ہمہ وقت تیار رکھیں گے۔

اگر ایسے دونوں طالع والے زن ومرد کی باہمی شادی ہوگئی تو دونوں کی ازدواجی زندگی کامیاب ترین راستہ پر رواں دواں ہوگی۔ دونوں اپنے قول پر ثابت قدم رہیں گے۔ دونوں حتی الامکان مخلوق خدا کو راحت پہنچانے کی کوشش میں مصروف رہیں گے جس کی وجہ سے معزز ومکرم ہوں گے۔ دونوں زن وشوہر کو کوئی پریشانی لاحق نہ ہوگی جو ان کی ازدواجی زندگی میں رخنہ اندازی کر سکے۔

## جوزا با اسد

ایسے مردوں اور عورتوں میں جو ان دونوں طالعوں کے زیر اثر ہیں یعنی جن کا طالع جوزا و اسد ہوگا میل ملاپ زیادہ ہوگا۔ لڑائی جھگڑوں کے بابت اطلاع ہے کہ آثار نظر نہیں آتے اس لئے اس کا امکان نہیں ہے پھر بھی اگر ہوئے بھی تو وہ نہ ہونے کے برابر ہوں گے۔ البتہ خلقت کے ساتھ جھگڑا وفساد جوزا والے کی طرف سے ہوگا۔ اگر ان دونوں طالع والے مرد وزن کی باہمی شادی ہوگئی تو ان کی زندگی کے ایام خوشگوار طریقہ پر گذریں گے۔ فریقین میں بھی لڑائی جھگڑے کے آثار نہیں پائے جاتے اور یہ شادی صحیح معنوں میں خانہ آبادی کہلانے کی مستحق ہوگی۔

## جوزا با سنبلہ

ان دونوں طالعوں والے مردوں یا عورتوں یا باہمی عورتوں اور مردوں میں بھی موافقت اور موانست نہ رہے گی۔ ہمیشہ ایک دوسرے سے کبیدہ خاطر اور ناخوش رہا کریں گے اور اسی وجہ سے شادی بھی جوزا اور سنبلہ والے جوڑوں کی کامیاب نہ ہوگی۔ شریک زندگی کی آمد کی وجہ سے چونکہ ایک ہی گھر میں اجتماع ضدین ہو جائے گا لہٰذا ہر کام کی بجا آوری میں رخنہ پڑے گا اور کام خراب ہوتا چلا جائے گا۔ تنگی وتنگدستی کا غلبہ ہوگا اسی حالت میں پروردگار عالم انہیں سعید اور بلند اقبال اولاد سے نوازے گا چونکہ مولود کا بخت بلند بالا ہوگا اس لئے ان کے بدبختی کے اثرات زائل ہوتے جائیں گے اور اولاد کی خوش قسمتی ترقی پذیر ہوگی اس لیے کلفت کے ایام ختم ہو کر رزق وروزی میں کشائش ہوگی اور جائز تمنائیں انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوں گی۔ اور ایام عسرت یوم مسرت سے بدل جائیں گے۔

## جوزا با میزان

جوزا اور میزان کے طالع والے مردوں اور عورتوں میں دوستی کی منزل پر قابل اعتماد میل وملاپ ہوگا۔ دونوں ایک دوسرے کے والہ وشیدا رہیں گے اور یہی وجہ ان کو ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونے کی ترغیب دے گی۔

درباب شادی معلوم ہوا کہ اگر دونوں (مرد وعورت) شادی کی مبارک زنجیروں میں جکڑ دیئے جائیں تو یہ شادی ایک کامیاب شادی کہلانے کی مستحق ہو جائے گی اس لئے کہ محبت کے دو تیلے بظاہر دو لیکن بباطن ایک نظر آئے گا۔ لفظی تکرار روکی تو نہیں جا سکتی لیکن اس تکرار سے ازدواجی زندگی متاثر نہ ہوگی۔

free copy
khalidrathore.com

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

## جوزا با عقرب

ان دونوں طالع والے لوگوں کے مابین حد درجہ سازگاری اور موافقت مہر عنایت کی رہے گی۔ باہم شفقت و محبت سے پیش آتے رہیں گے لیکن خدشہ ہے کبھی کبھی لڑائی کے ہو جانے کا اور اس کی ابتدا عقرب طالع والے کی طرف سے ہوگی۔ لیکن یہ رنجش دیرینہ کی صورت اختیار نہ کر پائے گی کہ آپس میں صلح و صفائی ہو جایا کرے گی۔ بعینہ یہی حالت ایسے طالع والے زن و مرد کی بھی ہوگی جو بعد شادی زن و شوہر کے درجہ پر متمکن ہو چکے ہیں۔

## جوزا با قوس

ان دونوں طالعوں کا (مرد عورت) جن لوگوں سے تعلق ہوگا ان میں موافقت و مرافقت بدرجہ غایت رہے گی۔ ایک کا ایک خیر خواہ و مہربان رہے گا باہم لطف و عنایات سے زندگی بسر کریں گے: ور تمام عمر عیش و عشرت میں بسر ہوگی اگر باہم دوستی ہو جائے گی تو اس کو استحکام حاصل ہوگا اور یہ دوستی خلوص پر مبنی ہوگی۔ اگر ایسے طالع والے زن و مرد کی باہم شادی ہوگی تو دونوں کا خلوص اور ان کی محبت عشق مجازی کی منزل میں داخل ہو جائے گی۔ پروردگار عالم اولاد صاحب نصیب سے سرفراز فرمائے گا۔ دولت و ثروت قدم چومے گی۔

## جوزا با جدی

ایسے طالع والے مرد اور عورتوں کے بابت سوال مستقر جہ یہ پتہ دے رہا ہے کہ ایسے لوگوں میں باہم میل و ملاپ بھی ہوگا اور اکثر و بیشتر لڑائی بھی رہے گی لیکن یہ باہم شکر رنجی عارضی ثابت ہوگی اور باہم صلح صفائی جلد ہو جایا کرے گی۔ کسی کے دل میں بغض و عناد پنپنے نہ پائے گا۔ آخر عمر یعنی بڑھاپے میں مال و دولت کی کثرت ہوگی البتہ دشمنوں اور حاسدین سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے کہ وہ عروج نہ دیکھ سکیں کہ اس لیے بہتر ہے کہ ان سے دور رہیں اور ان کے حق میں اپنی زبان کو بند رکھیں۔

## جوزا با دلو

ایسے طالع والے لوگوں میں الفت و محبت بہت زیادہ ہوگی۔ ان میں نہ لڑائی نہ جھگڑا نہ بکھیڑا۔ ایک پر ایک مہربان رہے گا تمام عمر نہ تو کسی کا خوف دامن گیر ہوگا اور نہ کچھ دنیاوی طریقہ پر نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہے۔ فارغ البالی قدم چومے گی۔ ایسے طالع والے کثیر الاولاد ہوں گے۔

## جوزا با حوت

ان دونوں طالع والے مرد و عورتوں میں باہمی خلوص اور محبت کا دور دورہ ہوگا۔ ایک کا ایک خیر خواہ اور ہمدرد ہوگا۔ لیکن محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ لڑائی جھگڑے میں جلدی نہ کریں اور بیہودہ کلمات منہ سے نہ نکالیں کہ موجب زیاں ہوگا۔ دشمنوں کی چالوں سے بچتے رہیں کہ وہ نقصان پہونچانے کی فکر میں لگے رہتے ہیں ایسے طالع والے سعید اولاد سے مالا مال ہوں گے۔

## سرطان با سرطان

جن دو یا بہت سے شخصوں کا (چاہے وہ مرد ہوں یا عورت) طالع سرطان ہوگا ان میں باہمی میل و محبت بہت زیادہ ہوگا وہ آپس میں ایک دوسرے کے خیر خواہ اور وفادار رہیں گے اور غرض و غایت نہ رکھتے ہوئے ایک دوسرے کی امداد و اعانت بے دریغ کرتے رہیں گے اور ایسے دوستوں یا شریک زندگی کی دائمی یا عارضی جدائی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ باہمی لین دین برضا رغبت ہوا کرے گا اور اس پر کسی ایک کو بھی اعتراض نہ ہوگا۔

## سرطان با اسد

ان دونوں طالع والے لوگوں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت یا ایک دوسرے کے شریک حیات ہوں کبھی موافقت و محبت نہ ہوگی۔ دونوں قسم کے لوگ ہمیشہ آپس میں دست بگریباں رہیں گے اور جنگ و جدل و فتنہ و فساد جب پیدا ہوگا تو وہ خطرناک صورت اختیار کر لے گا۔ دونوں قسم کے لوگ نہایت تنگدل رہیں گے۔ رنج و الم کا ہجوم ہوگا۔ خیر و برکت کے اسباب جاتے رہیں گے مفلسی کی حکومت ہوگی اور آخر کار دو دوست اور شریک حیات دائمی طور پر جدا ہو جائیں گے۔

## سرطان با سنبلہ

ایسے طالعوں کے لوگ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت آپ میں میل و محبت سے ایک دوسرے سے تعارف ہو جانے کے بعد اپنی زندگی کے ایام بسر کریں گے اور اگر ہر دو طالع رکھنے والے مرد و عورت رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں تو یہ شادی بہت مبارک ثابت ہوگی۔ زن و شوہر باہم ایک دوسرے کی قدر کریں گے جوان کے لئے ہدایت کا نمونہ ہوں گے۔ ایسے زن و شوہر محبت کے مسئلہ پر درجہ کمال کی حد تک پہونچیں گے ان میں خانہ جنگی اور جدائی کے واقعات کبھی رونما نہیں ہوں گے۔ گھر کی خوشیوں کا دروازہ کھلا ہوگا۔ رزق و روزی میں زیادتی ہوگی۔ آسائش و آرام کی چیزیں غیب سے فراہم ہوں گی یعنی ایسی جگہ سے دستیاب ہوں گی جہاں سے وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔ عزت و آبرو پر کسی قسم کا حرف نہ آئے گا۔ اقبال مند اولاد سے پروردگار عالم سرفراز فرمائے گا۔

## سرطان با میزان

ان دونوں طالع کے افراد کی زندگی ایک دوسرے سے وابستہ ہو جانے کے بعد چاہے وہ دوستی کی منزل ہو یا رشتہ ازدواج کا تعلق زندگی کی گھڑیاں بڑے آرام سے گذریں گی۔ زن و شوہر جو ایسے طالعوں کے زیر اثر ہوں گے شمع محبت کے دو پروانے ہوں گے ہر کام میل و محبت سے بخیر و خوبی انجام پائے گا۔ لڑائی تلخ کلامی بدمزگی ایسی ہستیوں سے کوسوں دور رہے گی۔ حاسدین و دشمن باوجود کوشش بسیار کچھ بگاڑ نہ سکیں گے اولاد بھی فرمانبردار و سعادت آثار پیدا ہوگی ایسے لوگ اپنے آخری وقت میں بہت خوشحالی دیکھیں گے۔ دولت کے ملنے کے بھی آثار پائے جاتے ہیں۔

## سرطان با عقرب

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

ایسے لوگ چاہے وہ مرد ہوں یا عورت جو بھی ان دونوں طالع کے زیر اثر ہیں ان میں میل ملاپ بہت کم رہے گا اور لڑائی جھگڑے کی فضاء دائمی رہے گی اگر دونوں طالع والے اپنی اپنی زبانوں کو اپنے قابو میں رکھیں گے تو خوش وخرم رہیں گے ممکن ہے کہ اس خاموشی کا صلہ ان کو مال و دولت کے ذریعہ ملے جس کی امید پائی جاتی ہے۔ مراد دلی کے بر آنے کی بھی بشارت ہے بشرطیکہ زبان پر قفل خاموشی لگا دیا جائے۔ ایسے طالع والے مرد و عورت اگر رشتہ ازدواج میں مقید کئے جائیں گے تو ان کو یہ شادی راس نہ آئے گی۔ مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا سکون رخصت ہو جائے گا۔ یہاں بھی زن و شوہر کو خاموش رہنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ زبان درازی سے مستقل جدائی کے امکانات نظر آتے ہیں۔

## سرطان باقوس

جو لوگ ان دو طالع جات کے زیر اثر ہیں ان میں باہمی میل ملاپ کی منزل کہیں نظر نہیں آتی چاہے وہ دوست ہوں یا زوجہ۔ ایسے لوگ آپس میں بہت زیادہ جنگ و جدل کرتے رہیں گے۔ اور آخر میں جدائی کا ہونا لازمی ہے لہٰذا ایسے طالع والے لوگوں کو باہم شادی نہ کرنا چاہیئے۔

## سرطان با جدی

ہر دو طالع جات کے ایسے لوگ آپس میں محبت و الفت سے پیش آتے رہیں گے لیکن لڑائی جھگڑے بھی ایسے لوگوں سے دور نہ رہیں گے۔ البتہ یہ بات ضرور ہوگی کہ ہر لڑائی جھگڑے کے بعد صلح وصفائی ضرور ہو جایا کرے گی۔ لڑائی جھگڑا سرطان طالع والے کی طرف سے رونما ہوا کرے گا۔ ایسے لوگ تھوڑی تھوڑی بات پر لڑنے مرنے کو تیار ہو جایا کرتے ہیں۔ ایسے طالع والے مرد اور ایسی طالع والی عورت کی باہمی شادی آگے چل کر خطرناک ثابت ہوگی۔ دشمن سے دور رہنے کی ہدایت برآمد ہوتی ہے۔

## سرطان با دلو

ایسے طالع والے لوگوں میں میل ومحبت اور اتفاق سے باہمی طور پر رہنے سہنے اور یگانگت کو اپنانے کا فقدان ہے۔ ہمیشہ فتنہ و فساد برپا رہے گا لڑائی جھگڑے کے بعد صلح صفائی کی بھی کوشش ہوتی رہے گی لیکن یہ صلح وصفائی دیرپا ثابت نہ ہوگی۔ ایسے طالع والے مرد اور ایسے طالع والی عورت کو بھی آپس میں شادی نہ کرنا چاہیئے کہ پریشانیاں گھر کرلیں گی آئے دن کے جھگڑے فساد سے رہا سہا سکون بھی برباد ہو جائے گا اور جو ذلت و رسوائی مزید ہوگی وہ الگ لہٰذا بہتر صورت یہی ہے کہ اگر رشتہ ہوا نہیں ہے تو ایسے رشتہ سے پرہیز کیا جائے۔

## سرطان با حوت

ان دونوں طالع والے اشخاص کی خواہ وہ مرد ہوں یا عورت کچھ دنوں تک قطعی باہمی موافقت نہ ہوگی۔ البتہ کچھ دنوں کے بعد معمولی سے تعلقات پیدا ہو جائیں گے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ لڑائی کی بھی بنیاد پڑ جائے گی اور یہ ترقی پذیر ہوگی۔ لڑائی کی ابتدا حوت طالع والے کی طرف سے ہوگی۔

## اسد با اسد

ایسے ہر دو لوگ خواہ وہ مرد ہوں یا عورت جن کا ایک ہی طالع اسد ہوگا بہت زیادہ میل ملاپ کے خوگر ہوں گے اولاد کی البتہ کمی پائی جاتی ہے لیکن اس لحاظ سے رزق میں وسعت رہے گی۔ باہمی چھوٹی چھوٹی لڑائیوں کا بھی پتہ چلتا ہے جو بعد میں صلح وصفائی سے ختم بھی ہو جایا کریں گی لیکن ایسی خودرو لڑائیاں ان کے باہمی میل وملاپ پر برا اثر نہ ڈال سکیں گی۔

## اسد با سنبلہ

اسد اور سنبلہ کے طالع والے لوگ (مرد عورت) میں لطف و عنایات اور میل ومحبت بہت زیادہ ہوگی سب سے پہلے ان میں باہمی جنگ و جدل لڑائی جھگڑے کا ہونا لازمی ہے پھر اس کے بعد یہ لوگ باہمی صلح صفائی کریں گے اور جور وجفا کو ترک کریں گے تب محبت کی بنیاد پڑے گی جو مستحکم ہوگی۔

## اسد با میزان

ان دونوں طالع والوں میں باہمی میل ومحبت بہت کم ہوگی اس لئے یہ اپنے تفکرات اور غم میں پریشان ہوں گے۔ اگر بردباری کی عادت اختیار کریں گے تو حالات سنبھلتے جائیں گے اور اگر اس کے برخلاف کریں گے تو آپس میں ہی لڑمریں گے۔ حکم نکلتا ہے کہ ایسے لوگ ہر کسی سے نیکی کریں۔

## اسد با عقرب

ایسے طالع والے لوگوں میں خواہ وہ مرد ہوں یا عورت محبت وارتباط کا فقدان ہے اور لازم ہے کہ دونوں طالع والے آپس میں شادی بیاہ ہرگز نہ کریں کیونکہ ایسی شادیاں ہرگز ہرگز راس نہ آئیں گی بلکہ موجب غم بنیں گی۔ ان میں موافقت وموانست کی صورت سے پیدا نہ ہو سکے گی۔

## اسد باقوس

ایسے ہر دو طالع والے لوگوں کے مابین میل ملاپ محبت وارتباط کی خبر ملتی ہے۔ اور نشاندہی بھی کبھی کبھی لڑائی جھگڑے کی بھی ہوتی ہے مگر ایسی لڑائیاں خطرناک صورت نہ اختیار کرسکیں گی اس لئے کہ صلح صفائی سے حالات استوار ہوتے جائیں گے۔ ایسے لوگوں میں باہمی شادی بیاہ کی ممانعت کا اشارہ ملتا ہے۔

## اسد با قوس

آگاہ ہوں کہ ان دونوں طالع والے شخصوں میں (یعنی ایک شخص کا طالع اسد ہو دوسرے کا قوس) موافقت، مہر ومحبت، لطف ومدارت بہت رہے گی۔ زندگی ان کی خوشگوار گذرے گی۔ طرفین سے حق رفاقت و دوستی ادا کرنے کی پوری پوری کوشش کی جائے گی لیکن زن و شوہر کی حیثیت میں تو تو میں میں

free copy
khalidrathore.com

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

اور قدرے سرکشی ولڑائی کی بھی توقع ہے لیکن یہ شکررنجی دیرپا ثابت نہ ہوگی۔ دونوں اپنی اپنی جگہ پر پشیمان ہوں گے اور اسی پشیمانی کی وجہ سے جلد صلح وصفائی کرلیں گے۔

ایسے دونوں طالع والے زن وشوہر یا دوستوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے دشمنوں سے ہمہ وقت ہوشیار رہیں۔ کیونکہ دشمن موقع ملتے پر اپنی نیشِ عقرب سے باز نہ آئے گا فوراً وار کرے گا۔ ہفتہ میں ایک بار بروز اتوار حسب قدرت صدقہ دیا کریں کہ صدقہ رد بلا ہوتا ہے۔

## اسد با جدی

ان دونوں طالع والے شخصوں میں میل ومحبت بدرجہ اوسط قائم ہو گی اس لئے کبھی میل ومحبت اور کبھی لڑائی جھگڑے کی خبر ملتی ہے۔ اس منزل پر زیادتی ہمیشہ اس شخص کی طرف سے ظہور پذیر ہوگی جس کا طالع اسد ہوگا۔ جدی طالع والا شخص بمقابلہ اسد طالع والے کے ہر جگہ نرمی اختیار کرے گا۔ اس لئے ضروری ہے کہ وہ شخص جس کا طالع اسد ہو اپنی طبیعت کو سنبھالے اور روحانی ذرائع سے اپنے غصہ کو ختم کرنے کی کوشش کرے۔ تب زندگی امن وسکون سے گزر سکتی ہے۔

## اسد با دلو

اسد اور دلو طالع والے دونفوس میں باہمی الفت ومحبت بہت زیادہ ہوگی۔ ایک دوسرے کے والہ وشیدا رہیں گے مگر دونوں ہی اپنے اپنے مقام پر زود رنج بھی ہوں گے۔ چونکہ محبت میں شدت ہوگی اس لئے بلاوجہ شک وشبہ کی بناء پر آپس میں لڑائی بھی ہوتی رہے گی مگر یہ لڑائی اسی محبت کی وجہ سے شدت اختیار نہ کرسکے گی اور جلد جلد صلح وصفائی بھی ہوتی رہے گی اور اگر یہ باہم زن و شوہر ہیں تو انشاء اللہ تعالیٰ اولاد صالح سے ان کا دل خوش وخرم رہے گا۔ رزق میں کمی نہ ہوگی۔ فارغ البالی سے زندگی بسر ہوگی۔ دشمن تو بہت ہوں گے مگر ایسے طالع والوں کو نقصان نہ پہونچا سکیں گے۔

## اسد با حوت

ایسے لوگوں میں جن کا طالع اسد اور حوت ہوگا باہمی الفت ومحبت کبھی نہ ہوگی۔ اگر ایسی دو ہستیاں رشتہ ازدواج میں منسلک کی جانے والی ہیں تو بہتر ہے کہ یہ سلسلہ ترک کردیا جائے کیوں کہ یہ شادی مبارک نہ ہوگی اور ازدواجی زندگی کامیاب نہیں ہوسکتی۔ ہمیشہ لڑائی جھگڑا ہوتا رہے گا سکون نصیب نہ ہوگا۔ غم اولاد میں مبتلا رہیں گے اور اگر ایسے دو شخص باہم دوستی بھی کرنا چاہیں تو ان کی یہ دوستی بھی قائم نہیں رہ سکتی بلکہ مبتدل بہ دشمنی ہوجائے گی لہذا اجتناب ضروری ہے۔

## سنبلہ با سنبلہ

ایسے طالع والے دو شخصوں کے درمیان کہ ان دونوں کا طالع سنبلہ ہو بہت زیادہ محبت والفت رہے گی لیکن اکثر وبیشتر جنگ وجدل کا بھی دورہ رہے گا۔ مگر یہ لڑائی جھگڑا دیرپا نہ ہوگا۔ آپس میں صلح وصفائی بھی ہوجایا کرے گی اور آخر میں شیر وشکر ہوکر رہیں گے اگر کسی سبب سے دونوں میں جدائی ہوجائے گی تو ملاپ بھی بہت جلد ہوجائے گا البتہ ایسے لوگوں کے اولاد کم ہوگی اور دشمن بہت ہوں گے۔

## سنبلہ با میزان

ایسے دو لوگوں کا جن کے طالع سنبلہ اور میزان ہوں گے۔ کبھی باہمی موافقت نہ ہوسکے گی۔ ہمیشہ ایک دوسرے سے دست باگریباں رہیں گے۔ خواہ وہ دونوں دوست ہوں یا زن وشوہر۔ ان کا ہر کام جو شراکت میں ہوگا خراب ہوگا ایسے زن ومرد کو آپس میں شادی کبھی نہ کرنی چاہیئے۔

## سنبلہ با عقرب

جن لوگوں کا طالع عقرب اور سنبلہ ہوگا ایسے دو دوستوں یا زن و شوہر میں میل محبت بہت زیادہ ہوگی البتہ عقرب کبھی کبھی اپنی خاصیت کے مطابق وجہ فتنہ وفساد کی پیدا کردیا کرے گا جو عارضی ہوگا اور پھر مصالحت ہوکر صلح کا ہاتھ بڑھے گا اور یہ صلح وقتی نہ ہوگی۔

## سنبلہ با قوس

ان دونوں طالع والے شخصوں میں باہمی میل وملاپ کی صورت نظر نہیں آتی البتہ فتنہ وفساد کی جڑیں مضبوط دکھائی دیتی ہیں لہذا اگر ایسے طالع والے مرد اور عورت کی شادی کا مسئلہ طے ہورہا ہے تو اس کو منقطع کردینا چاہیئے اس لئے کہ یہ شادی راس نہ آئے گی۔ خانہ جنگی کا زور ہوگا جس کی وجہ سے گھر اور ساتھ ہی پڑوسیوں کا سکون بھی درہم برہم ہوجائے گا۔ زندگی تلخ ہوکر رہ جائے گی اور ایسے شادی شدہ لوگوں کے یہاں اولاد بھی کم ہوتی ہے اور آخر میں فریقین کو جدائی کی تلخی بھی برداشت کرنا پڑتی ہے۔ منافرت کا سلسلہ اس شخص کی طرف سے شروع ہوگا جس کا طالع قوس ہوگا۔ ایسے طالع والے دو دوست بھی ایک دوسرے کے ہمدرد نہیں ہوسکتے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## سنبلہ با جدی

ایسے طالع والے دو اشخاص پہلے پہل آپس میں کچھ دنوں تک بے گانہ رہیں گے یعنی ایک دوسرے کو التفاتی نظروں سے نہ دیکھیں گے لیکن تھوڑے ہی دنوں کے بعد باہمی شیر وشکر ہوجائیں گے۔ محبت والتفات طرفین میں بہت زیادہ پیدا ہوجائے۔ مگر شکوک کی منزل میں پہنچ کر کبھی کبھی تکرار بھی ہو جایا کرے گی لیکن یہ لفظی تکرار عارضی صورت میں پیدا ہوکر بعد صلح وصفائی جلد تر ختم ہوجایا کرے گی اور اگر زن وشوہر ان طالع ہائے سنبلہ اور جدی کے زیر اثر ہیں تو ان کی بھی یہی کیفیت ہوگی اور اگر ان لوگوں کے درمیان جدائی ہوئی تو وہ وقتی ہوگی پھر ایک دوسرے سے مل جاویں گے۔ انشاء اللہ۔ اور پھر دونوں زن و شوہر ایک دل اور ایک جان ہوکر رہیں گے۔

## سنبلہ با دلو

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

ان دونوں اشخاص میں جن کے طالع جات سنبلہ اور دلو ہوں گے میل ومحبت اور بوئے وفا بہت کم ہوگی۔ ہمیشہ جنگ وجدل میں زندگی بسر ہوگی۔ کسی بات میں موافقت نہ ہوسکے گی۔ اگر ایسے طالع والے مرد وعورت رشتہ ازدواج میں منسلک کئے جانیوالے ہوں تو ان کے حق میں سب سے بہتر بات یہ ہوگی کہ یہ سلسلہ بالکل ختم کردیا جائے اس لئے کہ بعد شادی خانہ جنگی کا سلسلہ روز بروز شدت اختیار کرتا جائے گا اور دونوں کی زندگی وبال جان بن کر دائمی جدائی کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔

## سنبلہ با حوت

ان دونوں طالع والے اشخاص میں خواہ دو عورتیں ہوں یا دو مرد یا ایک عورت اور ایک مرد باہمی میل ومحبت بہت زیادہ ہوگی۔ ایام زندگی عیش و آرام سے گزرے گی لیکن کبھی کبھی بدمزگی بھی ہوجایا کرے گی جو خطرناک صورت اختیار نہ کرسکے گی اور پھر میل ومحبت کا دریا اسی طرح موجزن ہوگا۔

## میزان با میزان:

ایسے دو اشخاص کہ جن کا طالع میزان ہی ہو اگر باہمی تعلقات پیدا کریں گے تو ان میں محبت والفت، میل وملاپ، ربط وضبط اور باہمی یگانگت بہت زیادہ ہوگی۔ یہ دونوں جوروجفا کے تارک ہوں گے۔ باہمی لفظی تکرار سے اگر ہوئی تو بوئے الفت کی جھلک پیدا ہوتی رہے گی اولاً تو خانہ جنگی کی صورت کا امکان نہیں پایا جاتا اور اگر ایسا ہوا بھی تو یہ سنگین نہ ہوگا اور جلد ہی مصالحت ہو جائے گی۔ ایسے طالع والے زن وشوہر کی قسمت میں اولاد صالح، بلند اقبال اور خوش قدم مقدر ہے۔ جس کی آمد سے مالی حالت میں بتدریج اضافہ ہونا شروع ہوجائے گا بعدہ رزق وروزی میں فراوانی ہوگی اور بقیہ زندگی عیش وآرام سے گزرے گی۔

## میزان با عقرب:

اگر ایک شخص کا طالع میزان اور دوسرے کا طالع عقرب ہے اور یہ دونوں باہم دوستی کا رشتہ استوار کرنا چاہتے ہیں تو ان میں بہت جلد دوستی پیدا ہو جائے گی اور میل ومحبت بہت زیادہ پیدا ہو جائے گا۔ اس لئے کہ ان دونوں طالعوں میں باہمی میل ومحبت ہے عاملین اس باب میں ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ شخص جس کا طالع میزان ہے، بہت حیلہ جو اور فتنہ انگیز ہوگا۔ عیش وعشرت، ناچ رنگ کو بہت زیادہ پسند کرتے ہوئے دوست رکھے گا اور برخلاف اس کے وہ شخص کہ جس کا طالع عقرب ہوگا۔ بہت بہادر، جنگجو اور نڈر ہوگا۔ ان دونوں طالع والوں میں ایک بار لڑائی بھی جم کر ہوگی اور یہ لڑائی دونوں کے مابین جدائی کا سبب بنے گی۔ لیکن یہ جدائی عارضی ہوگی اور پھر میل وملاپ ہوجائے گا۔

## میزان باقوس

ایسے دو اشخاص خواہ وہ مرد ہوں یا عورتیں جن میں سے کسی ایک کا طالع میزان اور دوسرے کا طالع قوس ہو تو ان دونوں میں سازگاری اور محبت میانہ درجہ پر قائم ہوگی کبھی باہم خوش وخرم رہیں گے اور کبھی نوبت جنگ وجدل تک پہنچے گی اور اکثر ان دونوں میں جو جھگڑا وفساد پیدا ہوگا اس کی وجہ فتنہ پروروں اور چغلخوروں کی ریشہ دوانیاں ہوں گی جو شروع ہی سے ان کی درپے آزار ہوں گے لہذا ایسے طالع والوں کو اپنے دشمنوں سے اچھی طرح باخبر رہنا چاہیئے۔

## میزان باجدی

اگر کسی شخص کا طالع میزان اور دوسرے کا طالع جدی ہے اور وہ دونوں باہم رشتہ، دوستی قائم کرنا چاہتے ہیں تو اس بات کو یاد رکھنا چاہیئے کہ دونوں میں دوستی کبھی قائم نہیں ہوسکتی بجائے دوستی کے دشمنی پیدا ہوگی اس وجہ سے کہ دونوں ایک دوسرے کے ازلی دشمن ہیں۔ دونوں کے دلوں سے محبت ورفاقت مثل کاغذی پھولوں کے عنقا ہے۔ ایسے دو طالع والے اگر مناکحت کررہے ہوں تو ان کو اس رشتہ سے احتراز کرنا چاہیئے اور دوسرے جگہ نامہ وپیام کرنا چاہیئے اس لئے کہ یہ شادی ان کے لئے کبھی مبارک ثابت نہیں ہوسکتی۔ زندگی تلخ ہوکر رہ جائے گی اور خانہ بربادی کا سامان فراہم ہوکر اس میں دن بہ دن اضافہ ہوتا رہے گا۔

## میزان با دلو

جس کسی ایک شخص کا طالع میزان اور دوسرے کا طالع دلو ہوگا تو اگر ان دونوں میں دوستی ہوگئی تو دونوں اپنی اپنی جگہ پر حق رفاقت کے ادا کرنے کی توجہ خاص پوری پوری کوشش کریں گے، دونوں میں الفت ومحبت اس قدر ہوگی کہ دیکھنے میں ایک جان دو قالب نظر آئیں گے۔ ان دونوں میں کوئی اپنا راز ایک دوسرے سے مخفی نہ رکھے گا۔ دونوں ایک دوسرے کے راز کی حفاظت بھی کریں گے۔ اگر ایسے زن ومرد رشتہ ازدواج میں منسلک کردیئے جائیں گے تو یہ شادی فی الحقیقت مبارک ثابت ہوکر خانہ آبادی بن جائے گی۔ ان کو پروردگار عالم اولاد بھی خوش قدم اور بلند اقبال عطا فرمائے گا جن کی آمد سے ماں باپ کے چمن میں تازہ بہار آجائے گی۔ دولت وثروت میں اضافہ واسباب رزق کی فراہمی میں فراوانی ہوگی۔ دشمن زیر ہو جائے گا۔ شاہراہ ترقی کے دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔

## میزان باحوت

اگر ایک شخص کا طالع میزان اور دوسرے کا طالع حوت ہے تو محبت کے مدارج ان دونوں کے درمیان بدرجہ اوسط قائم ہوں گے، نہ بہت زیادہ نہ بہت کم، بہ نسبت میزان طالع والے کے حوت طالع والا جلد باز، عجلت پسند ہوگا جس کی وجہ سے اکثر مالی نقصان بھی پہنچے گا۔ حالانکہ میزان طالع والا کبھی کبھی موثر طریقوں سے اس کو نصیحت بھی کرتا رہے گا لیکن اس کے پند ونصائح بے سود ثابت ہوں گے اور بالآخر یہی نصیحت میزان طالع والے کی موت کا سبب بنے گی جو حوت طالع والے کی طرف سے وقوع پذیر ہوگی۔

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

## عقرب با عقرب

اگر کسی دو آدمیوں کا طالع عقرب ہی ہے تو دونوں میں میل و محبت بہت زیادہ ہوگی۔ دونوں ایک دوسرے کے والہ و شیدا رہیں گے۔ ہر کام کو میل و محبت کے ساتھ سوچ سمجھ کر انجام دیا کریں گے۔ جس کا بہتر نتیجہ برآمد ہوگا۔ ان دونوں طالع والے شخصوں میں نا اتفاقی کی صورت بہت کم نظر آتی ہے۔ بالکل یہی الفت و محبت ان دونوں زن و شوہر میں بھی ہوگی جن ہر دو کا طالع عقرب ہی ہوگا اور ایسے زن و شوہر کو خلاق عالم اولاد بلند قسمت و با حوصلہ عطا کرے گا۔ جن کی آمد سے روزی کا دروازہ مزید کشادہ ہو کر مال و دولت کی فراوانی ہوگی۔ زندگی کے ایام عیش و عشرت کے ساتھ گزریں گے' عسرت و تنگدستی کا قبضہ نہ ہو سکے گا۔ دشمنوں کو ان کے مقابلہ میں ہر مقام پر شکست ہو گی۔

## عقرب با قوس

اگر دو شخصوں میں سے ایک کا طالع عقرب اور دوسرے کا قوس ہو تو رفاقت اور دوستی کے سلسلے میں یہ دونوں باہمی بہت زیادہ الفت و محبت سے پیش آئیں گے ان دونوں کی محبت میں خلوص ہوگا' تصنع نہ ہوگا اور اگر ایسی دو ہستیاں زن و مرد کی زوجہ اور شوہر کی حیثیت میں تبدیل ہو جائیں تو ایسی ہی الفت و محبت کا طرفین میں اظہار ہوگا اور دونوں شاداں و فرحاں رہیں گے۔ لیکن اولاد بدقسمت اور نہایت ہی منحوس پیدا ہوگی جس کی طرف سے ان کو سختی پیش آئے گی۔ اولاد کی بد خصلتی کی وجہ سے خاندان بدنام ہوگا لہذا محب کم اور دشمن زیادہ ہوں گے۔ اعزہ بھی مخالفت پر اتر آئیں گے۔

## عقرب با جدی

اگر ایک آدمی کا طالع عقرب اور دوسرے کا جدی ہے اور دونوں باہمی خانہ دوستی یا ازدواجی رشتہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں تو دونوں میں باہمی میل و محبت بہت زیادہ ہوگا۔ تعلقات ہمیشہ خوشگوار رہیں گے' ناچاقی کی صورت نہیں پائی جاتی۔ اولاد باقسمت بلند حوصلہ نڈر اور بہادر پیدا ہوگی۔ عیش و عشرت کی زیادتی ہوگی اور اگر ایسے دو شخص شرکت میں کوئی کاروبار کریں گے تو اس تجارت کو زیاں نہ ہوگا کیونکہ دونوں ایک دوسرے سے مطمئن ہوں گے' ترقی کاروبار کے سلسلے میں دونوں میں سے کسی کے دل میں شک و شبہ کی گنجائش تک نہ رہے گی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## عقرب با دلو

اگر کسی ایک آدمی کا طالع عقرب اور دوسرے کا طالع دلو ہو اور وہ دونوں باہم ایک دوسرے کے رفیق و یار بننا چاہیں تو یہ سلسلہ زیادہ سودمند ثابت نہ ہوگا اس لئے کہ شروع شروع میں دونوں میں محبت و الفت تو ہوگی مگر اس میں استحکام نہ ہوگا اور اس کی وجہ وہ لڑائی اور جھگڑا ہوگی جو محبت پر ضرب لگانے کے لیے پیدا ہو چکی ہوگی۔ حالانکہ وہ وقتی ہوگی اور باہم صلح و صفائی ہو جائے گی۔ مگر وہ خلوص باقی نہ رہ جائیگا جو شروع میں پیدا ہوا تھا۔ اور یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ اس منزل پر دلو طالع والا آدمی عقرب والے کی طرف سے بہت زیادہ غافل رہے گا اور عقرب طالع والا آدمی بہت زیادہ مکار اور حیلہ جو ہوگا۔ ایسے طالع والے زن و شوہر کی اولاد باقسمت اور مبارک قدم ہوگی۔ ان کی آمد سے رزق و روزی میں اضافہ ہوگا' سامان عیش و عشرت کے بہم پہونچنے کی بھی قوی امید ہے۔ واللہ اعلم۔

## عقرب با حوت

اگر دو آدمیوں میں سے کسی ایک کا طالع عقرب اور دوسرے کا طالع حوت ہے اور دونوں باہمی رشتہ دوستی استوار کرنا چاہتے ہیں یا زن و شوہر کی حیثیت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ان کا یہ قدم مبارک ہوگا۔ دونوں میں میل ملاپ بہت زیادہ ہوگا۔ حق سبحانہ تعالی اپنے فضل و کرم سے اولاد بخت ور اور مبارک قدم پیدا ہوگی۔ اس آمد سے راحت و آرام کے سامان پیدا ہونے شروع ہو جائیں گے۔ رزق و روزی میں کشادگی ہوگی۔ البتہ والدین پر فرض ہو گا کہ وہ اپنی اولاد کو بری صحبتوں سے بچانے کے لیے مناسب اور ضروری تدابیر اختیار کریں ورنہ بدراہی بدقسمتی کا پیش خیمہ ہوگی۔ واللہ اعلم۔

## قوس با قوس

اگر دو مرد یا دو عورتیں یا زن و مرد کا ایک ہی طالع قوس ہے تو یہ ایک نہایت مبارک طالع ہے۔ ایسے دو آدمیوں میں دوستی و محبت کو بہت زیادہ عروج حاصل ہوگا۔ باہم شیر و شکر کی طرح گھل مل کر رہیں گے۔ ایک کو دوسرے سے کسی قسم کی ایسی شکایت نہ ہو جو باہمی شکر رنجی کا باعث بن سکے۔ لیکن فتنہ پردازوں سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے وہ ان میں بغض و عناد پیدا کرانے کی کوشش کریں گے۔ اور اگر وہ کامیاب بھی ہو گئے تو ایک معمولی حد تک لڑائی جھگڑا کر سکیں گے جو صلح و صفائی کے ساتھ ختم ہو جائے گا اور پھر وہی پہلی سی الفت و محبت طرفین میں عود کر آئے گی۔ ایسے طالع والے عورت و مرد کی شادی بہت مبارک ثابت ہوگی۔ زندگی خوشگوار گزرے گی البتہ ایسے طالع والوں کی اولاد رزق و روزی میں تنگدست رہے گی۔ واللہ اعلم۔

## قوس با جدی

اگر دو شخصوں میں سے کسی ایک کا طالع قوس اور دوسرے کا طالع جدی ہوگا تو ان دونوں میں چاہنے کے باوجود بھی موافقت نہ ہو سکے گی۔ ہمیشہ ایک دوسرے سے برسر پیکار رہے گا۔ کبھی لڑائی اور فتنہ و فساد ختم نہ ہوگا۔ اگر ایسے طالع والے زن و مرد شادی کے سلسلے میں منسلک کئے جائیں گے تو یہ شادی کبھی کامیاب نہ ہو سکے گی۔ گھر میدان جنگ کا نمونہ بن جائے گا۔ لہذا ایسے طالع والوں کو باہمی شادی کے خیال خام سے باز آ جانا چاہیئے۔ تاکہ ایام زندگی تلخی سے نہ گزر سکیں۔ واللہ اعلم۔

## قوس با دلو

free copy
khalidrathore.com

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

اگر دو آدمیوں میں سے ایک کا طالع قوس اور دوسرے کا طالع دلو ہے۔ اور یہ دونوں آپس میں میل جول پیدا کرنا چاہتے ہیں تو انہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ ان میں باہمی موافقت کبھی نہ ہو سکے گی۔ ہمیشہ ایک دوسرے کی مخالفت میں پیش پیش نظر آئیں گے۔ کاروباری شرکت بھی راس نہ آئے گی دلوں میں شکوک زیادہ پیدا ہوں گے جو باعث دشمنی مزید ہوں گے۔ ایسے زن و شوہر بھی خوشگوار زندگی بسر نہ کر سکیں گے۔ ہمیشہ تلخ کلامی و ترشروئی کا دار دورہ رہے گا۔ جس کی وجہ سے لڑائی کا زور شور رہے گا اس لڑائی جھگڑے سے ہمسایوں تک کی زندگی اجیرن ہو جائے گی۔ اور اخیر میں دونوں مستقل طور پر ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں گے۔ لہذا اگر ایسی شادی نہ ہو تو یہ امر دونوں کے حق میں بہت بہتر ہوگا۔

## قوس با حوت

اگر ایسے دو آدمیوں میں کہ ان میں سے ایک کا طالع قوس اور دوسرے کا طالع حوت ہے تو کبھی موافقت و رفاقت نہ ہو سکے گی۔ چغلخوروں کی چغلیوں اور فتنہ پردازوں کی ریشہ دوانیوں حاسدوں کے حسد سے ہمیشہ ایسے طالع والوں کے درمیان لڑائی جھگڑا پیدا کرانے کا سبب بنتے رہیں گے کبھی موافقت نہ ہونے دیں گے لہذا ایسے ناقص لوگوں سے کلیتاً دور رہنے کی ضرورت ہے تا کہ لڑائی جھگڑے سے محفوظ رہیں۔

## جدی با جدی

ایسے دو آدمی خواہ وہ دونوں مرد ہوں یا دو عورتیں یا ایک زن اور دوسرا مرد تو اگر ایسے لوگ باہمی رشتہ دوستی کو قائم کرنا چاہیں گے تو ان میں بہت زیادہ میل و محبت ارتباط و یگانگت پیدا ہوگی۔ جس کو لڑائی جھگڑا اور فتنہ و فساد کہتے ہیں وہ ان دونوں کے درمیان کبھی پیدا نہ ہو سکے گا۔ اگر دونوں کوئی کاروبار باہمی شرکت میں کرنا چاہیں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ نفع آور ہوگا۔ دونوں پر اعتماد ہوں گے۔ دونوں کبھی ایک دوسرے کو شکوک نگاہوں سے نہ دیکھیں گے اور اگر ایسی دو ہستیاں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوں گی تو ان کے باہمی میل و محبت اور حسن و انتظام سے گھر جنت کا نمونہ بن جائے گا۔ جذبہ ہمدردی سے دونوں کے دل بھرے ہوں گے۔

## جدی با دلو

اگر کسی ایسے دو آدمیوں میں سے کسی ایک کا طالع جدی اور دوسرے کا طالع دلو ہے اور دونوں باہمی رفاقت و موافقت چاہتے ہیں تو یہ اقدام بہت بہتر ہوگا اس لئے کہ دونوں میں میل و محبت بہت زیادہ ہوگی۔ ان دونوں کے درمیان شکر رنجی اور لڑائی جھگڑے کا کوئی سبب نظر نہیں آتا۔ ان دونوں کے درمیان شک و شبہ کا بھی گمان نہیں ہے۔ دونوں ہم نوالہ و ہم پیالہ رہیں گے اور ایسے مرد و عورت کی باہمی شادی اگر ہو جائے گی تو ان کی زندگی بڑے عیش و آرام سے گزرے گی اور ایسے شادی شدہ لوگوں کو بشرطیکہ وہ نیک اعمال ہوں پروردگار عالم اولاد بخت ور نیک قدم عطا فرمائے گا جس کی آمد کے دن ہی سے رزق و روزی میں کشادگی ہونا شروع ہو جائے گی اور صاحب دولت و نعمت ہوں گے۔

## جدی با حوت

اگر دو ایسے شخصوں میں کہ جن میں سے ایک کا طالع جدی اور دوسرے کا حوت ہو اور ان دونوں میں دوستی کا سنگ بنیاد رکھا جائے یا ایسے ہی طالع رکھنے والے زن و مرد اگر باہمی رشتہ ازدواجی میں منسلک کر دیئے جائیں تو ایسے لوگوں میں باہمی بہت زیادہ میل و محبت پیدا ہو جائے گی دوران زندگی ان لوگوں میں لڑائی تو کبھی نہ ہوگی البتہ لڑائی کا ریہرسل ایک آدھ مرتبہ ضرور ہوگا لیکن فوراً ہی صلح و صفائی ہو کر فریقن پھر باہمی شیر و شکر ہو کر مثل سابق اپنی زندگی خوشگوار طریقہ پر بسر کرنے لگیں گے۔ صاحب اولاد ہونے کے بعد زندگی شاہراہ ترقی پر یک بیک پلٹا کھائے گی۔ مال و دولت کی فراوانی اور رزق و روزی میں دن بہ دن اضافہ ہوتا جائے گا اور تنگدستی رخصت ہو جائے گی۔

## دلو با دلو

اگر کسی ایسے دو شخصوں میں سے کسی ہر دو آدمی یا زن و شوہر کا ایک ہی طالع دلو ہے تو معلوم ہونا چاہیئے کہ ان میں باہمی میل و محبت بہت زیادہ ہوگا ایک دوسرے سے اس طرح شیر و شکر ہو کر ملیں گے اور ایسے محبت بھرے عنوان سے میل و ملاپ ہو کر اس میں دن بہ دن ترقی ہوتی رہے گی کہ دیکھنے والے عش عش کریں گے اور اسی بڑھی ہوئی محبت کے پیش نظر ان میں لڑائی جھگڑا یا اختلاف رائے کبھی نہیں ہوگا۔ اولاد بھی سعادت مند پیدا ہوگی جس کی آمد سے راحت اور مسرت میں اضافہ ہوگا۔

## دلو با حوت

اگر کسی ایسے دو شخصوں میں سے کسی ایک کا طالع دلو اور دوسرے کا طالع حوت ہے تو ایسے طالع والے زن و شوہر میں میل و محبت پیدا کرانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر محبت و الفت نہ ہوگا۔ ہمیشہ نفرت و حقارت، فتنہ و فساد اور لڑائی جھگڑے کی حکمرانی ہوگی اور اسی وجہ سے دونوں کی زندگی تلخیوں سے بھری ہوگی۔ اختلاف آراء کے سبب تھوڑی سی بات بھی وجہ فساد بن جایا کرے گی۔

## حوت با حوت

اگر کسی ایسے دو شخصوں یا زن و شوہر کا ایک ہی طالع حوت ہو تو ایسی دونوں ہستیوں میں باہم میل و ملاپ بہت زیادہ ہوگا جو اپنی مثال آپ ہوگا اور جس کی تعریف دشمنوں کی زبان پر بھی جاری رہے گی ایسے لوگ لڑائی جھگڑے سے کوسوں دور رہیں گے تا زندگی نہ تو ان میں زبانی تکرار ہوگی اور نہ بدمزگی پیدا ہو سکے گی زندگی کے ایام پر مسرت طور پر گزریں گے ہر ایک دوسرے کے دکھ درد میں بہ صدق دل برابر کا شریک رہے گا۔

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# سورۃ فاتحہ و یٰسین سے مشکلات کا حل

## دشمن پر غلبہ کے لیے

جس کا دشمن کمینہ اور ظالم ہو ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو کسی بھی طرح راہ راست پر نہ آتا ہو تو اس پر غلبہ پانے کی غرض سے ہر روز نماز ظہر کے بعد چودہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن مغلوب ہوگا کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جُرات نہ کرے گا۔

## رزق میں زیادتی کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق زیادہ ہو اللہ تعالیٰ اسے بہت زیادہ عطا فرمائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ سورہ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ جب ایاک نعبد و ایاک نستعین پر پہنچے تو اس کی سات بار تکرار کرے۔ جب سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ چکے تو پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کے رزق میں خیر و برکت پیدا ہوگی اور رزق میں زیادتی ہونا شروع ہو جائے گی۔

## علوم میں کشائش کے لیے

اگر کوئی یہ خواہش اور شوق رکھتا ہو کہ اس کے علم میں اضافہ ہو تمام دینی و دنیوی علوم پر اسے دسترس حاصل ہو جس بھی علم کے بارے میں وہ مطالعہ کرے وہ علم اس کے ذہن و حافظے میں محفوظ ہو جائے اور جب بھی ضرورت محسوس ہو وہ علم اس کے لیے فائدہ مند ثابت ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز تہجد پڑھا کرے اور نماز تہجد کے بعد اکیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ قوی ہو جائے گا جملہ علوم دینی و دنیوی میں اس کو دسترس حاصل ہوگی۔

## پریشانی کے لیے

پریشانی کو دور کرنے اور قلبی سکون کے لیے سورہ فاتحہ باوضو حالت میں پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہوتا ہے۔ اگر کسی کو بہت زیادہ پریشانی ہو کسی طرح بھی تسلی سکون نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ وہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور پاک صاف پانی پر دم کرے۔ اس کے ساتھ ہی سورہ فاتحہ میں موجود اللہ پاک کے اسم حسنیٰ الرحمٰن کا نقش پاک صاف کاغذ پر لکھے اور اس دم کیے ہوئے پانی میں ڈال کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی رفع ہو جائے گی تین یا سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل تعالیٰ قلبی سکون ملے گا۔

## محبت کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ دوسرا اس پر فریفتہ ہو جائے دوسرے کے دل میں اس کی محبت و الفت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہو جائے گی اور اس کا دل طالب کی طرف مائل ہوگا۔ یہ عمل نیک اور جائز مقصد کے لیے کرنے کی اجازت ہے ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔ اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی ہو تو اس عمل کے ذریعے اسے محبت میں بدلا جا سکتا ہے یا پھر دو بھائی آپس میں خفا ہوں تو ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت پیدا کرنے کی غرض سے عمل کیا جا سکتا ہے اس مقصد کے لیے مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## پٹھوں کا درد

اگر کسی کے پٹھوں میں درد ہو اور دور نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ روغن

free copy
khalidrathore.com

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہو گئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

زیتون لے کر اس پر اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور دم کرنے یہ تیل مریض کو دے جس جگہ پر درد ہے وہاں اس کی مالش کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند بار مالش کرنے سے آرام آ جائے گا تین دن تک ہر روز مالش کرے بفضل باری تعالیٰ شفا ہوگی۔ اور درد رفع ہو جائے گا۔

## روزگار کے لیے

اگر کسی کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو کاروبار کے لیے سرمایہ نہ ہو ملازمت کا حصول ناممکن ہو کسی بھی طرح روزگار کا کوئی ذریعہ نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ چاند کے مہینے میں جب پہلا جمعۃ المبارک آئے تو فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس دن سے اس عمل کو شروع کرے یعنی جمعہ کے دن سے لے کر روزانہ بلاناغہ اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحم پڑھے اکتالیس یوم تک پڑھے سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یا رزاق کا ورد کرے پھر اللہ تعالیٰ سے روزگار کے حصول کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی کے اسباب بہت جلد پیدا ہو جائیں گے اور اسے کوئی اچھا سا روزگار کا ذریعہ نصیب ہو جائے۔

## اولاد کی زندگی کے لیے

اگر کسی کی اولاد پیدائش کے بعد تھوڑا عرصہ زندہ رہتی ہو تو اس کی زندگی کے لیے چاہیے کہ جب پیدا ہو جائے تو نیلے رنگ کا چار تار کا سوت لے اور اس کا دھاگہ بنائے اس دھاگہ پر اکیس گرہ لگائے اور ہر گرہ پر اکیس اکیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا دھاگہ بچے کے گلے میں تعویذ کی طرح ڈال دے بفضل باری تعالیٰ بچہ ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھیں گے اور بچے کی عمر طویل ہوگی۔

## دینی و دنیوی حاجت کے لیے

دینی و دنیوی حاجت روائی کی غرض سے سورہ فاتحہ کو اس ترتیب سے پڑھنا بھی جلد اثر دکھاتا ہے اس مقصد کے لیے یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے دینی و دنیوی کوئی بھی حاجت ہو اس عمل کی برکت سے پوری ہو جاتی ہے یہ عمل بھی چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو شروع کرے اور سات یوم تک بلاناغہ کرے پاکیزہ حالت میں صاف ستھرا لباس پہنے اور ہر روز ایک ہی وقت مقررہ پر پڑھے۔ وقت مقرر کر لے جس وقت کہ آسانی سے پڑھ سکتا ہے پڑھنے سے قبل اس بات کا دھیان رکھے کہ اگر دینی حاجت کے لیے پڑھ رہا ہے تو پھر قبلہ رخ ہو کر بیٹھے اگر دنیوی حاجت ہے تو اپنا رخ جنوب کی طرف کر کے بیٹھے توجہ اور یکسوئی کے ساتھ تنہائی میں بیٹھ کر پڑھے پڑھنے کے دوران کسی سے کلام نہ کرے اور نہ ہی کوئی دوسرا اس سے کلام کرے ایسی جگہ کا انتخاب کرے کہ جہاں پر کسی کی مداخلت کا امکان نہ ہو سورہ فاتحہ پڑھنے سے پہلے اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور جب سورہ فاتحہ مقررہ تعداد کے مطابق پڑھ لے تو پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے یعنی ہر روز سورہ فاتحہ کی آیت مبارکہ مقررہ تعداد میں پڑھنے کے لیے اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک ضرور پڑھے۔

اب اتوار کے دن انیس مرتبہ پڑھے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پھر پانچ سو مرتبہ پڑھے

**الحمد لله رب العالمين** اور ایک سو مرتبہ آمین کہے۔

اگلے روز پیر کے دن ۵۵۶ بار پڑھے۔

**الرحمن الرحيم** اور سو مرتبہ آمین کہے

منگل کے دن ۲۱۱ بار پڑھے

**مالك يوم الدين** اور سو مرتبہ آمین کہے

بدھ کے دن ۸۷۶ بار پڑھے

**اياك نعبد و اياك نستعين** اور سو مرتبہ آمین کہے

جمعرات کے دن ۴۰۰ بار پڑھے

**اهدنا الصراط المستقيم** اور سو مرتبہ آمین کہے

جمعہ کے دن ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھے

**صراط الذين انعمت عليهم** اور سو بار آمین کہے

ہفتہ کے دن ۷۴۰ مرتبہ یہ پڑھے

**غير المغضوب عليهم ولا الضالين** اور سو بار آمین کہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک ہفتہ کے اندر اندر جو بھی دینی و دنیوی حاجت یا مشکل ہوگی وہ حل ہو جائے گی۔ عمل مکمل کرنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔ حاجت روائی کے لیے یہ عمل بہت پُر اثر ہے اور جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔

00000

## سورہ یٰسین سے مشکلات کا حل

### موکل مطیع ہو

**سلام قولا من رب رحيم** کا پہلا کلمہ سلام کا موکل مطیع کرنے کی غرض سے یہ عمل نہایت کارگر ہے اگر کوئی چاہتا ہو کہ اس کا موکل مطیع ہو جائے اور جو وہ کام کہے کر کے لائے اور جب بلائے حاضر ہو جائے تو باوضو حالت میں اس کے اعداد کے مطابق یعنی اعداد کی تعداد ۱۲۱ کے مطابق چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد ہر روز پڑھنا شروع کرے اور چالیس یوم تک بلاناغہ توجہ و یکسوئی سے پڑھے انشاء اللہ اس کا موکل مطیع ہو جائے گا جو بھی جائز کام کہے گا کرے گا اس کو تمام چیزوں کی

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

حقیقت نظر آئے گی۔

## نسیان کو دور کرنا

نسیان کی بیماری میں حافظہ کمزور ہو جاتا ہے کوئی بات بھی یاد نہیں رہتی یہ ایک ایسا عارضہ ہے جس میں مبتلا ہونے والا بعض اوقات لوگوں میں بہت شرمندگی اُٹھاتا ہے مرض نسیان کو دور کرنے کا ایک شافی علاج ہے کہ سورہ یٰسین کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر زعفران ملے عرق گلاب سے لکھیں اور آب زم زم سے دھو کر شہد ملائیں اور مریض کو ہر روز پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد شفاء حاصل ہوگی۔

**انا نحن نحی الموتی ونکتب ما قدموا واثارھم وکل شیء احصینہ فی امام مبین ٥**

## حاجت روائی کے لیے

کوئی بھی ایسی جائز حاجت جو کسی بھی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو اپنی مقصد براری کے لیے باوضو حالت میں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں بیس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے اور شکر پر دم کرے ہر روز نماز فجر کے بعد یہ دم کی ہوئی شکر تھوڑی سی مقدار میں چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دیا کرے گیارہ روز تک بلاناغہ اس شکر کو چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں ہی حاجت روائی ہو جائے گی اور جس مقصد کے لیے عمل کیا ہے پورا ہوگا۔

## غیب سے روزی حاصل ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے غیب سے روزی حاصل ہو اللہ تعالیٰ ہر روز پردہ غیب سے اس کی مدد فرمائے اور روزی کا سامان حاصل ہوتا رہے تو وہ اول تو نماز پنجگانہ باجماعت کی پابندی کرے۔ اکتالیس یوم تک پاک و جائز کھانا کھائے مشکوک لقمے سے مکمل طور پر پرہیز کرے اس کے بعد چاند کے مہینے کے عروج میں جمعہ کی رات سے وظیفہ اس طرح سے شروع کرے کہ پہلے دن ستارہ وقت کا خوب جلائے آدھی رات کو بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ سلام قولا من رب الرحیم انتہائی توجہ و یکسوئی سے پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھے اکتالیس یوم تک مسلسل اس وظیفہ کو جاری رکھے درمیان میں کوئی ناغہ نہ کرے وظیفہ کے دوران ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ بغیر نمک کے روٹی نہ کھائے اس کے علاوہ اور کچھ نہ کھائے۔ البتہ میوہ جات یعنی فروٹ وغیرہ کھانے کی اجازت ہے اکتالیس دن کے بعد پردہ غیب سے ہر روز روزی کا سامان مہیا ہو جایا کرے گا۔ اس کو تین دن تک خیرات کرے اور پھر چوتھے روز سے اپنے کام لائے اس عمل کی زکوۃ سے کوئی آگاہ نہ ہو اور نہ ہی کسی کو کچھ بتایا جائے کہ آمدنی کہاں سے آ رہی ہے اگر کسی کو پتہ چل گیا یا کسی کو اس بارے میں بتا دیا تو پھر آمدنی بند ہو جائے گی۔ گائے کا گوشت، مچھلی اور انڈے سے ہمیشہ کے لیے پرہیز کرے ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ بکثرت پڑھے جس دن نہ پڑھے گا آمدن بند ہو جائے گی۔ غیب سے روزی حاصل کرنے کا یہ بہترین آزمودہ وظیفہ ہے۔

## فالج میں شفاء کے لیے

فالج اور لقوہ میں مبتلا مریض کو شفایاب کرنے کی غرض سے چند اشخاص جو نیک اور صاحب کردار ہوں باوضو حالت میں پاک صاف جگہ پر بیٹھیں اول و آخر ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھیں درمیان میں اکتالیس بار یٰسین، سورہ مزمل اور اکتالیس بار سورہ جمعہ پڑھیں اور خالص عرق گلاب پر دم کر کے مریض جو دوا استعمال کر رہا ہے اُس میں خوب اچھی طرح ملا کر مریض کو دوا پلائیں اس کے علاوہ اس کے تمام جسم پر جہاں مرض کے اثرات ہوں ملے۔ سات یوم تک ہر روز اسی طرح کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سات یوم میں شفائے کاملہ نصیب ہوگی اور مرض جاتا رہے گا مگر ہر روز یہ عمل باقاعدگی سے کیا جائے اور ہر روز تعداد کے مطابق پڑھائی کی جائے اور ہر روز نئے عرق گلاب پر دم کیا جائے بفضل باری تعالیٰ فالج اور لقوہ کا مرض اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کی برکت سے رفع ہو جاتا ہے اور مریض کو صحت حاصل ہوتی ہے۔

## کاروبار میں ترقی کے لیے

کسی کا کاروبار اگر اچھا بھلا چلتا ہوا رُک گیا ہو یا کاروبار بالکل چلتا ہی نہ ہو تو وہ جمعہ کے دن دو رکعت نفل نماز پڑھے اس طرح سے کہ سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین پڑھے اگر سورہ یٰسین پوری یاد نہ ہو تو اس کی تین یا تین سے زائد آیات مبارکہ پڑھے۔ پھر جب سلام پھیرے تو دیکھ کر تین مرتبہ سورہ یٰسین کی تلاوت کرے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے چالیس یوم تک جمعہ کے دن سے لے کر بلاناغہ ہر روز اسی طرح کرے انشاءاللہ تعالیٰ کی طرف رزق کا دروازہ کھل جائے گا کاروبار میں خوب برکت پیدا ہوگی اور رزق کی فراوانی ہو جائے گی۔

## حاجت روائی کے لیے

کوئی بھی ایسی جائز حاجت جس کے پورے ہونے کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اُس کو پورا کرنے کی غرض سے چاہیے کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ایک بار سورہ یٰسین پڑھے۔ اگلے دن مغرب کی نماز کے بعد پھر اسی طرح پڑھے ہر روز ایک مرتبہ سورہ یٰسین کی پڑھائی ہو جائے گی اس کے بعد اگلے روز انتالیس بار پڑھے اسی طرح ہر روز ایک بار کم کرتا جائے جس دن ایک بار پر آ جائے پھر اس ایک بار پر ہمیشگی اختیار کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس چلہ کے اندر حاجت پوری ہو جائے گی۔

## روزی میں برکت

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

رزق میں برکت اور فراوانی کے لیے جو کوئی پہلے سورہ یٰسین کی زکوۃ دے کر جب بھی پڑھ کر دعا مانگے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں برکت پیدا فرمائے گا اور اس کی روزی فراخ فرما دے گا کسی کا دنیا میں محتاج نہ رکھے گا۔ پردہ غیب سے اس کی مدد کرے گا اُس کو کبھی بھی رزق کی کمی کی شکایت نہ ہوگی۔ اس مقصد کے لیے اس کو اس طرح وظیفہ عمل میں لانا چاہیئے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں ترک حیوانات کرے یعنی گوشت' مچھلی' انڈا' لہسن اور پیاز نہ کھائے۔ جھوٹ سے پرہیز کرے۔ حسد' غیبت اور چغلی نہ کرے۔ برائیوں سے ہر ممکن طور پر اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرے۔ ہر روز اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر بار سورہ یٰسین پڑھے اگر اس قدر نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر اکیس بار پڑھ لے پڑھتے وقت باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور احرام کی طرح بغیر سلا ہو کپڑا پہن کر ننگے سر پڑھے اکیس یا چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ پڑھے۔ زکوۃ کے بعد ہر روز نماز فجر کے بعد پانچ بار سورہ یٰسین پڑھا کرے اگر فجر کی نماز کے بعد پانچ مرتبہ نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھ لے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عجیب کیفیت اس کے مشاہدہ میں آئے گی مخلوق میں سے کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ عامل ہو کر جب بھی کوئی جائز دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ سورہ یٰسین کی برکت سے قبول فرمائے گا اگر کوئی مشکل بھی پیش آئے گی تو وہ بھی اس سے دور ہو جائے گی غرضیکہ اس کے سب کام آسان ہو جائیں گے۔

## مسان دور کرنا

اگر کسی حاملہ عورت کا بچہ ولادت کے بعد مسان کے حملہ کا شکار ہو جاتا ہو اور اس کا علاج کرانا بہت سی پریشانیوں کا باعث بنتا ہو تو ایسی صورت حال سے بچنے کے لیے قبل از وقت ہی بچاؤ کر لینا بہتر ہوتا ہے اس مقصد کے لیے ڈیڑھ میٹر نیلے رنگ کا سوت لے کر جو کہ اکتالیس تار کا ہو اس پر باوضو حالت میں تین بار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور ہر مبین پر گرہ دے کر دم کرتا جائے اس عمل کو اتوار کے دن کرے اور اُسی دن اس دھاگے کو حاملہ عورت اپنی کمر میں باندھ لے اور وہ عورت ہمہ وقت اس کو باندھے کسی بھی وقت اپنے سے الگ نہ کرے پھر جب بچے کی ولادت ہو جائے تو اسی دھاگے کو اتار کر بچے کے گلے میں ڈال دے اس عمل کے باعث سورہ یٰسین کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان کے مرض سے محفوظ رہے گا اور نارمل انداز میں بچے کی ولادت ہو جائے گی۔

## احتلام سے بچاو

عام طور پر اکثر نوجوانوں کو سونے کی حالت میں خواب میں احتلام ہو جاتا ہے بعض اوقات تو آئے دن اس کی شکایت ہو جاتی ہے۔ جس کے باعث صحت بھی خراب ہو جاتی ہے جب کسی طرح آرام نہ آئے تو چاہیئے کہ جس کو خواب میں احتلام ہوتا ہو وہ ہر روز سونے سے پہلے باوضو حالت میں ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر سویا کرے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام کے عارضہ سے محفوظ ہو جائے گا۔

## دشمنوں میں جدائی ڈالنا

اگر کسی کے دشمن باہم مشورہ کر کے اُس کو جانی یا مالی نقصان پہنچانے کے درپے ہوں اور کسی طرح بھی باز نہ آتے ہوں اور یہ بات ضروری ہو جائے کہ اگر دشمنوں کے درمیان آپس میں جدائی ڈال دی جائے تو اس صورت میں وہ دشمنی کرنے اور نقصان پہنچانے سے باز آ سکتے ہیں تو پھر باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک **اللهم صلى على سيدنا محمد سيد القاهرين على اعداءِ رب العلمين** پڑھے اس کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر سورہ یٰسین اور آیت مبارکہ **قطع دابر القوم الذين ظلموا والحمد لله رب العلمين**......... پڑھ کر اپنی ہتھیلی زمین پر مارتے ہوئے دشمنوں کا نام اور اُن کی ماؤں کا نام لے اور تین بار آمین کہے اس کے بعد پھر شروع سے سورہ یٰسین پڑھے اور ہر مبین پر اسی طرح سے ان الفاظ کو ادا کرے جبکہ ہر مبین پر سورہ یٰسین شروع سے پڑھتا ہوا آخری مبین تک جائے اور تمام کرے اس کے بعد آخر میں پھر اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی نتیجہ اس کے سامنے آ جائے گا اور دشمنوں کے مابین جدائی واقع ہو جائے گی جس سے اُس کی پریشانی رفع ہو جائے گی اور وہ سکون محسوس کرے گا۔


## شرف مشتری

زندگی میں چند بار ہی شرف مشتری سے فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملتا ہے کیونکہ تقریباً ۱۲ سال کے بعد یہ وقت آتا ہے۔ شرف مشتری کے دوران حصول دولت' مالی معاملات میں استحکام' خوش حالی' روپے کی فراوانی' کاروبار و تجارت میں برکت و اضافے' جائیداد کے حصول' آرام دہ زندگی' عمومی خوش قسمتی' روپے کا حصول بذریعہ لاٹری' ریس اور ایسے دیگر ذرائع سے۔ مالی مشکلات سے نجات' خاتمہ غربت وغیرہ۔

**2001 میں مشتری حالت شرف میں آرہا ہے**

**ھدیہ** کاغذ پر ۶۰۰ روپے۔۔۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے۔۔۔
سونے پر ۶۰۰۰ روپے

# بارہ مصالحے سولہ سنگھار

## تبسم نبوی

اللہ تعالی کی بے پایاں رحمت، کرم اور بخشش پر تبسم

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں۔ انہوں نے وضو کے لیے پانی منگوایا تین تین دفعہ کلی فرمائی' ناک میں پانی ڈالا پھر چہرہ دھویا سر اور پاؤں پر مسح فرمایا۔

(ترجمہ) پھر انہوں نے تبسم فرمایا اور ساتھیوں سے کہا تم نے مجھ سے تبسم کی وجہ کیوں نہ پوچھی؟

ساتھیوں نے عرض کیا

(ترجمہ) اے امیر المومنین آپ کے تبسم کی کیا وجہ ہے؟

انہوں نے فرمایا

(ترجمہ) میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مقام کے قریب وضو کے لیے پانی منگوایا اور وضو فرمایا جس طرح میں نے وضو کیا ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے مجھ سے مسکرانے کی حکمت نہیں پوچھی؟

صحابہ نے عرض کیا

(ترجمہ) یا رسول اللہ آپ کے تبسم فرمانے کی وجہ کیا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

(ترجمہ) مجھے اس چیز نے ہنسایا ہے کہ بندہ جب وضو کرتے ہوئے چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرہ کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اس طرح بازوؤں' سر کے مسح اور قدموں کا معاملہ ہے یعنی ان سے گناہ ساقط کر دیئے جاتے ہیں۔

00000

## ایڑی کا درد

کچھ لوگوں کو خاص طور پر جسمانی طور پر فربہ اندام خواتین کو کسی ایک یا دونوں ایڑیوں میں درد رہنے لگتا ہے۔

**وجہ:** ایڑی کی ہڈی میں سوجن کی وجہ سے ہڈیوں کی شکل بگڑ جانے کی وجہ سے یہ درد رہنے لگتا ہے۔

**تدارک:** ایڑیوں کے درد کو دور کرنے کے لئے آکاش بیل کے پانی کا سینک مفید ہے۔ آکاش بیل کو امر بیل بھی کہا جاتا ہے یہ کئی پودوں اور درختوں پر پھیلی ہوئی بغیر جڑ بغیر پتوں کے پتلے پیلے تاروں کی طرح ہلکے سبز اور زرد پتوں کی بیل ہوتی ہے۔

**طریقہ استعمال:** کسی برتن مین پانچ چھ گلاس پانی ڈال کر اس میں مٹھی بھر آکاش بیل کا گودہ ڈال کر اچھی طرح ابال لیجیے۔ اس ابلے ہوئے ہلکے گرم پانی میں پیر رکھ کر بیٹھ جایئے۔ پانی اتنا ہو تا کہ ایڑی کے اوپری حصہ تک آ جائے۔ اس سے دن میں ایک دو بار سینک کیجیے۔ اس پانی کو دو تین دن دوبارہ ابال کر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

جو خواتین اونچی ایڑھی کا جوتا پہنتی ہیں اس سے بھی ایڑی کمر اور ٹانگوں میں درد ہوتا ہے۔ اس لیے اس عذاب سے نجات پانا اس درد سے آرام پاتا ہے۔

00000

## ہاتھوں کی صفائی اور ملائمت

سردیوں کے دنوں میں ہاتھ عموماً پھٹ جاتے ہیں۔ ہاتھوں کے پھٹ جانے والی موسمی بیماری کو دور کرنے کے لئے انڈے اور پھٹکوی کو پیس کر لگائیں یا رات کو سوتے وقت دودھ کی بالائی کی مالش کریں انڈے کی سفیدی اچھی طرح کسی کپ میں پھینٹ کر ہاتھوں پر ملیں اور آدھے گھنٹے بعد ہاتھ دھولیں۔ اس سے ہاتھ ملائم ہو جاتے ہیں۔ لیموں کا رس اور گلیسرین کو ملا کر ہاتھوں پر لگائیں پھر ہاتھ دھوئے بغیر سو جائیں صبح اٹھتے ہی ہاتھ اچھی طرح دھولیں اور طرح ہاتھ نرم اور ملائم ہو جائیں گے۔ ہاتھوں پر ٹماٹر کے ٹکڑے ملنے سے بھی ہاتھ نرم ہو جاتے ہیں۔

00000

**حضرت یعقوب بصریؒ** ایک مرتبہ جب آپؒ حرم شریف میں تھے' دس دن تک بھوکے رہے۔ یہاں تک کہ جسم میں شدت کے ساتھ کمزوری طاری ہونے لگی۔ تب آپؒ کے دل میں یہ خواہش پیدا ہونے لگی کہ جنگل میں جائیں شاید وہاں کھانے پینے کی کوئی چیز دستیاب ہو سکے۔ اس ارادے سے آپؒ جنگل میں نکل گئے۔ وہاں پہنچ کر آپؒ کی نگاہ

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

ایک جگہ گلے سڑے ہوئے شلجم پر پڑی۔ آپؒ نے اسے اُٹھالیا۔ لیکن اس عمل سے دل میں ایک عجیب سا اضطراب اور بے چینی سی پیدا ہوئی۔ یوں محسوس ہوا جیسے کوئی آپؒ سے کہہ رہا ہو۔

"اے یعقوب بصریؒ تم دس روز تک بھوکے رہے' آخر تمہار حصہ یہ سڑا ہوا شلجم نکلا"

آپؒ نے وہ شلجم اسی وقت زمین پر پھینک دیا اور خدا کی رضا پر راضی رہتے ہوئے مسجد الحرام میں تشریف لے آئے اور بیٹھ رہے۔ تھوڑی دیر گزری ہوگی کہ اچانک ایک شخص داخل ہوا اور آپؒ کے قریب آ کر بیٹھ گیا۔

اس نے اشرفیوں سے بھری ہوئی ایک تھیلی نکالی اور آپؒ کو پیش کرتے ہوئے بولا کہ یہ خصوصی طور پر آپؒ کے لیے ہے۔ آپؒ نے دریافت فرمایا کہ میرے لئے خصوصی طور پر کیوں؟ اُس نے جواب دیا کہ ایک روز دریا میں سفر کر رہا تھا اور میری کشتی طوفان میں آ پھنسی تھی۔ کشتی میں ایک شخص نے یہ دعا کہ اگر خدا ہمیں غرقابی سے نجات دے تو اس کی راہ میں ہم کچھ خیرات کریں گے۔

میں نے بھی یہ منت مانی تھی کہ اگر خدا نے میری جان بچالی تو میں پانچ سو اشرافیاں خیرات کروں گا اور مسجد حرام میں جس شخص پر سب سے پہلے میری نظر پڑے گی اسی کو دوں گا۔ آپؒ چونکہ سب سے پہلے ملے اس لیے یہ آپؒ کی نذر ہیں۔

آپؒ نے جب تھیلی کھولی تو اس میں اشرفیوں کی بجائے میدے کی روٹی' مصری اور بادام نکلے۔ آپؒ نے اس میں سے ایک مٹھی خود لی اور باقی اسے واپس کرتے ہوئے کہا کہ اسے جا کر اپنے بچوں میں تقسیم کر دے۔ پھر اپنے نفس سے فرمایا "اے نفس تیرا رزق تیری طرف خود چلا آرہا ہے اور تو اُسے جنگل میں جا کر ڈھونڈتا ہے"۔

00000

## دنیا

حضرت شفیق بلخیؒ ایک روز ایک قبرستان کے پاس سے گزرے' "ساتھوں سے فرمایا یہاں سب جھوٹے لوگ سوئے پڑے ہیں" ساتھی متعجب ہوئے اور بولے۔ "حضرت یہ کیسے؟ فرمایا "یہ لوگ زندگی میں کہا کرتے تھے کہ ہمارے پاس مال ہے اور ہمارا بال بچہ ہے' اگر یہ سب درحقیقت ان کی ملکیت ہوتے تو ان میں سے کسی ایک کو ہی اپنے ساتھ لاتے"۔

سکندر نے مرتے وقت حکم دیا کہ جب میں مرجاؤں تو میرے دونوں ہاتھ تابوت سے باہر نکال دینا' لوگوں نے پوچھا اس میں کیا حکمت ہے' اُس نے کہا' تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ میں جاتے وقت خالی ہاتھ جاتا ہوں'۔

ایک دفعہ ایک بادشاہ نے کسی درویش کو کہا کہ مجھے کچھ نصیحت کر' درویش نے کہا' کیا تم اپنے مال کو دوست رکھتے ہو' یا اپنے دشمن کو؟ بادشاہ نے کہا' اپنے مال کو' درویش بولے پھر یہ کیا معاملہ ہے کہ تم مال کو تو اس جہاں میں چھوڑتے ہو اور اپنے دشمن کو ہمراہ لے جاتے ہو۔ انصاف تو یہ ہے کہ دشمنوں کو یہاں چھوڑ' اور مال کو ہمراہ لے جاؤ۔

00000

## غذا سے علاج

### بے خوابی

اگر ہضم کی خرابی سے نیند نہ آتی ہو تو مریض کو ہلکی زود ہضم غذا سونے سے تین چار گھنٹے پہلے کھلائیں۔ اس تبدیلی سے مریض کو نیند آنے لگتی ہے۔

بعض اوقات گرم وخشک زہریلی دواؤں کا یہ اثر ہوتا ہے کہ مریض کی نیند موقوف ہو جاتی ہے' وہ تمام رات نہایت بے چینی کے ساتھ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر کاٹتا ہے اگر ایسے شخص کو بکری کا دودھ خاص ترکیب سے پلایا جائے تو یہ شکایت جاتی رہتی ہے۔

دودھ پلانے کا طریقہ ہے کہ بکری کے تازہ دودھ سات تولے میں شربت عناب ایک تولہ ملا کر پلائیں اور تین روز تک اسی طرح پلاتے رہیں۔ اس کے بعد ایک ایک تولہ دودھ اور تھوڑا تھوڑا شربت عناب اضافہ کرتے جائیں یہاں تک کہ دودھ کی مقدار 41 تولے اور شربت کی 4 تولے تک پہنچ جائے۔ اس کے بعد جس طرح اضافہ کیا تھا اسی طرح گھٹانا شروع کریں۔ یہاں تک کہ پہلی مقدار تک پہنچ جائیں پھر تین روز پلانے کے بعد چھوڑ دیں۔

### ضعف دماغ

ضعف دماغ کی شکایت میں گائے کا تازہ بہ تازہ دودھ مصری ملا کر پینا نہایت مفید ہے۔ اس کے علاوہ مغز بادام شیرین (چھلکا اتارنے کے بعد) دودھ میں پیس کر پئیں یا پانی میں پیس کر چھان کر استعمال کریں۔ دونوں صورتوں میں عجیب وغریب فائدہ ہوتا ہے۔

### مالیخولیا اور جنون

مالخولیا اور جنون میں 'بے خوابی' کے تحت بیان کئے ہوئے طریقے کے مطابق بکری کا دودھ پلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سر پر بکری کا دودھ دوہنا بھی نہایت مفید ہے۔

### لکنت

یہ مرض مغز بادام کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ روزانہ صبح و

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

شام پانچ سات عدد مغز بادام شیریں مصری کے ساتھ چبائیں۔

## سکروی

اس مرض میں مریض کے مسوڑھے پلپلے ہو جاتے ہیں اور ان سے خون اور پیپ بننے لگتا ہے' اس لئے اس مرض کو گوشت خورہ بھی کہا جاتا ہے اور یہ مرض عموماً ان لوگوں کو ہوتا ہے جو صرف غلے اور گوشت پر گزر اوقات کرتے ہیں۔ تازہ سبز ترکاریاں اور پھل ان کو میسر نہیں آتے ہیں یا دیدہ ودانستہ ان سے پرہیز کرتے ہیں یا کم کھاتے ہیں۔

تازہ تحقیق کے مطابق سبز ترکاریوں یا پھلوں کے نہ کھانے سے اس مرض کی پیدائش کا سبب یہ ہے کہ مریض ان چیزوں کے نہ کھانے سے وٹامن سی سے محروم ہو جاتا ہے اور اس وٹامن کے نہ ہونے یا کم ہونے سے یہ مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا مریض کو ایسی غذائیں دی جائیں جن میں وٹامن سی پائی جاتی ہو۔

## عمر معلوم کریں

جب اپنے دوستوں کو یہ ٹرک کھیل کر دکھائیں' تو ان کو مندرجہ ذیل حکم دیں:-

-1 اپنی پیدائش کے مہینے کا عدد دیکھ لیں۔
-2 اس کو 2 سے ضرب دے دیں۔
-3 اب حاصل ضرب میں 5 جمع کر دیں۔
-4 میزان کو 50 سے ضرب دے دیں۔
-5 اب اس میں جادوائی عدد جوڑیں۔ (یہ جادوائی عدد برس کے حساب سے بدلتا رہتا ہے)۔

1984ء میں یہ عدد 1434 ہوگا
1985ء میں یہ عدد 1435 ہوگا
1986ء میں یہ عدد 1436 ہوگا
1987ء میں یہ عدد 1437 ہوگا' اور اسی طرح یہ برس بڑھتا رہے گا۔

-6 اب میزان میں سے یہ برس گھٹا دیں' جب آپ پیدا ہوئے تھے۔ اس نتیجہ سے جو عدد آئے گا' اس کے آخری دو نمبر آپ کے دوست کی عمر بتائیں گے۔

ایسا کیسے ہوتا ہے:-

دراصل 1 سے لے کر 4 نمبروں تک آپ جو کچھ کرتے ہیں' اس سے آپ کے دوست مجبور ہو جاتے ہیں' کہ وہ ایسا عدد لائیں جس کا آخر 50 سے ہوتا ہو۔ جیسے ہی آپ کو وہ عدد ملتا ہے' آپ اس میں 'جادوئی عدد' جمع کر دیتے ہیں۔ جو حاصل آتا ہے' اس کے آخری دو نمبر چالو برس کو ظاہر کرتے ہیں۔ اب آپ آسانی کے ساتھ پیدائش کے برس کو اس میں سے گھٹا کر اپنے دوست کی عمر بتا سکتے ہیں' مثلاً:-

| | |
|---|---|
| دوست کی پیدائش کا مہینہ | 7 |
| 2 سے ضرب دیں | 14 |
| 5 جمع کریں | 19 |
| 50 سے ضرب دیں | 950 |
| اب جادوائی نمبر جمع کریں | |
| 1441 (اگر چالو برس 1991ء ہے) | 1441 |
| اب وہ برس گھٹا دیں جس میں آپ کا دوست پیدا ہوا تھا | |
| دوست کی عمر | 16 |

## ادائیگی قرض

چال نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

اصل نقش

واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۶۱ | ۹۴۷ | ۹۵۴ | ۹۵۷ |
| ۹۵۳ | ۹۵۸ | ۹۶۰ | ۹۴۸ |
| ۹۵۵ | ۹۵۲ | ۹۴۹ | ۹۶۳ |
| ۹۵۰ | ۹۶۲ | ۹۵۶ | ۹۵۱ |

بحق ایں کلام عاشق حسین بن ______ کے قرض کی ادائیگی کا جلد از جلد بندوبست ہو۔ العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا۔

نقش بازو سے باندھے یا گلے میں لٹکانے کے بعد روزانہ آیت مبارک ۷۸۶ مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا ہے۔ اور پھر اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے یا رحمٰن یا رزاق کا ورد جاری رکھنا ہے۔

نوٹ: میں نے تمام طریقہ کار اپنی طرف سے آسان طرح سے بیان کیا ہے۔ جن صاحب کو اب بھی کوئی مشکل پیش آئے تو وہ جناب قبلہ خالد اسحاق راٹھور صاحب سے رابطہ کریں۔ انشاء اللہ آپ کو بہتر مشورہ دیں گے۔ آخر میں آپ سے گزارش ہے کہ اس بندہ ناچیز کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیے

خالد روحانی جنتری 2001 شائع ہوگئی ہے۔ آج ہی طلب کریں

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

# برج عقرب

از : سمیعہ اسحاق راٹھور۔

| | |
|---|---|
| عرصہ | 21اکتوبر تا 20نومبر |
| حروف | ظ، ذ، ض، ز، ن |
| حاکم کوکب | پلوٹو ، مریخ |
| عنصر | آبی |
| ماہیت | ثابت |
| حصہ جسم | نظام ہضم |
| موافق دن | منگل |
| موافق نمبر | 9 |
| موافق رنگ | سرخ، سبز، نیلا |
| موافق پھول | گل دائودی |
| موافق شریک کار | ثور |
| موافق افراد | سنبلہ، قوس، جدی |
| ناموافق افراد | اسد، دلو |
| بائیو کیمک نمک | کلکیریا سلف |

## ظاہری شخصیت :

کوئی بھی عقرب فرد اپنے علامتی نشان بچھو کے ساتھ اپنے تعارف کو پسند نہیں کرتا، اگر اس کی شخصیت کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات ابھرتی ہے کہ ان کی آنکھیں مقناطیسیت اور خود اعتمادی کے ساتھ ساتھ شہوت سے بھی پر پائی جاتی ہیں۔ ان کی آنکھوں کی سحر انگیزی بہت مشہور ہے، دیکھنے میں یہ بہت سادہ نظر آتے ہیں لیکن حقیقتاً پر اسرار ، گہری اور پیچیدہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ بھرے بھرے ہونٹ، چھوٹی ناک اور گندمی رنگت کے حامل عقرب لوگ غور و فکر اور جدید خیالات کے علمبردار نظر آتے ہیں۔ اکثر اوقات عقرب کی کمر، بغل یا چھاتی پر تل ہوتا ہے۔ بلا کا اعتماد اور مضبوط انا عقرب کا خاصہ ہے۔ آپ نے اکثر عقرب افراد سے بات چیت کرتے ہوئے محسوس کیا ہوگا کہ وہ ہر شعبے میں اپنے علم کو مکمل ظاہر کرتے ہوئے، بحث کا آغاز مدہم اور نرم کرتے ہیں۔ لیکن ناکامی انہیں برہم اور تند و تیز آندھی بنا دیتی ہے۔ طاقتور جسم، تیکھے نقش و نگار، عموماً سیاہ بال، گہری آنکھیں اور مضبوط جسمانی ساخت کا احساس عقرب کو ہمیشہ احساس برتری میں مبتلا رکھتا ہے اور اکثر یہ احساس ان کے جذبات پر بھی حاوی نظر آتا ہے۔

## زندگی کے متعلق نقطہ نظر :

عقرب کو زندگی میں کامیابی آپے سے باہر نہیں کرتی وہ نفسیاتی طور پر بھی اپنے آپ کو متوازن رکھتا ہے۔ جذبات کا غلام نہیں ہوتا۔ کسی دوسرے کی خوشی یا غم عقرب کو سچ بات سے روک نہیں سکتا۔ عقرب بے مثال دوستی کے لیے مشہور ہے۔ جہاں پر رک جائیں وہاں سے ہلانا آسان نہیں ہوتا۔ عقرب کا سیارہ پلوٹو ہے جس سے بے پناہ قوت و توانائی کا اخراج خلاؤں کو پر کر رہا ہے۔ علوم نجوم میں دیکھا جائے تو انسانی شعور کی آخری سرحد پلوٹو کو کہا گیا ہے۔ اس سے یہ سمجھنا آسان ہو گیا ہوگا کہ عقرب لوگ اپنی زندگی میں حصول مقصد کے لیے کھوج در کھوج کا عمل اپناتے ہیں اور اس دوران ان پر یا ان کی وجہ سے بہت سے راز و نیاز افشاں ہوتے ہیں۔ یہ موت کی وادی میں رہ کر زندگی تلاش کرتے ہیں۔ اگر عقرب سعد حالت میں ہوں تو ریسرچ، سرجری، تجزیہ نگاری، ڈاکٹری، قانون دانی، اور سیاست میں کامیاب رہتے ہیں۔ نحس حالت میں اعصاب شکنی، خبط اور ہلاکت نفسی اور اندیشہ ہوتا ہے، عموماً عقرب معاشرہ میں اصلاح کے داعی، مذہب سے وابستہ نظر آتے ہیں۔

free copy
khalidrathore.com

آپ کا بہترین مستقبل ہمارا عزم** راہنمائی کے لیے آج ہی رجوع کریں

خالد روحانی جنتری شائع ہو چکی ہے

وہ نہیں بھی کسی فرد کے ساتھ ناانصافی نہیں چاہتے۔ مقصدیت ان کی زندگی کا اہم جز ہے۔

## پُر وقار اور سنجیدہ شخصیت :

عقرب کی وجاہت دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ انہیں اپنی ذات پر بھرپور اعتماد ہوتا ہے۔ اخلاقیات اور زندگی میں رشتوں سے وفاداری کے احساس سے باخبر ہوتے ہیں۔ بہت اچھی اور سنجیدہ گفتگو کرتے ہیں۔ دوسروں کے ساتھ ساتھ اپنی ذات کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔

## انتہاپسندی :

دولت، شہرت، محبت غرض کوئی بھی میدان ہو، حصول مقصد کے لیے عقرب حد سے گزر جاتا ہے، دوست ہے تو جان وارنے سے گریز نہیں کرے گا۔ دشمن ہے تو جان لینے اور فتح کی خاطر مر جانے سے نہیں ڈرے گا۔

## نشاۃ ثانیہ --- قائدانہ صلاحیتیں :

عقرب نشاۃ ثانیہ کے قائل ہوتے ہیں۔ بہترین قائدانہ صلاحیتوں کے مالک عقرب کو فتح کے خواب کے ساتھ ساتھ شکست کا خوف بھی بہت ستاتا ہے اور وہ ذہنی طور پر دباؤ کا شکار ہو جاتا ہے۔ ہر صورت میں شکست کو تسلیم کرنا اس کے لیے ناممکن ہے۔

## فکر انگیز پہلو :

سب سے پہلے بات یہ کہ زندگی کے ہر حصے میں ہر شعبے میں توازن کی ضرورت ہے، جس سے اکثر اوقات عقرب ہٹ جاتے ہیں۔ زندہ رہنے کے لیے انسان کو اپنے اردگرد کے لوگوں کے ساتھ چلنا پڑتا ہے۔ یہ رویہ بھی اچھا ہے کہ آپ لوگوں کو اپنے ساتھ چلانے کے قابل ہو جائیں لیکن اس کے لیے اعتماد بنیادی اہمیت رکھتا ہے، جو عقرب دوسروں پر کرنے سے کتراتے ہیں، اس لیے ممکن ہے ان کی قائدانہ صلاحیتیں، پُر وقار شخصیت وہ تبدیلی نہ لا سکیں جو یہ چاہتے ہیں کیونکہ دوسرا شخص بھی ان کے جذبات اور رویوں میں اپنے لیے سچائی تلاش کرتا ہے، اور عدم موجودگی اسے مایوس کر سکتی ہے۔ بیماری کے دوران تنہائی جلتی پر تیل کا کام کرتی ہے، اس لیے سب کے ساتھ بنا کر رکھیں۔ عقرب کے لیے ایک اور رویے میں تبدیلی ضروری ہے اور وہ ہے ہر پسندیدہ شے کا حصول، کسی بھی چیز سے اس قدر وابستگی کہ دوسرے پر اس کا حق یا بے مرادی کا خیال پریشان کر دے درست نہیں، روزگار یا روزمرہ کے کاموں میں اتنی محنت و لگن سے کام نہ لیں کہ صحت کو خطرہ لاحق ہو جائے۔ اظہار جذبات سے گریز اور اخلاقی جرات بھی مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔

## عقرب خواتین :

پراسرار مسحور کن حسن کی مالک ہوتی ہیں۔ اپنے بارے میں پر اعتماد اور مغرور بھی نظر آتی ہیں۔ اکثر عقرب خواتین کے دل میں مرد ہونے کی خواہش ہوتی ہے لیکن اس کا وہ کبھی بھی اظہار نہیں کرتی۔ یہ کسی بھی شعبے میں ناکام عورت کو پسند نہیں کرتی۔ رفیق زندگی کے ساتھ جذبہ برتری پر قابو رکھتی ہے۔ فلرٹ پسند نہیں کرتی اور آنکھوں ہی آنکھوں میں دوسرے کو پڑھنے کی کوشش کرتی ہے۔ محبت کرے تو سچی اور وفادار ثابت ہوتی ہے، لیکن نفرت و انتقام میں عقرب کا کوئی ثانی نہیں اور پھر انتقام بھی ایسا جو نہایت مہذب اور سبق آموز ہو۔ شریک حیات کی غلطی برداشت نہیں کرتی وہ اسے حاکم تصور کر سکتی ہے لیکن اپنی ذات پر نہیں صرف گھر کے لیے۔ اس کی ہر پریشانی اور خوشی میں برابر شریک ہوتی ہے۔ عقرب کی تخلیقی صلاحیتیں ہر میدان میں عمدہ نظر آتی ہیں وہ بذات خود معیار، کارکردگی اور نتائج میں مردوں سے کم رہنا نہیں جانتی۔ انفرادیت پسند ہوتی ہے، گھریلو بجٹ میں کنجوسی یا عیاشی کی بجائے توازن قائم رکھتی ہے۔ اور آخر میں سب سے اہم بات اعتماد کو ٹھیس پہنچنے کی صورت میں عقرب عورت کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ صرف ایک مرتبہ ہی معاف کر سکتی ہے۔

## عقرب مرد :

عقرب مرد کو ابتدائی عمر ہی سے اپنے سمارٹ اور دوسروں سے اپنی مرضی کے مطابق کام کروا سکنے کا احساس ہو جاتا ہے۔ اگر انہیں ایک بار چھیڑ دیا جائے تو ان کا مارا ہوا ڈنک نکالنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ ہر منصوبہ بندی اور اخلاقی ترقی پر یقین رکھتے ہیں۔ کسی حد تک کینہ و بغض کا شکار ہوتے ہیں۔ عقرب کے ساتھ وہی لوگ کام کر سکتے ہیں جو خود اسی جیسے جذبوں کے مالک

آپ کا بہترین مستقبل ہمارا عزم**راہنمائی کے لیے آج ہی رجوع کریں
خالد روحانی جنتری شائع ہو چکی ہے

ہوں۔ بظاہر پُرسکون و سرد لیکن اندر جذبات و احساسات کا لاوا ابلتا رہتا ہے۔ ایک ناقابل تسخیر آدمی۔ اس کو پہچان لینے والا آدمی اسے مل کر لطف محسوس کرتا ہے۔ لیکن اصل بات ہی یہی ہے کہ اسے پہچاننا بہت مشکل ہے۔ شکست اس کے لیے ناقابل قبول ہے۔ بدترین حالات بھی اس کے عزم اور قوت ارادی کو متزلزل نہیں کر پاتے۔ اور بعض اوقات دوسروں کے علاوہ اپنے اوپر بھی کڑی تنقید اس کے لیے ناکامی کی راہ حائل کر دیتی ہے لیکن وہ پھر بھی پیچھے نہیں ہٹتا۔ نفسیاتی دباؤ عقرب کو اذیت میں مبتلا رکھتا ہے۔ عجیب مافوق الفطرت چیز ہے کبھی دوسرے کے لیے مر جائے اور کبھی اسے اذیت پہنچا کر خوش ہو۔ عقرب ایک وفادار شوہر اور ذمہ دار باپ ثابت ہوتا ہے۔

### عقرب بچہ:

اپنی نظروں سے والدین کو اس کی خواہش پوری کرنے پر آمادہ کر لیتا ہے۔ اگر اس پر مثبت انداز پرورش غالب آئے تو وہ بہت مہذب و مودب انسان بنتا ہے، دوسری صورت میں بہت اکھڑ اور بدتمیز۔ والدین کی کمزوری بھانپ لے تو ہر بات میں من مانی کرے گا ورنہ ان سے ہر بات مان لے گا۔ طنز گو اور بے باک عقرب راز اگلوا لینے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ اپنی زندگی اور اشیاء دوسروں سے پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں اس لیے والدین کو چاہیے کہ انہیں الگ کمرہ یا تالے والی الماری مہیا کریں، ان میں ضبط اور صبر بہت پایا جاتا ہے۔ اپنی تکالیف اور پریشانیاں آخری حد تک والدین سے چھپائے رکھتے ہیں۔ ایذا پہنچانے والے ہم عمروں سے بدلہ لیے بغیر نہیں رہتے۔ دھن کے پکے، آگ اور دواؤں سے دلچسپی رکھنے والے اور جنس مخالف کی طرف راغب ہونے والے ہوتے ہیں لیکن اگر انہیں خاندانی عزت کا احساس دلا کر محبت سے سمجھایا جائے تو سمجھ لیتے ہیں۔ کیونکہ زیرک اور تیز فہم ہوتے ہیں۔ مقصد سیدھے راستے سے حل نہ ہو تو غلط طریقہ استعمال کرتے ہیں۔ پیار و محبت اور مناسب منصوبہ بندی کے تحت والدین و اساتذہ ان کی خامیوں کو دور کر کے انہیں اچھا انسان بنانے میں مدد دے سکتے ہیں۔

## برج عقرب کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

## برج عقرب برج حمل کے ساتھ

### عقرب عورت حمل مرد:

آپ دونوں میں بہت زیادہ اختلاف رائے ہے آپ تیز رفتاری میں حمل کا ساتھ دیتی ہیں تو اس کی مستقل مزاجی آپ کے آڑے آتی ہے۔ وہ حکم ٹھونسا چاہتا ہے اور آپ اپنی منوانا چاہتی ہیں۔ اگر دونوں اپنے اندر لچک پیدا کریں تو زندگی ہنسی خوشی گزر سکتی ہے۔

### عقرب مرد حمل عورت:

حمل کی عجلت پسندی اور اس پر تنقید سے باز رہیں۔ ممکن ہے وہ آپ کی بعض غلطیوں کو معاف کر کے سمجھوتا کر لے۔ اس کی ذہانت و حسن کو سراہتے رہیں۔ وہ آپ کی سچی محبت پا کر دنیا بھلا دے گا۔

## برج عقرب برج ثور کے ساتھ

### عقرب عورت ثور مرد:

ثور مرد کے ساتھ زندگی گزارنے کے لیے آپ کو حکمت عملی اختیار کرنی ہو گی۔ جس کے تحت آپ حق بالادستی سے دستبردار ہو جائیں تو گھریلو زندگی کے دلدادہ ثور کے ساتھ بہترین زندگی گزار سکتی ہیں۔

### عقرب مرد ثور عورت:

ثور کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائیں اور ایسا ہی معاملہ عقرب کے ساتھ بھی ہے۔ ناراضگی کی صورت میں ثور میکے چلی جانے والی نہیں بلکہ مذاکرات سے معاملہ نپٹانے والی عورت ہے۔ اسے گھر سے بہت محبت ہے۔

## برج عقرب برج جوزا کے ساتھ

### عقرب عورت جوزا مرد:

وجیہ و شکیل جوزا کو ایک جگہ پر بٹھانے کی کوشش نہ کریں وہ باغی ہو جائے گا۔ وہ آپ کو قدامت پسند سمجھتا ہے۔ سیر و سیاحت کی شوقین ہونے کی صورت میں جوزا آپ کو بور نہیں رہنے دے گا۔

free copy
khalidrathore.com
آپ کا بہترین مستقبل ہمارا عزم ** راہنمائی کے لیے آج ہی رجوع کریں
خالد روحانی جنتری شائع ہو چکی ہے

### عقرب مرد جوزا عورت :

جوزا کی دلچسپیاں آپ کے لیے باعث دلچسپی ہیں۔ وہ جلد ہی آپ کو سمجھ لیتی ہے۔ اور آپ کے مسائل حل کرنے میں ہر ممکن مدد کرتی ہے۔ اس کے نت نئے کاموں کو سراہیں وہ اچھی ماں اور بہترین بیوی ثابت ہو گی۔

## برج عقرب برج سرطان کے ساتھ

### عقرب عورت سرطان مرد :

سرطان کے تحمل مزاج اور باعمل ہونے پر اسے تنقید کی جائے حوصلہ دیں، وہ بہت حساس ہے، یقیناً وہ اپنی مصروفیات سے زیادہ آپ کو اور بچوں کو ترجیح دے گا۔ آپ اس پر مکمل اعتماد و بھروسہ کر سکتی ہیں۔ وہ آپ کو تحفظ مہیا کرے گا۔ بے وفا بھی نہیں ہے۔ آپ دونوں کی خوب گزرے گی۔

### عقرب مرد سرطان عورت :

عقرب صاحب ہر وقت ہر قسم کی صورت حال سے نبٹنے کے لیے تیار رہیں اور سرطان کو وقتاً فوقتاً اپنی محبت اور تحفظ کا احساس دلاتے رہے۔ وہ آپ کی محنت کی کمائی کو رائیگاں نہیں جانے دیتی۔ باوفا اور محبت کرنے والی بیوی ثابت ہوتی ہے۔

## برج عقرب برج اسد کے ساتھ

### عقرب عورت اسد مرد :

اسد کی مدد کو آپ آسانی سے سمجھ سکتی ہیں وہ محبت کا متلاشی ہے۔ اس کی خوشی کے لیے ایثار سے کام لے سکتی ہیں تو ٹھیک ورنہ پچھتاوے کا وقت بھی نہ ملے گا۔ وہ بالا دستی چاہتا ہے لیکن بہ حیثیت شوہر آپ کی ہر ضرورت کی تسکین اسد کے نزدیک اہم ہے۔

### عقرب مرد اسد عورت :

آپ کی زوجہ حسن سے مالامال ہے۔ جس کا انہیں بہ خوبی اندازہ بھی ہے۔ آپ کو کبھی کبھی حاسدانہ جذبات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان سے سمجھوتے کی عادت ڈال لیں۔ اسے تحفے دیں، فلم دکھائیں اور بھرپور توجہ دیں۔ وہ ایک مرتبہ آپ پر یقین کر لے۔ بس پھر کبھی آپ کا ساتھ نہ چھوڑے گی۔

## برج عقرب برج سنبلہ کے ساتھ

### عقرب عورت سنبلہ مرد :

سنجیدہ و خاموش طبع پُر وقار شخصیت کا حامل سنبلہ آپ کے حسن نہیں بلکہ ذہانت سے متاثر ہوتا ہے۔ سنبلہ معیار پر اترنے والی لڑکی کے حصول کے لیے بہت دیر سے شادی کرتے ہیں۔ اس لیے انہیں مایوس نہ کریں۔

### عقرب مرد سنبلہ عورت :

سنبلہ اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتی۔ بہت گرم جوش، ٹھوس کردار کی مالک ہے۔ اس کے سامنے کسی دوسرے عورت کا نام نہ لیں وہ آپ کو قتل تک کر سکتی ہے۔ قرب کی محبت اسے آپ کا وفادار رکھتی ہے۔

## برج عقرب برج میزان کے ساتھ :

### عقرب عورت میزان مرد :

میزان کی فطرت ڈپلومیٹک ہے وہ خوابوں میں غرق رہتا ہے۔ عقرب کو چاہیے کہ باہر آنے میں اس کی بھرپور مدد کرے۔ میزان آسائش تو چاہتا ہے لیکن آپ کے طرح محنت سے نہیں بلکہ جدو جہد کے بغیر۔ گھر کا انتظام عقرب اپنے ہاتھ میں رکھے تو بہتر ہے۔

### عقرب مرد میزان عورت :

میاں کے ٹھوس دلائل و نظریات آپ کی بہت سی مشکلات کا حل ہیں، میزان کو چاہئے کہ عقرب کی بیرونی سرگرمیوں پر تنقید نہ کرے۔ آپ کی محنت اور گھریلو سجاوٹ عقرب کو خوش کرتی ہے۔ آپ دونوں ایک خوشگوار زندگی گزارتے ہیں۔

## برج عقرب برج عقرب کے ساتھ

### عقرب عورت عقرب مرد :

آپ کا بہترین مستقبل ہمارا عزم** راہنمائی کے لیے آج ہی رجوع کریں
خالد روحانی جنتری شائع ہو چکی ہے

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

فطرتی طور پر آپ دونوں کے انداز زندگی متصادم ہیں، گھر کو چلانے کے لیے عقرب عورت کو مرد کی ہاں میں ہاں ملانی ہے۔ اس کے راستے میں کبھی نہ آئیں وہ باہر زیادہ خوش رہتا ہے لیکن اگر آپ سے محبت کا اظہار نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس کا دل آپ کے لیے محبت سے عاری ہے۔

## عقرب مرد عقرب عورت :

عقرب مرد کے لیے عقرب عورت کا جذبات میں تضاد، تصنع یا بناوٹ نہیں بلکہ حقیقت کا مظہر ہے۔ وہ آگ کا گولہ ہے۔ لیکن کسی بھی جھگڑے کو وہ گھر سے باہر نہیں جانے دیتی اور سب کے سامنے آپ کی عزت کا ہمیشہ بھرم رکھتی ہے۔

## برج عقرب برج قوس کے ساتھ

## عقرب عورت قوس مرد :

قوس کی عجلت پسندی باعث نقصان ہے لیکن اسے الزام نہ دیں وہ الٹا آپ پر تنقید شروع کر دے گا۔ اس کی ذہانت، تخلیقی صلاحیتیں اور مستقبل روشن کرنے کا خواب بہت بلند ہے۔ بس اسے سمجھنے کی کوشش کریں۔ پھر وہ ہر جگہ آپ کو اپنے ساتھ رکھے گا۔

## عقرب مرد قوس عورت :

عقرب صاحب قوس ایک مکمل قابل اعتماد شریک حیات ہے۔ وہ منہ پھٹ تو ہے لیکن آپ سے مکمل مخلص بھی۔ اسے کھیل کود اور تفریح کے مواقع فراہم کرتے رہیں۔ وہ اپنی ہر غلطی کا بلا جھجک اعتراف کر لیتی ہے اور آپ کی ہر بات پر یقین رکھتی ہے۔

## برج عقرب برج جدی کے ساتھ

## عقرب عورت جدی مرد :

جدی کی سستی اور خشکی آپ کے لیے باعث کشش تو نہیں لیکن وہ ہر کام مکمل کرنے کا عادی ہے۔ فضول خرچی باعث۔ جدی بہت کفایت شعار ہے اور آڑے وقت کے لیے پیسہ بچا کر رکھتا ہے۔

## عقرب مرد جدی عورت :

